معصومین کا فضل خلائق زمین و آسمان

کتاب

تحفۃ العوام

بار چہارم

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ میں طبع ہوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہے سزاوار حمد وہ معبود | جسکی طاعت مین سب ہین سربسجود | شکر اُس کا ہو کس زبان سے ادا
اُسنے کیا کیا نہ کچھ کیا پیدا | سے ملائک سے تا بجن و بشر | آسمان و زمین قضا و قدر
ہے صلوٰۃ و سلام کے لائق | وہ جو سب انبیا پہ ہے فائق | مرشد و فخر ہر نبی و ولی
یعنی حضرت محمدؐ عربی | ہو درود و سلام اُسپہ سدا | وہ جو تھا ناصر رسول خدا
مرتضےٰؑ وہ امام برحق ہے | مصطفےٰ کا وصیِّ مطلق ہے | آل احمدؐ پہ ہو درود و سلام
ہین جو ہر اک امام ابن امام | ایک کے بعد ایک تا مہدیؑ | سب ہین حجت خدا کے بعد نبی

پس معلوم کرنا چاہیے کہ ہر مکلّف پر واجب و لازم ہے کہ اپنے عقائد کو درست کرے یعنی اصول دین اور فروع دین اور نماز و روزہ دریافت کرے اور کتابین اس مقدمہ مین عربی و فارسی بہت ہین اُنہین سے یہ خلاصہ بزبان اُردو اس احقر حاجی حسن علی نے تالیف کیا کہ مردم عوام کو فائدہ ہو اور اعمال سال مع ضروریات کہ جسکی حاجت ہوتی ہے لکھے کہ مؤمنین کو آسانی ہو اور نام اس خلاصہ کا **تحفۃ العوام** رکھا اب خدمت برادران ایمانی مین بیدا الخلائق اذل الکونین **سید تصدق حسین** رضوی عرض کرتا ہے کہ بموجب حکم مالک مطبع دام اقبالہ مین نے اس کتاب کو بہت وسعت دی اور صدہا چیزین ضروری اضافہ کین چنانچہ ناظرین فہرست کتاب سے اور نیز بروقت مطالعہ خود

معلوم فرماینگے کہ کسقدر اضافہ ہوا ہی اور کیا کیا بکار آمد چیزین درج کی گئی ہین اگرچہ اسکی صحت مین احقر نے بڑا اہتمام کیا ہی تاہم عرض ہی کہ سہو و خطا پر عفو فرماوین مقدمہ حق سبحانہ وتعالی فرماتا ہی کہ اپنے تابعین کو معرفت تعلیم کرو پس والدین واسطے اولاد کے اس باب مین اولی ہین کہ جب لڑکا تمیز کو پہونچے اُسکو نام خدا اور رسول اور ائمہ ہدی صلوات اللہ علیہم کے سکھاوین اور جب سات برس کا ہو تب نماز تعلیم کرین اور جب نو برس گذرین اور نماز نہ پڑھے تو مارنا لازم ہی واضح ہو کہ مکلف کے معنی ہین تکلیف دیا گیا اور تکلیف شرع بعد بلوغ کے ہوتی ہی پس بلوغ مرد کی نشانی یہ ہی تین ہوتے ہین احتلام کا ہونا یا پیڑو کے نیچے بالون کا نکل آنا یا پندرہ برس کا پورا سن ہونا تینوں سے جو بات پہلے ہو جانے مرد بالغ ہو گیا اور عورت کے بلوغ کی نشانی یہ ہی خون حیض کا آنا یا پیڑو کے نیچے بالون کا نکل آنا یا نو برس کا سن پورا ہونا تینوں سے جو بات پہلے ہو جانے عورت بالغہ ہو گئی پس اول چاہیے مکلف کو کہ اصول دین دریافت کرے بعد اُسکے نماز اسلیے کہ پہلے ایمان حاصل ہوئے تب عبادت مین مصروف ہو اسواسطے ابتدا اصول دین سے کی جاتی ہی

باب پہلا - اصول دین مین

وہ پانچ مین توحید اور عدل اور نبوت اور امامت اور قیامت اور اسمین پانچ فصلین ہین **فصل پہلی** توحید مین اسمین دو مطلب ہین **مطلب اول** بیان مین صفات ثبوتیہ کے وہ آٹھ ہین کہ خدا کی ذات کے لائق ہین اول قدیم یعنی قدیم سے ہی اور ہمیشہ رہیگا دوم قادر ہی ہر چیز پر یعنی قدرت رکھتا ہی جیسے ایک اس عالم کو پیدا کیا ہی چاہے تو دوسرا اور پیدا کرے تیسرے عالم ہی یعنی جاننے والا ہی ہر چیز کا چوتھے حی یعنی زندہ ہی اور ہمیشہ زندہ رہیگا پانچوین مرید ہی یعنی صاحب ارادہ ہی اور جو چیز واقع ہوتی ہی اُسکے اختیار سے ہوتی ہی نہ از روے اضطرار کے جیسے کہ آگ جلانے کے وقت بے قابو ہو جاتی ہی چھٹے مدرک ہی یعنے دریافت کرنیوالا ہی ہر چیز ظاہر و باطن کا باوجودیکہ آنکھ اور کان نہین رکھتا ساتوین متکلم ہی یعنی پیدا کرنے والا بات کا ہی جس چیز سے چاہے چنانچہ درخت کو قدرت دی تھی کہ موسی علیہ السلام سے باتین کرتا تھا آٹھوین صادق ہی یعنے کلام خدا کا درست اور سچ ہی

صفات ثبوتیہ

ہیولا

دربیان صفات سلبیہ

مطلب دوسرا صفات سلبیہ مین کہ یہ خدا کی ذات پر لائق نہین ہین اوّل یہ کہ خداوند تعالے شریک
اور مثل اپنی ذات مین نہین رکھتا دوسرے مرکب نہین یعنی جسم اور عرض وجوہر سے نہین بنا ہی
مانند آدمی کے کہ آب وگل سے ترکیب پایا ہی تیسرے متحیز نہین ہی یعنی ایک جگہ اور ایک مقام مین
نہین ہی وہ اپنی قدرت کاملہ سے ہر جگہ حاضر وموجود ہی مخصوص کوئی مقام ومکان نہین رکھتا وہ
لامکان ہی چوتھے اُسکی ذات پر حلول روا نہین ہی اور حلول اُسے کہتے ہین کہ ایک چیز دوسری مین
سما جاوے جسطرح کہ آدمی کے بدن مین روح حلول کرتی ہی جب روح نکل جاتی ہی تب آدمی
مرجاتا ہی پس حق تعالی کے لیے یہ بات روا نہین ہی پانچوین خدا محل حوادث نہین ہی کہ احوال مختلف
رکھتا ہووے کہ پہلے اور طرح تھا بعد اُسکے اور طرح کا ہوگیا جیسے کہ جوان تھا بڈھا ہوگیا جاگتا
تھا سوگیا اِسکو حدوث کہتے ہین کہ ایک حال سے دوسرا حال ہوجاوے پس حق تعالی اِس عیب سے
بری ہی چھٹے مرئی نہین ہی یعنی خدا دیکھنے مین نہین آتا ہی نہ آئیگا نہ دنیا مین نہ عقبی مین ساتوین محتاج
دوسرے کا ذات اور صفات مین نہین ہی مثل مخلوق کے آٹھوین صفات زائد اُسکی ذات پر نہین
سب صفات عین ذات اُسکی ہین مثل اسکے کہ آدمی جب لکھنے لگا تب کاتب ہوا کتابت کا فن
اُسکی ذات سے زائد ہی پس خدا ایسا نہین ہی

بیان عدل

فصل دوسری عدل مین یعنے خدا عادل
ہی اور عدل کو حکم دیا ہی پس جو شخص جیسا فعل کرے گا ویسا بدلا اور نتیجہ پاویگا جو افعال نیک
کریگا ثواب اور مقام بہشت پاویگا اور جو اعمال بد عمل مین لائیگا تو داخل دوزخ ہوگا اور فعل
خداے تعالے کا سب موافق مصلحت اور حکمت کے ہی دروغ اور خلاف وعدہ کے اُس سے
واقع نہین ہوتا ہی اور ظلم اور فعل بد اُس سے صادر نہین ہوتا اُسنے خود ظالمون پر لعنت کی ہی اور
جو آپ ہی آدمی سے فعل بد کراوے بعد اُسکے دوزخ مین ڈالے تو عین ظلم اُسکی طرف عائد ہوتا ہی
معاذ اللہ پھر لعنت ظالمون پر کسواسطے کرتا پس جاننا چاہیے کہ بندہ اپنے فعل کا آپ مختار ہی بدی
بندہ ہی کی ذات سے ہی

بیان نبوت

فصل تیسری بیان مین نبوت کے مکلف اعتقاد کرے کہ سب انبیاء
خدا کی طرف سے خلق پر مبعوث اور مامور ہوے ہین اور سب برحق ہین اور جو کتابین اُنپر نازل

ہوئی ہین وہ سب خدا کی طرف سے ہین اور جو معجزات اُنکے ہاتھون سے واقع ہوے ہین سب صحیح
اور درست ہین اور وہ سب انبیا معصوم ہین یعنی اول عمر سے آخر عمر تک گناہ صغیرہ اور کبیرہ سے
عمدًا و سہوًا پاک اور منزہ ہین اور کوئی صفات بد اُنکی ذات مین نہین ہی مثل بغض اور کینہ اور کج خلقی وغیرہ کے
اور مرضون سے بھی وہ سب بری ہین کہ جو موجب نفرت خلائق ہو مانند کوڑھ و داغ سفید کے بدن مین
اور آندھا بہرا گونگا ہونا اور جو پیشہ برا رذالت کا ہی مانند حجامی و جولاہہ پن اور حمامی وغیرہ کے وہ سب
نہین کرتے اور کسی نبی سے کوئی خطا عمدًا اور سہوًا نہین ہوئی جو فریق کہ خطا کے قائل ہین وہ ایمان سے
بہرہ نہین رکھتے ہین اور جنکے پاس کتاب ہی وہ رسول ہین اور جنکے پاس کتاب نہین ہی وہ نبی ہین اُنھین
رسولونکی کتابون پر اُنکا عمل ہی اُن سب کے بعد جناب خاتم النبیین محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ اجمعین بیٹے
حضرت عبداللہ بیٹے حضرت عبدالمطلب بیٹے حضرت ہاشم بیٹے حضرت عبدمناف کے افضل و اعلے
ہین سب پیغمبرون سے دین اور قرآن اُنکا باطل اور منسوخ کرنیوالا ہی اَور دین و کتابون کا یعنے دین
حضرت کا ناسخ ہی سب دینون کا اور تا قیامت یہ دین ایک حال پر برقرار رہیگا **فصل چوتھی** بیان مین
امامت کے جاننا چاہیے کہ انبیا کی طرح سے امام بھی منصوص من اللہ ہین یعنے خدا کی جانب سے مقرر
ہوے ہین پس بعد جناب محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بے فاصلہ جناب علیؑ بن ابیطالب
علیہ السلام بحکم خدا وصی اور جانشین ہوے اور امام ہوے اوپر تمام مخلوقات کے بعد اُنکے
بیٹے اُنکے حضرت امام حسنؑ علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بھائی اُنکے حضرت امام حسینؑ علیہ السلام
امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام زین العابدینؑ علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے
اُنکے حضرت امام محمد باقرؑ علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام جعفر صادقؑ علیہ السلام
امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام موسیٰ کاظمؑ علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت
امام موسیٰ رضا علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام محمد تقیؑ علیہ السلام امام ہین بعد
اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام علی نقیؑ علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام
حسن عسکریؑ علیہ السلام امام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے حضرت امام محمد مہدیؑ علیہ السلام امام ہین

بیان امامت ائمہ اثنا عشر

ہے

پس یہ بارہ امام معصوم ہین اور جناب رسالت مآب اور جناب فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہما بھی دو معصوم
ہین انھین کو چہاردہ معصوم کہتے ہین اماموں مین سے گیارہ معصوم شہید ہوے اور جناب امام
محمد مہدی علیہ السلام بارھوین امام بسبب ظلم ظالمون کے بامر خدا غائب ہوسے اور زندہ ہین
جب مصلحت ہوگی خدا کی تب ظاہر ہونگے تمام عالم کو عدل سے معمور کرینگے بعد اسکے کہ ظلم سے
بھر گیا ہوگا اور سب امام مثل انبیا کے پاک و معصوم اور منزہ ہین عمداً اور سہواً کوئی خطا اُنسے صادر
نہین ہوتی اول عمر سے آخر تک اور تمام انبیا اور رسولون اور اوصیا کے مان باپ مؤمن اور
مؤمنہ ہین پس جس نبی اور وصی کا مان باپ مؤمن نہوگا وہ نبی اور وصی نہوگا جیسا کہ حضرت ابراہیم
خلیل اللہ کے باپ تارخ تھے آزر بت تراش نہ تھا بلکہ یہ آپکا چچا تھا چونکہ آزر نے حضرت ابراہیم کو
پالا تھا اور عرب لوگ چچا کو باپ کہتے ہین اس سبب سے کلام اللہ مین لفظ اَبٌ آیا ہی اور اسیطرح
جو نبی اور وصی عاصی و خاطی ہوگا وہ نبی اور وصی نہوگا اور اسی طرح وصی بھی چاہیے کہ معصوم ہو
اگر عاصی مقام نبی پر حکمرانی کرے وہ ظالم اور غادر ہوگا اور ایمان لانا رجعت پر بھی واجب ہی
یعنے جناب صاحب الامر علیہ السلام ظہور اور خروج فرمائینگے اُسوقت مؤمن خاص اور کافر
و منافق مخصوص سب زندہ ہونگے عالم کو پُر از عدل و داد کرینگے ہر ایک اپنی داد و انصاف کو
پہونچیگا اور ظالم سزا پائینگے

فصل پانچوین

بیان مین قیامت کے مراد قیامت سے یہ ہی
کہ خداے تعالیٰ خاک سے جسمون کو پیدا کریگا اور روحون کو اُسمین داخل کرکے زندہ کریگا مومن دیندار
داخل بہشت ہونگے اور جو کافر و بدکار ہی اُسے دوزخ مین جگہ ملیگی اور پہلی صور کی آواز سے مردے
قبر سے زندہ ہوکر نکلینگے دوسری آواز مین سب جاندار مرجائینگے سواے ذات خدا کے
کوئی باقی نرہیگا اور تیسری آواز مین صور کی پھر سب زندہ ہونگے حساب و کتاب سب کا ہوگا
اور بعد اسکے کبھی نہ مرینگے جو قابل بہشت ہی جنت مین رہیگا اور جو قابل دوزخ ہی جہنم مین
جلا کریگا اور جناب رسول خدا و ائمہ ہدی صلوات اللہ علیہم وقت موت اور قبر مین
ہر شخص کی تشریف لاتے ہین مؤمن کو بشارت آسانی موت کی دیتے ہین اور کافر و منافق کو شدت

عذاب وعقاب کی خبر دیتے ہین اور اسی طرح قیامت مین اپنے دوستون کی شفاعت کرینگے اور دشمنونکو
دوزخ مین ڈالینگے

باب دوسرا فروع دین کے بیان مین

جاننا چاہیے کہ فروع دین چھ ہین اوّل نماز دوم روزہ ماہ مبارک رمضان سوم زکوۃ چہارم خمس پنجم حج ششم جہاد اوّل چار چیزون کا بیان اس مختصر مین اپنی اپنی جگہ پر آویگا اور حج کے اعمال بہت طولانی تھے اسوجہ سے نہین لکھے گئے مگر حکم اسکا یہ ہے کہ مرد بالغ ہو اور عاقل ہو یعنے دیوانہ وغیرہ نہو اور آزاد ہو یعنی کسی کا غلام نہو اور قرضدار بھی کسی کا نہو اور مستطیع بھی ہو یعنے اسقدر مقدور رکھتا ہو کہ سواری پر جاوے اور آوے اور راہ کی آمد و رفت کا خرچ رکھتا ہو اور اہل وعیال کے خرچ کو بھی اسقدر دے جاوے کہ اسکے واپس آنے تک وہ خرچ کفایت کرے اسوقت حج واجب ہوتا ہے اور جہاد اس زمانہ مین مفقود ہے کیونکہ اسمین شرط ہے کہ امام کے ہمراہ یا امام کے حکم سے کافرون سے لڑے یا لڑنے جاوے اور تین شرطین اور بھی ہین یعنی بالغ اور عاقل اور آزاد ہو واضح ہو کہ عراق کے مجتہدین خصوصًا جناب سرکار میرزا محمد حسن شیرازی اعلی اللہ مقامہ کے نزدیک فروع دین دس ہین چھ تو یہی جو مذکور ہوے اور چار یہ ہفتم امر بالمعروف یعنے حتی الامکان لوگون کو اچھی باتون کا حکم کرے اور احکام خدا کی جسقدر اُسے معلوم ہون تعلیم دے اور پند ونصیحت کرے ہشتم نہی عن المنکر یعنی جہان تک ممکن ہو لوگون کو بُری باتون سے منع کرے اور عقاب خدا سے ڈراوے نہم تولا یعنے اہلبیت علیہم السلام سے اور اُنکے دوستون سے دوستی رکھے دہم تبرا یعنے اہل بیت علیہم السلام کے دشمنون سے اور اُنکے دشمنون کے دوستون سے دشمنی رکھے

باب تیسرا بیان مین نجاسات و مطہرات و غسل و وضو و تیمم کے

اسمین چار فصل ہین فصل پہلی بیان نجاسات و مطہرات مین معلوم کر کہ نجاسات دس ہین اوّل پیشاب دوسرے گوہ بشرطیکہ یہ دونون اُن حیوانون کے ہون کہ گوشت اُنکا نہ کھاوین اور خون جہندہ

حاشیہ: باب دوسرا — بیان فروع دین — باب تیسرا

رکھتے ہون تیسرے لہو یہ بھی اُن حیوانوں کا کہ جو خون جہندہ رکھتے ہون یعنی جنکا خون اُچھل کے رگ سے
نکلتا ہو خواہ گوشت اُنکا کھاوین خواہ نہ کھاوین لیکن لہو سواے خون حیض و استحاضہ و نفاس اور خون
نجس العین مثل کافر اور سگ و خوک کے بقدر درہم بغلی معاف ہی یعنی انگوٹھے کے اوپر کی پور کے
برابر اگر خون کپڑے یا بدن مین لگا ہو تو نماز پڑھ سکتا ہی مگر یہ خون بھی طاہر نہین ہی اور خون زخمون اور
دمل کا جب تک وہ موقوف نہو نماز مین معفو ہی **فائدہ** جو جانور حلال گوشت کہ بعد ذبح کے سرد
ہو جاوے پھر جو اُسکے گوشت مین سے خون نکلے وہ پاک ہی چوتھے منی نجس ہی پانچوین مردہ چھٹے مسکر
یعنی جو چیز کہ مست کرنے والی ہو اور اصل مین روان ہو مانند شراب وغیرہ کے ساتوین جو چیز کہ مُسکر کے
حکم مین ہو وہ فقاع یعنی بوزہ ہی اور شیرۂ انگور کہ جوش دیا ہو قبل اسکے کہ دو حصے اُسکے کم ہون یا سرکہ ہو جاوے
فائدہ بھنگ اور چرس اگرچہ کھانا پینا انکا حرام ہی مگر نجس نہین ہین آٹھوین کتا سواے سگ آبی کے
نوین سُوٗر سواے سور آبی کے دسوین کافر خواہ حربی ہو خواہ ذمی خواہ اہل کتاب ہوا **اور مطہرات**
یعنی جو پاک کرنے والے ہین نجس چیز کو وہ بارہ ہین اوّل پانی پاک و خالص دوسرے زمین وہ پاک
کرتی ہی تہ کفش و موزہ اور تلوار اور نوک عصا کو بشرطیکہ عین نجاست چھوٹ گیا ہو تیسرے آفتاب
وہ پاک کرتا ہی بوریا و حصیر و زمین نجس کو ہرگاہ اِنکو خشک کرے اور پاک کرتا ہی اُس چیز کو کہ قابل اُٹھانیکے
نہو مثل دیوار نجس اور درخت اور میوہ جو درخت پر ہو اُسوقت کہ وہ چیزین تر ہون اور آفتاب
اُنکو خشک کرے اور عین نجاست اُنمین باقی نرہا ہو پاک ہونگی مثلاً کسی چیز مین گوہ یا خون لگا ہو
جب تک کہ وہ دفع نہووے آفتاب کیونکر پاک کریگا مثلاً لڑکے نے حصیر یا زمین پر موتا ہو اور
غوطہ کرنا امکان نہین اُسپر پانی ڈالدے اور آفتاب اُسکو خشک کرے پاک ہو جائیگا چوتھے آگ
وہ پاک کرتی ہی نجس چیز کو مگر جب کہ وہ چیز جل کر راکھ ہو جاوے پانچوین استحالہ یعنی بدل جانا صورت
اور نام نجس چیز کا مثل اسکے کہ منی سے جب بچہ پیدا ہوا وہ پاک ہی اور خون کہ وہ پیپ ہو گیا پاک ہی
اور کتا نجس ہی جب نمک زار مین گرے اور نمک ہو جاوے پاک ہی چھٹے انتقال یعنے ایک جگہ سے
دوسری جگہ جاتا رہے مانند لہو آدمی کے جب کہ کھٹمل اور جون کے پیٹ مین جاوے اُسوقت پاک ہی

مگر جونک جو آدمی کا خون پیے اُس خون کی طہارت ثابت نہین ہی ساتوین انقلاب مانند اسکے کہ شراب سرکہ ہو جاوے آٹھوین نقص مانند شیرۂ انگور کے جبکہ جوش کھاوے تب نجس ہوتا ہی اور جب کہ دو حصے پکانے مین کم ہو جاوے پاک ہوتا ہی نوین اسلام کہ وہ پاک کرتا ہی کافر کو نجاست کفر سے جبکہ وہ مسلمان ہو جاوے پاک ہی دسوین زوال عین یعنے برطرف ہونا نجاست کا مانند اسکے کہ گھوڑے کے منہ مین لہو لگا ہو یا بعضے اعضا مین اُسکے لگا ہو پس ایک دفعہ وہ خون برطرف ہو جاوے اثر اُسکا نرہے تو پاک ہوتا ہی گیارھوین مسح بطاہر یعنی پاک چیز ناپاک جگہ پر لگنے سے پاک کرتی ہی جیسے جگہ جا ضرور کی ڈھیلے یا لتہ یا روئی یا پتھر کے تین مرتبہ پونچھنے سے پاک ہوتی ہی بشرطیکہ نجاست گرد و نواح مخرج کے بھری نہو لیکن وہ ڈھیلے یا لتہ یا روئی یا پتھر خشک و پاک ہون اور تین عدد ہون یہ نہین کہ ڈھیلہ تین کونہ کا ہو کہ یہ کافی نہوگا اور موضع بول کو بجز آب خالص کے اور کسی شے سے مثل کلوخ وغیرہ کے پاک کرنا حرام ہی بارھوین تبعیت ہی مانند اسکے کہ ایک شخص مسلمان کافر حربی کے لڑکے کو قید کر کے لاوے وہ لڑکا متابعت سے اُس مرد مسلمان کی پاک ہو جاتا ہی اور اسی طرح جب شیرۂ انگور جوش کھاوے نجس ہو جاتا ہی جب دو ثلث اُسکے پکنے مین کم ہو جاوین تب چپا اور دیگ اور رخت و بدن سب پکانے والے کا پاک ہو جاتا ہی **فائدہ** جھوٹا کل جانورون کا پاک ہی مگر شرط یہ ہی کہ اُنکے منہ مین نجاست خارجی نہ بھری ہو سوا ے کافر اور سگ اور خوک کے کہ انکا جھوٹا نجس ہی مگر چوہے کے جھوٹا کھانے سے نسیان کا عارضہ ہوتا ہی اور جو حیوان کہ حالت حیات مین خون جہندہ رکھتا ہو خواہ اُسکا گوشت حلال ہو خواہ حرام مگر جب اپنی موت سے مر جاوے تو جمیع اجزا اُسکے نجس ہو جاتے ہین مگر جن اجزا مین کہ درحالت حیات حس نہو مثل بال اور استخوان اور شاخ اور سُم کے کہ یہ پاک رہتے ہین مگر سگ و خوک و کافر کے اجزاے غیر حس بھی نجس رہتے ہین اسیطرح جانوران حلال گوشت کا بول و براز پاک ہی بشرطیکہ نجاست خارجی انسے ملحق نہو اور جانوران حرام گوشت کا بول و براز نجس ہی **فائدہ** چھوہارا اور کشمش کا حلوا مین پکتے وقت ڈالنا نزدیک جناب شیخ زین العابدین علیہ الرحمہ کے جائز ہی **طریق طہارت بآب قلیل** جس ظرف کو

طریق طہارت اشیاء نجس

کہ سگ یا خوک نے چاٹا ہوا اور اُسکو طاہر کرنا چاہین لازم ہی کہ اول اُس ظرف کو خاک طاہر سے ملین
بعدہٗ تین مرتبہ پانی سے دھوئین اور سات مرتبہ دھونا سنت موکدہ ہی اور اگر آب کثیر مثل آب روان
یا حوض کے ہو تو بعد خاک طاہر ملنے کے ایک مرتبہ پانی مین اُس ظرف کا ڈبونا کافی ہی اور اگر کوئی کپڑا
طفل شیرخوار کے بول سے نجس ہو گیا ہو بشرطیکہ وہ طفل پسر ہو اور دو برس سے اُسکا سن کم ہو اور
غذا اُسکی اکثر دودھ ہو تو اُس کپڑے پر ایک مرتبہ پانی ڈالنا کافی ہی اور کپڑے کو نچوڑنے کی بھی حاجت
نہین ہی اور سوائے طفل شیرخوار موصوف کے دو بار پانی ڈالین اور ہر مرتبہ کپڑا نچوڑین اور اگر سوائے
بول کے اور کسی نجاست سے نجس ہوا ہو تو بعد ازالۂ نجاست کے ایک مرتبہ پانی ڈالین اور ایک مرتبہ
نچوڑین اور آب روان و حوض مین بعد ازالۂ نجاست کے ایک مرتبہ ڈبونا کافی ہی نچوڑنا لازم نہین ہی
اور اگر مثل توشک و لحاف و تکیہ وغیرہ کے ہو کہ جنکا نچوڑنا مشکل ہو تو اُنپر پانی ڈالنا اور ملنا کافی ہی اور
جان تو کہ جب کوئی کپڑا نجاست رنگدار سے نجس ہو جائے مثل خون اور براز زرد رنگ وغیرہ کے
یا کچے رنگ مثل گیرو و نیل یا کسی چوہر وغیرہ کا رنگا ہوا کپڑا نجس ہو جائے تو اُس کپڑے کو اسقدر دھوئین
کہ اُسکا رنگ چھٹنا اُسوقت موقوف ہو جائے یعنی اُسکا ازالۂ نجاست یہی ہی بعدہٗ اُسکو طاہر
کر لین اب جو رنگ نجاست کا اُس کپڑے مین باقی رہگیا وہ پاک ہی رنگ بالکل برطرف کرنے کی
ضرورت نہین ہی اسیطرح نجاست کی بو باقی رہجانے مین بھی قباحت نہین ہی اگر دیگ یا خم وغیرہ کو
چاہین کہ آب قلیل سے طاہر کرین تو قدرے پانی اُسمین ڈالین اور اُس ظرف کو حرکت دین تاکہ
پانی اُسکے سب طرف مین پہونچ جاوے پھر وہ پانی پھینک کر دوسرا پانی اور ڈالین اور حرکت دیکر پھینکدین
تیسری دفعہ مین وہ ظرف پاک ہو جائیگا اور اگر دیگ یا خم زمین مین گڑا ہو تو اُسمین پانی ڈال کر ہاتھ سے
سب طرف پہونچا دین بعد اُسکے دوسرے چھوٹے ظرف سے وہ پانی نکال ڈالین اور تین مرتبہ
پانی ڈالکر یہی ترکیب کرین مگر اُس چھوٹے ظرف کو ہر مرتبہ طاہر کرتا جائے اور اپنے ہاتھ کو بھی
اور اگر کسی قدر پانی اُسکی تہ مین رہجائے اُسکو پاک لتہ سے اُٹھا لین اور اُس لتہ کو بھی ہر مرتبہ
طاہر کر لین یا بدل ڈالین اور اگر کپڑے متعدد نجس ہون اور چاہین کہ ایک ہی مرتبہ طاہر کر لین

تو بعد ازالہ نجاست کے کسی ظرف مین مثل لگن یا کٹھرے کے اُن کپڑون کو رکھکر پانی ڈالین اور مل کر اور نچوڑ کر پانی پھینکدین اسیطرح تین مرتبہ کرین طاہر ہوجائینگے مگر یہ شرط ہی کہ اول کپڑے رکھین بعد ازان پانی ڈالین نہ یہ کہ کٹھرے وغیرہ مین اول سے پانی بھرا ہو **وزن آب کُر** واضح ہو کہ بحساب سیر انگریزی کے جو اسّی روپیہ چہرہ دار کا ہوتا ہی آب کُر کا وزن دس من ساڑھے چودہ سیر ہوتا ہی اور من چالیس سیر کا مگر خیال رہے کہ پورے کُر بھر پانی سے نجس چیز طاہر نہین ہو سکتی اسلیے کہ ضرور ہی کہ کسی قدر پانی اُس نجس چیز مین رہجائیگا اور باقی پانی کم از کُر ہو رہیگا وہ خود نجس ہو جائیگا تو وہ چیز طاہر کیونکر ہوگی ہان اگر کوئی نجاست مثل بول وغیرہ کُر بھر پانی مین گرجائیگی تو وہ پانی پاک رہیگا اسلیے کہ اُسکی مقدار مین زیادتی ہوئی ہی نہ کمی پس چاہیے کہ کُر بھر پانی سے بہت زیادہ ہو تا کہ آب کثیر کا اُسپر اطلاق ہو سکے **فصل دوسری** بیان مین غسلون کے پس جاننا چاہیے کہ غسل واجب چھ ہین اوّل جنابت دوسرا حیض تیسرا نفاس چوتھا استحاضہ پانچوان مس میت چھٹا غسل میت پس غسل جنابت دو طرح سے حاصل ہوتا ہی ایک تو منی نکلنے سے جاگتے یا سوتے مین دوسرے جماع کرنا قُبل مین یا دبر مین اگرچہ انزال نہوا ہو اور اگرچہ بقدر حشفہ یعنے سر ذکر داخل ہوا ہو پس جسوقت جنب ہووے اُسی وقت غسل کرے اسواسطے کہ جب تک نجس رہتا ہی رحمت خدا سے دور رہتا ہی پس جبکہ ارادہ کرے غسل کا مکان مباح اور جاے پاک پر قرار لیوے اور آب پاک مباح و خالص بہم پہونچاوے پہلے نجاست اور چکنائی بدن سے دور کرے اور یہ امور واجب ہین پھر ہاتھونکو کُہنی تک تین مرتبہ دھووے تین مرتبہ کلّی کرے اور تین مرتبہ ناک مین پانی ڈالے اور یہ امور سنّت مین بعد اسکے نیت کرے کہ غسل جنابت کرتا ہون مین واسطے رفع حدث کے اور مباح ہونے نماز کے اور واسطے اُن چیزون کے کہ جو غسل سے مباح ہوتی ہین واجب قربۃً الی اللہ اور غسل جنابت مین اختلاف ہی بعضون نے لکھا ہی کہ واجب لنفسہ ہی یعنے جسوقت جنب ہو فوراً غسل کرے مگر فتوی اسپر ہی کہ واجب لغیرہ ہی یعنی واسطے نماز واجب کے واجب ہی مثل وضو کے پس اگر وقت نماز کا آگیا ہو یا اُسکے ذمہ کوئی نماز قضا ہو تو یہی نیت کرے جو ابھی مذکور ہوئی اور اگر ابھی وقت نماز

وزن آب کُر

بیان غسلہاے واجب

بعد از انزال

نہ داخل ہوا ہو اور اُسکے ذمہ کوئی نماز قضا بھی نہو اور چاہے کہ مین غسل یا وضو کر لون تو یہ نیت
کرے غسل جنابت یا وضو کرتا ہون مین واسطے رفع حدث کے قربۃً الی اللہ یعنی لفظ واجب نہ کہے
اور مباح ہونے نماز کا نام نہ لے پس یہ غسل اور وضو صحیح ہی سب کام اس سے کر سکتا ہی اور جب
وقت نماز کا داخل ہو تو نماز بھی پڑہ سکتا ہی اور واضح ہو کہ بعد غسل جنابت کے نماز کے واسطے وضو کرنا
حرام ہی اُسی غسل سے نماز پڑھے ہان اگر بعد غسل جنابت کے کوئی نواقض وضو مین سے سرزد ہو گیا ہو
مثل اسکے کہ ریح نکل گئی یا سُو گیا تو یہ غسل تو صحیح رہا مگر نماز کے لیے وضو کرنا لازم ہو گیا اکثر ناواقف
لوگ اعتراض کرتے ہین کہ جب غسل جنابت واجب لغیرہ ہی یعنی واسطے نماز واجب کے واجب ہی تو جو
شخص تارک الصلوٰۃ ہو یعنی نماز نہ پڑھتا ہو وہ چاہیے کہ غسل جنابت بھی نہ کرے اور اگر کرے تو
نیت کیا کرے کیونکہ وہ نماز تو پڑھتا ہی نہین جواب یہ ہی کہ جب نماز اُسکے ذمہ قضا ہی تو اُسکا ادا کرنا
بھی اسکے ذمہ واجب ہی اور اُس نماز کے ادا کرنے کے لیے غسل بھی واجب ہوا پس دونون
امر یعنی غسل کرکے نماز کا پڑھنا اُسپر واجب ہین اور نیت بھی غسل کی وہی ہی جو ذکر ہوئی اب اگر
یہ غسل کرے اور نماز نہ پڑھے یا غسل بھی نہ کرے یا دین اسلام ہی کو چھوڑ دے یا مرتد ہو جاوے
تو یہ جانے اور اسکا خدا پس نیت کرتے ہی فوراً سر و گردن کو داہنے ہاتھ سے تین مرتبہ دھووے
بعد اُسکے بدن داہنی جانب کندھے سے سر اُنگلیون تک پانون کی تین مرتبہ دھووے اسطرح
کہ پانی سب اعضا پر جاری ہو پھر بائین طرف کندھے سے سر اُنگلیون تک پانون کی تین مرتبہ دھووے
ناف اور آگا پیچھا دونون طرف سے پانی ڈالنے مین دھووے اور پانی بدن پر اسطور سے جاری
کرے کہ سب اجزاے بدن پر پہونچے اور پانون اُٹھاوے کہ نیچے بھی تلوون کے جاری ہو اور
اگر انگوٹھی چھلا پہنے ہو تو ہلاوے کہ پانی نیچے اُسکے پہونچے یا نکال رکھے اور اگر کان یا ناک مین
سوراخ ہون تو اُنمین بھی بذریعہ تنکے وغیرہ کے پانی پہونچاوین اور اس ترتیب کے غسل کو غسل
ترتیبی کہتے ہین اگر غسل ارتماسی کرے یعنی غوطہ لگا کے نہاوے پس بعد دور کرنے نجاست کے
کنارے حوض یا نہر کے قرار لیوے اور ایک جزو اعضاے بدن سے مقدم رکھے مثلاً اُنگلی

یا ایک پانون پیش کرے اور نیت کرکے اُس جزو کو داخل آب کرے اور باقی بدن کو بلا فاصلہ تابع
اُس جزو کے کرے پانی کے اندر جاوے اور پانون کو اُٹھا لے زمین سے کہ پانی نیچے تلوون کے
گذر جاوے بہتر ہو کہ غسل ترتیبی کو اختیار کرے کہ یہ سہل ہو اور اسمین خدشہ باقی نہین رہتا اور
درمیان غسل کے بسم اللہ الرحمن الرحیم کا کہنا ترک نکرے کہ شیطان دور ہوتا ہو اور غسل مین
موالات نہین ہو یعنی یہ ضرور نہین ہو کہ سر کے دھونے کے ساتھ ہی جانب راست بدن کو دھوئے
بخلاف وضو کے کہ اُسمین موالات ہو پس اگر سر و گردن کے دھونے کے بعد پہر بھر کے جانب
راست بدن کو دُھونے اور پھر اسکے بعد پہر بھر کے جانب چپ بدن کو دھوئے تب بھی غسل
صحیح ہو اور واضح ہو کہ غسل چاہے واجب ہو چاہے سنت ترکیب سب کی ایک ہی مگر نیت مین
فرق ہو جسطرح کا غسل ہوگا ویسی اُسکی نیت بھی ہوگی **احکام زنان** جاننا چاہیے کہ مرد و عورت
نیت مین غسل جنابت کی برابر ہین اگر غسل حیض و نفاس و استحاضہ ہو تو عورت نام اُسکا لیوے
اور اگر عورت کو غسل جنابت و حیض وغیرہ یکبارگی واقع ہون تو نیت جنابت کی کفایت ہو نام لینا
سب کا کچھ ضرور نہین ہو اسی طرح اگر مرد کو بھی غسل جنابت اور مس میت واقع ہون تو نام لینا جنابت کا
کفایت ہو اور جس ترتیب سے غسل جنابت ہو اُسی طرح سے غسل حیض کرے اور وضو
غسل حیض مین واسطے پڑھنے نماز کے واجب ہو احتیاط ہو کہ غسل سے پہلے وضو کرلے

احکام ایام حیض کم نہین تین دن سے دس سے زیاد + حیض کا خون اسکو رکھ تو یاد +
اور دس دن سے جو زیادہ ہو + وہ لہو خون استحاضہ ہو + کہتے ہین جننے کے لہو کو نفاس + دس دن
اکثر ہین اسکو کرلے قیاس + اور کمتر کی حد نہین اُسکے + پاک جب ہووے غسل وہ کرلے + ساتھ
جننے کے گر نہ دیکھے لہو + غسل واجب نہین یہ سُن لے تو + ہو لہو ساتھ جو ولادت کے + یا ولادت کے
بعد وہ آوے + واسطے اُسکے غسل ہو درکار + غور کر اُسکو دل مین ای دیندار + وقت مین درد کے
بلا وسواس + جو لہو آوے وہ نہین ہو نفاس + بلکہ وہ خون استحاضہ جان + یا کوئی اور عارضہ
پہچان + **مسائل احکام زنان در نظم** زن حائض کے سُن لے اب احکام + خط قرآن کا

احکام زنان

احکام ایام حیض

مس ہی اُسپہ حرام + اور نام خدا و نام رسول + اور ائمہ جو حق کے ہین مقبول + نہ لگا وے وہ اُنکے نام کو ہات + ہی حرام اُسپہ دل سے سُن یہ بات + اور پڑھنا بھی چار سورون کا + ہی حرام اُسپہ دون تجھے بتلا + ایک الف لام میم سجدہ ہی + دوسرا حم سجدہ ہی + اور والنجم تیسرا پہچان + چوتھا اقرأ باسم ہی توجان + اور حرام اُسپہ طوف کعبہ ہی + جسطرح سے نماز و روزہ ہی + اور مسجد مین اُسکا کرنا قرار + ہی حرام اُسپہ یاد رکھ ہشیار + اس سوا اور غسل کی حاجت + جبکی ہو اُسکی ہی یہی حالت + جیسے ہو وے جنبی ہوئی کوئی زن + یا جنب مرد و زن ہون سُن یہ سخن + کعبہ و مسجد مدینہ مین + ہونا داخل بھی ہی حرام انھین + اور مسجد مین اسطرح کوئی شی + جا کے رکھنا حرام اُنپر ہی + خواہ جلدی ہو یا درنگ کرین + یا کہ باہر سے چیز کچھ پھینکین + پرے آنا درست ہی شی کا + یون ہی شرح صغیر مین ہی لکھا + پاک جبدن تلک نہ عورت ہو + نہ کرے روزہ و نماز کو وو + اور جب پاک ہو وہین فی الفور + وہ کرے غسل ہی کہا جس طور + پاک جب تک نہو یہ سُن لے صاف + ہی اُن ایام کی نماز معاف + اور روزہ جو آئین وہ کھاوے + ہی یہ واجب قضا بجا لاوے + واضح ہو کہ یہ چار سورے قرآن شریف کے جو مذکور ہوے انکے سوا اور تمام قرآن شریف پڑھنا جنب و حائض وغیرہ کو درست ہی بشرطیکہ یاد ہو یاد ہو سے قرآن مین دیکھ کے پڑھے اگر ممکن ہو اور دوسرا شخص ورق اُلٹتا جاوے اوّل سورہ الم سجدہ یہ اکیسوین پارۂ اُتلُ مَا اُوحِیَ مین بعد نصف کے واقع ہی دوسرا سورہ حم سجدہ یہ چوبیسوین پارۂ فَمَنْ اَظْلَمُ مین قریب ثلث کے واقع ہی تیسرا سورۂ والنجم یہ ستائیسوین پارۂ قَالَ فَمَا خَطْبُکُمْ مین قریب ربع کے واقع ہی چوتھا سورۂ اقرأ اسکا نام سورۂ علق بھی ہی یہ تیسوین پارۂ عَمَّ مین قریب ثلث کے واقع ہی **واضح ہو** کہ حیض اُس خون کو کہتے ہین جو بعد بلوغ عورت کے رحم سے باہر آوے اور وہ خون اکثر سیاہ اور گرم گرم آتا ہی اور تین دن سے کم اور دس روز سے زیادہ نہین ہوتا پس عورت بمجرد دیکھنے خون کے اگرچہ بصفت حیض نہو نماز و روزہ ترک کریگی لیکن اگر خون قبل تین روز کے بند ہو گیا تو وہ خون حیض شمار نہ کیا جاوے گا اور جو نمازین اُسنے بخیال حیض ترک کی تھین اُنکو ادا کریگی اور اگر عورت صاحب عدد یہ

احکام حیض

ووقتیہ ہی یعنی اُسکو عادت ہی کہ مثلاً پہلی تاریخ سے چھٹی یا ساتوین تاریخ تک برابر ہمیشہ خون آیا کرتا ہی اوسا اتفاق سے کبھی قبل عادت کے موقوف ہوگیا تو چاہیے کہ وہ عورت استبرا کرے یعنی روئی کو اندر فرج کے رکھے اور تھوڑی دیر صبر کرکے نکال کے دیکھے اگر روئی مین خون بھرا ہی تو ابھی حیض باقی ہی اور اگر روئی صاف نکلے تو واجب ہی کہ فوراً غسل کرکے نماز پڑھے انتظار اپنی عادت کا نہ کرے اور نہ یہ خیال کرے کہ ہمارا نہان دسوین دن ہوتا ہی دسوین ہی روز غسل کرنا چاہیے اگر ایسا کریگی تو گنہگار ہوگی اور نمازین اُسکے ذمہ قضا رہینگی خلاصہ یہ کہ جسوقت خون آنا موقوف ہو فوراً غسل کرے اور نماز پڑھے اور معلوم رہے کہ سواے غسل جنابت کے اور غسل سے بغیر وضو کے نماز صحیح نہین ہی پس چاہیے کہ عورت قبل کرنے غسل حیض وغیرہ کے اول وضو واسطے پڑھنے نماز کے کرے بعدہ غسل کرے **احکام استحاضہ** اس خون کے آنے کو ہندوستان کی عورتین اکثر پاؤن کا چھٹنا بولتی ہین پس جو خون کہ عورت کو ایام عادت حیض سے زیادہ آوے وہ خون استحاضہ ہی مثلاً عورت کو عادت ہی کہ ہر مہینہ مین اُسکو چار یا پانچ یا چھ روز خون حیض آتا ہی تو اتنے روز وہ حائض شمار کیجائیگی اور اُسکے بعد جو خون آیا کریگا اُسکو استحاضہ مین محسوب کریگی یا اگر عادت نہین ہی اور بطور مختلف اُسکو حیض آتا ہی اور دنون کی قید نہین رہتی ہی تو بعد دس روز کے ہر طرح اُس خون کا نام استحاضہ ہی اور اُسکی تین قسم ہین امتحان اسکا یہ ہی کہ عورت روئی اپنی فرج مین رکھے اور تھوڑی دیر صبر کرکے نکال کے دیکھے اگر خون روئی کے اوپر لپٹ کے رہگیا ہی اور اندر روئی کا تر نہین ہوا تو وہ استحاضۂ قلیلہ ہی حکم اسکا یہ ہی کہ عورت نماز پڑھے مگر ہر نماز کے واسطے علیحدہ علیحدہ وضو کرے یعنی پانچ نمازین پانچ وضو سے پڑھے اور ہر مرتبہ روئی بھی بدلتی جائے اور اگر روئی اُتنی ہی دیر مین بالکل خون مین ڈوب گئی مگر خون اُس روئی سے پھوٹ کر جاری نہین ہوا تو وہ استحاضۂ متوسطہ ہی حکم اسکا یہ ہی کہ نماز صبح کے وقت وضو کرکے غسل استحاضہ کرے اور نماز صبح پڑھے باقی نمازین ظہر و عصر و مغرب و عشا الگ الگ چار وضو سے پڑھے اور روئی بدستور بدلتی جائے اور اگر روئی اُس خون کو نہین روک سکتی بلکہ خون اُس روئی کو توڑ کر

احکام استحاضہ

بلکہ

باہر جاری ہوتا ہی اور باہر گدی رکھنے کی احتیاج ہی تو یہ استحاضہ کثیرہ ہی حکم اسکا یہ ہی کہ ایک غسل صبح کی نماز کے لیے کرے اور ایک غسل ظہر وعصر کی نماز کے لیے اور ایک غسل مغرب وعشا کی نماز کے لیے باقی حکم وضو کا بدستور یعنی ہر نماز کے لیے الگ وضو کرتی جائے اور کپڑا باہر کا اور روئی اندر کی ہر مرتبہ بدلتی جائے اور ایام استحاضہ مین جسطرح نماز پڑھنے کا حکم ہی اسیطرح روزہ بھی قضا نہ کرے برابر روزہ رکھے جائے کہ صحیح ہی گویا یہ خون بمنزلہ ایک عارضہ کے ہی اور اسی لیے حیض سے اسکا حکم علیحدہ ہی جیسا کہ بیان ہوا

فصل تیسری بیان وضو مین

احکام وضو

جب مکلّف ارادہ وضو کا کرے اول اعضاے بدن اور کپڑے چاہیے کہ پاک ہون اور مکان مباح پر بیٹھے اور پانی پاک ومباح وخالص بہم پہونچاوے بعد اُسکے مسواک کرے کہ بارہ فائدہ ہین ایک تو پاک کرنیوالی دانتون کی ہی دوسرے آنکھونکو جلا دیتی ہی اور موجب خوشنودی خدا ہی بلغم کو دفع کرتی ہی حافظہ زیادہ کرتی ہی دانتون کو سفید کرتی ہی اور حسنات مضاعف کرتی ہی اور جڑ دانتونکی مضبوط کرتی ہی بھوک کو زیادہ کرتی ہی روشنی چشم کو زیادہ کرتی ہی اور پانی کا بہنا آنکھون سے موقوف کرتی ہی اور ملائکہ خوشنود ہوتے ہین

فوائد مسواک

فوائد مسواک کرنے کے بہت ہین جناب ائمہ علیہم السلام نے فرمایا دو رکعت نماز مسواک کرکے بہتر ہی ستر رکعت نماز سے کہ جو بے مسواک پڑھی جاوے اور مسواک شاخ کی ہو اور بعد مسواک کرنے کے تین مرتبہ کلی کرے کتاب محاسن مین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہی جب تم مین سے کوئی شخص وضو کرے اور بسم اللہ نہ کہے تو شیطان کا قابو وضو مین اُسکے ہوتا ہی اور تفسیر جناب امام حسن عسکری علیہ السلام مین وارد ہی کہ اگر کہے بندہ اول وضو مین بسم اللہ الرحمن الرحیم تو پاک ہونگے سب اعضا اُسکے گناہون سے

آداب وضو

طریق وضو اول دو مرتبہ دونون ہاتھ پہونچے تک دھووے اُسوقت پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ الْمَاءَ طَهُوْرًا وَلَمْ يَجْعَلْهُ نَجِسًا پھر تین مرتبہ کلی کرے اور یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ لَقِّنِيْ حُجَّتِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ وَاَطْلِقْ لِسَانِيْ بِذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ پھر ناک مین تین مرتبہ پانی ڈالے اور یہ کہے اَللّٰهُمَّ لَا تُحَرِّمْ عَلَيَّ رِيْحَ الْجَنَّةِ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَشُمُّ رِيْحَهَا وَرَوْحَهَا وَرَيْحَانَهَا وَطِيْبَهَا

احکام دعاے وضو

پھر نیت کرے کہ وضو کرتا ہون مین واسطے رفع حدث کے اور مباح ہونے نماز وغیرہ کے واجب قربۃً
الی اللہ بعد اُسکے ایک چلّو پانی بے توقف مُنھ پر ڈالے فرق نہو نیت اور پانی ڈالنے مین اور ابتدا
جگہ جہنے سر کے بال سے کرے اور ٹھوڑی تک دھوئے اور چوڑائی مُنھ کی اُسقدر دھووے کہ
جہان تک انگوٹھا اور بیچ کی اُنگلی گھیرے اُسوقت یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَسْوَدُّ
فِیْهِ الْوُجُوْهُ وَلَا تُسَوِّدْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ فِیْهِ الْوُجُوْهُ بعد اُسکے ایک چلّو پانی سے
داہنے ہاتھ کو کہنی سے اُنگلیون کے سر تک دھووے ایسا پانی ہو کہ جاری ہو جاوے اور دوسرے
ہاتھ سے اعانت دے کہ پانی سب طرف پہونچ جائے مگر ہاتھ کہنی سے نیچے کی طرف جائے ایسا نہو
کہ نیچے سے اوپر کی طرف جائے اور اگر اُنگلی مین انگوٹھی وغیرہ ہو تو اُسکو حرکت دے کہ پانی اُسکے
اندر جاری ہو جائے اور مرد کہنی کی پشت پر پانی ڈالے اور عورت کہنی کے شکم کی طرف پانی ڈالے
اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ وَالْخُلْدَ فِی الْجِنَانِ بِیَسَارِیْ وَحَاسِبْنِیْ
حِسَابًا یَّسِیْرًا پھر اُسی طرح بائین ہاتھ کو بھی دھووے اور یہ کہے اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ
کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَلَا مِنْ وَّرَآءِ ظَھْرِیْ وَلَا تَجْعَلْھَا مَغْلُوْلَةً اِلٰی عُنُقِیْ وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ مُقَطَّعَاتِ النِّیْرَانِ پس آب وضو کو رومال وغیرہ سے خشک نکرے کہ مکروہ ہے اور اُسی
آب وضو کی تری سے مسح پیش سر کا کرے کہ اوپر پیشانی کے ہے بقدر تین اُنگلیون کے عرض مین اوپر سے
نیچے آوے اس طور کہ مُنھ کی تری سے نہ ملے جو کہ وضو کی تری ہے فائدہ اگر سارے سر پر بال ہون
تو مانگ نکال لے اور اگر تیل سر مین پڑا ہو تو موضع مسح پر سے پونچھ ڈالے اسلیے کہ تیل پر مسح درست
نہین ہے اور اگر احیانًا مسح سر کرنے مین اُنگلیان نیچے تک چلی آئین اور پیشانی کے پانی مین بھر جائین تو پاؤن کا
مسح ہتیلی سے کرے اور مسح سر کرنے مین یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ غَشِّنِیْ بِرَحْمَتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَعَفْوِكَ
پھر تمام ہتیلی داہنے ہاتھ سے داہنے پاؤنکا مسح کرے اور اسی طور بائین ہاتھ سے بائین پاؤن کا
مسح کرے اُسوقت یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَیَّ عَلَی الصِّرَاطِ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْهِ الْاَقْدَامُ وَ
اجْعَلْ سَعْیِیْ فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جب وضو سے فارغ ہو کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَالْجَنَّةِ

فائدہ وضو مین موالات شرط ہی یعنی پے در پے افعال کا بجا لانا درمیان مین توقف نہ کرنا چاہیے اور مسح ہر دو پا مین ترتیب ضرور نہین ہی چاہے پاے چپ کو مقدم کرے چاہے دونون پر ساتھ ہی مسح کرے دوسری دعا یہ ہی کہ تفسیر جناب امام حسن عسکری علیہ السلام مین جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہی کہ اگر کہے بندہ آخر وضو یا آخر غسل جنابت مین یہ دعا پراگندہ ہوتے ہین سب گناہ اُسکے جیسے کہ پراگندہ ہوتے ہین پتے درخت کے پیدا کریگا خدای تعالی بعدد ہر قطرہ کے قطرات وضو یا غسل سے اُسکے فرشتے تسبیح و تقدیس و تہلیل کرینگے خدا کی اور صلوات بھیجینگے محمد اور آل محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ثواب اُسکا واسطے اُس وضو کرنے والے اور غسل کرنے والے کے لکھینگے دعا یہ ہی

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِيًّا وَلِيُّكَ وَخَلِيْفَتُكَ بَعْدَ نَبِيِّكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَاَنَّ اَوْلِيَآءَهٗ خُلَفَآؤُكَ وَاَوْصِيَآءَهٗ اَوْصِيَآؤُكَ

اور مکروہ ہی وضو کرنا اُس پانی سے کہ آفتاب مین گرم ہوا ہو یا رنگ یا بو یا مزہ اُسکا تغیر پایا ہو اسی طرح مکروہ ہی وضو کرنا اُس برتن سے کہ جس پر صورت حیوان کی نقش ہوئی ہو اور سنہرے رُوپہلے برتن سے اور وضو کرنا اُس پانی سے کہ جھوٹا اُس حیوان کا ہو کہ گوشت کھانا اُسکا مکروہ ہو مانند گھوڑے وخچر کے **فائدہ** ظروف طلائی و نقرئی مصرف مین لانا اور اُنمین کھانا پینا وغیرہ مرد و عورت دونون پر حرام ہی اور وضو کا پانی جمع کر کے دوبارہ اُس سے وضو کرنا جائز ہی مگر غسل کے پانی سے دوبارہ غسل اور وضو کرنے مین اجتناب احوط ہی اور **وضو کی توڑنے والی** چیزین گیارہ ہین اوّل پیشاب دوسرے پاخانہ تیسرے پاد چوتھے سونا ایسا کہ بیخبر ہو جاوے دیکھنا سننا موقوف ہو جاوے پانچوین جو چیز عقل کو زائل کردے مانند شراب و بوزہ وغیرہ کے چھٹے حیض ساتوین استحاضہ آٹھوین نفاس نوین چھونا مُردہ بے غسل کا دسوین ہر گاہ یقین ہو کہ حدث صادر ہوا اور شک رکھتا ہو کہ وضو کیا یا نہین گیارھوین ہر گاہ یقین رکھتا ہو کہ حدث صادر ہوا اور وضو بھی کیا لیکن شک کرتا ہی کہ پہلے

ثواب دعا بعد وضو و غسل

نواقض وضو

وضو کیا یا حدث پہلے ہوا **بیان قرآنی سجدون کا** سجدے قرآن مجید کے پندرہ ہین مگر واجب
اُنمین چار ہین پہلے سورۂ الم سجدہ مین بعد وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ کے دوسرے سورۂ حٰمٓ سجدہ مین
اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ پر اور مذہب اہل سنت مین وَهُمْ لَا يَسْأَمُوْنَ پر سجدہ کرتے ہین یعنی ایک
آیت بعد تیسرے سورۂ وَالنَّجْمِ کے آخر سورہ پر چوتھے سورۂ اِقْرَأْ کے آخر سورہ پر اور یہ سجدے
واجب ہوتے ہین جب کہ آیہ تمام پڑھا جاوے یا تمام آیہ سُنا جاوے پس سامع وقاری دونون پر
سجدہ واجب ہے کہ فوری بجا لاوے اور اگر آیت سجدے کے بعض الفاظ پڑھے جائین یا بعض الفاظ سُنے
جائین یا فقط آنکھ سے اُس آیہ کو دیکھے اور پڑھے نہین تو سجدہ واجب نہین ہوتا اور اس سجدہ مین
طہارت اور روبقبلہ ہونا شرط نہین ہے باوضو ہونا کیسا بلکہ جنب و حائض وغیرہ بھی سجدہ کرلین اپنی اُسی
حالت مین البتہ جسپر سجدہ کرین وہ وہی چیز ہو جسپر سجدہ درست ہے اور اسکا بیان نماز کے سجدہ مین
بتفصیل ہے پس اگر اُن چیزون مین کوئی موجود نہو تو پاک کپڑے پر سجدہ کرے اور اگر یہ بھی نہو تو
اپنی پشت دست پر غرضکہ اس سجدہ مین تاخیر جائز نہین ہے اور سجدہ مین جا کے اگر تین مرتبہ
سُبْحَانَ اللهِ کہلے کافی ہے یا ایک مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَبِحَمْدِهٖ ۔ **فصل چوتھی تیمم کے
بیان مین** جاننا چاہیے جس شخص کو کہ پانی تلاش اور قیمت سے بھی میسر نہو یا کوئی مرض لاحق ہوا اور یقین رکھتا ہو
کہ پانی ضرر کریگا یا خوف ہو کہ مرض پیدا کریگا یا وقت نماز کا بہت تنگ ہو ایسا کہ وضو یا غسل کرنے تک
نماز قضا ہو جائیگی اُسوقت بدل وضو یا غسل کے تیمم کرنا چاہیے مگر لازم ہے کہ اعضائے وضو قبل تیمم کے
پاک ہون پہلے نیت کرے تیمم کرتا ہون مین بدل وضو یا غسل کے واسطے مباح ہونے نماز کے واجب
قربۃً الی اللہ پس ساتھی نیت کے دونون ہتیلیون کو زمین یا مٹی پاک و مباح پر مارے اسطور سے
کہ آخر نیت اور اول ہاتھ مارنا ایک ہو پھر دونون ہتیلیون سے مسح پیشانی کا کرے جہان سے بال
جمتے ہین ناک کے سر تلک اور دونون جانب کی بھوین اور تمام پیشانی دونون طرف مسح مین گھیرلے
پھر بائین ہاتھ کی ہتیلی سے داہنے ہاتھ کی پشت دست کو بند دست سے اُنگلیون کے سر تلک مسح کرے
پھر داہنے ہاتھ کی ہتیلی سے بائین ہاتھ کی پشت کو بھی اسیطرح مسح کرے پھر دوسری ضرب مارے اور

اس ضرب سے دونون ہاتھون کی پشت کو مسح کرے پہلے داہنے ہاتھ کی پشت کو پھر بائین ہاتھ کی پشت کو
جسطرح ابھی ذکر ہوا یہی ترکیب کربلاے معلی مین رائج ہی بموجب فتواے جناب شیخ زین العابدین
علیہ الرحمہ کے اب واضح ہو کہ تیمم اشیاے مفصلۂ ذیل پر جائز ہی پہلے خاک خالص پر اور خاک سے
مراد یہ ہی کہ اُسکو یکجا کر لیا ہو اگر یہ ممکن نہو تو زمین پر اسکے بعد ریگ یعنی بالو پر اسکے بعد سنگ یعنی پتھر پر
اسکے بعد غبار پر اسکے بعد گیلی مٹی پر مگر خاک مقدم ہی سفید ہو یا سیاہ یا سرخ یا زرد اور خاک قبر و خاک
مستعمل ریگ و سنگریزہ پر بھی جائز ہی بلکہ اینٹ اور سفال مگر خام یعنی غیر پختہ پر بھی صحیح ہی اور غبار سے
مراد یہ ہی کہ جو کپڑے یا گھوڑے کے زین و ایال پر ہو اگر یہ غبار اُن چیزون سے علیحدہ کرنا ممکن نہو والا
کپڑے پر سے غبار کو جمع کر کے تیمم کرے اور اگر پتھر میسر آئے ساتھ غبار یا ساتھ گیلی مٹی کے تو احوط
یہ ہی کہ دونون پر علیحدہ علیحدہ تیمم کرے اور یہ بھی لازم ہی کہ مقام تیمم کرنے کا غصبی نہو اور اگر زمین
بلند مانند ٹیلہ ہاے صحرا کے ہو تو اولی ہی اور تیمم کے وقت انگلیان جدا جدا ہون اگر انگوٹھی چھلا ہاتھ
مین ہو تو نکال رکھے اور تیمم آخر وقت کرے کہ شاید پانی ملجاوے یا بیماری دفع ہو جاوے اور
اگر تیمم اور چیزون کے لیے مثل مس کتابت قرآن یا تلاوت قرآن یا سنتی نماز پڑھنے یا نماز قضا پڑھنے
کے لیے کیا ہو تو اُس سے دوسری نماز واجب یومیہ موجودہ بھی پڑھ سکتا ہی اور جن چیزون سے غسل و وضو
ٹوٹ جاتا ہی تیمم بھی ٹوٹ جاتا ہی اور تیمم بدل غسل کرنے سے غسل اُسکے ذمہ سے ساقط نہین ہوتا جب
عذر برطرف ہو غسل کرے **فائدہ** اکثر لوگ تھیلی مین خاک بھر کے اُسپر تیمم کرتے ہین اور اسطرح کی تھیلی سفر مین
اپنے ہمراہ رکھتے ہین پس یہ تیمم درست نہین اسلیے کہ خاک کے ہوتے ہوے غبار پر تیمم درست نہین
اور خاک تھیلی مین موجود ہی پس چاہیے کہ تھیلی سے خاک باہر نکال کے تیمم کرے پھر تھیلی مین بھر لے

باب چوتھا بیان ثواب نماز اور عذاب ترک نماز مین

باب چوتھا

معلوم کر کہ نماز ستون دین ہی اور بہترین عبادات ہی وارد حدیث ہی کہ نزدیک نہین ہوتا بندہ خدا سے
بعد پہچاننے خدا کے ساتھ کسی چیز کے کہ بہتر نماز سے ہو یعنی نماز سے نزدیکی خدا کی حاصل ہوتی ہی اور فرمایا
کہ پہلے جس چیز سے کہ بندہ سوال کیا جائیگا وہ نماز ہی اگر نماز قبول ہی اُسکی تو سارے عمل و عبادات اُسکے

قبول ہونگے اور اگر نماز مقبول نہوگی کوئی عمل وعبادات اُسکے مقبول نہونگے اور نماز واجب ہی ہر بالغ
وعاقل پر عورت کو نوین برس اور مرد کو پندرھوین برس یا جب علامت بلوغ کی ظاہر ہو کہ وہ احتلام
یا حیض کا ہونا یا موے زہار کا نکلنا ہی اگرچہ سن مذکور سے پہلے یہ علامتین ظاہر ہون اور جسکی نمازین
بسبب کسی عذر کے قضا ہوئی ہون عورت ہو یا مرد جلدی ادا کرین کہ دنیا سے مشغول الذمہ نجاوین
فائدہ کتاب زین العابدین مین امیر المؤمنین علیہ السلام سے دربارۂ کفارۂ نماز منقول ہی کہ ایک روز
جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سُنا مین نے کہ وہ حضرت فرماتے تھے کہ میری امت
مین سے جس شخص کی نمازین ایام جہالت مین ترک ہوئی ہون اور وہ شخص اس فعل پر اپنے نادم اور
منفعل ہو اور مقدار نماز ترک شدہ کی بھی نہ جانتا ہو پس اُسکو چاہیے کہ شب دوشنبہ کو پچاس رکعت نماز
پڑھے دو دو رکعت کے بعد سلام پھیرے اور ہر رکعت مین بعد سورۂ حمد کے ایک ایک مرتبہ
سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھے بعد کل نمازون کے سو مرتبہ پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ
اِلَیْہِ اور سو مرتبہ کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اور سو مرتبہ
کہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بعد اُسکے توبہ وتضرع وزاری درگاہ خدا مین کرے تو
حق تعالیٰ اُسکو معاف کریگا اگرچہ سو برس کی نمازین اُس سے ترک ہوئی ہون **ثواب اور فوائد**
نماز پڑھنے کے بہت ہین اُنمین سے چالیس[۴۰] فائدے یہ ہین کتاب جامع الاخبار مین وارد ہی کہ جناب
رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نماز پنجگانہ خوشنودی[۱] خدا ہی اور دوستی[۲] فرشتونکی ہی اور طریقہ[۳]
پیغمبرون کا ہی اور نور[۴] معرفت ہی اور جزو[۵] ایمان کی ہی اور دعا[۶] اور اعمال قبول ہوتے ہین اور برکت[۷]
ہوتی ہی رزق مین اور راحت[۸] بدن مین اور ہتیار[۹] ہی دشمنون پر اور ناگوار[۱۰] ہی شیطان پر اور نماز[۱۱] شفیع ہی
درمیان صاحب نماز اور ملک الموت کے اور چراغ[۱۲] ہی قبر مین اور فرش[۱۳] ہی نیچے دونون پہلو کے اور جواب[۱۴] ہی
نکیرین کا اور ہمنشین[۱۵] ہی خوشی اور مصیبتون مین اور ہمراہ[۱۶] چلنے والی ہی قبر مین اور دن قیامت کے اور
فرمایا[۱۷] واسطے ہر چیز کے زینت ہی پس زینت وآراستگی دین کی پانچ وقت کی نماز ہی اور واسطے ہر چیز کے[۱۸]
رکن ہی اور رکن ایمان کا نماز ہی اور واسطے[۱۹] ہر چیز کے چراغ ہی اور چراغ دل مومن کا نماز ہی اور واسطے[۲۰]

۴۰ فوائد نماز

ہر چیز کے ایک قیمت ہی پس قیمت بہشت کی پانچون نماز ہین اور واسطے ہر چیز کے ایک چٹھی ہی نکاسی کی پس چٹھی نجات کی مؤمن کو آگ سے پانچون نماز ہین اور نیکی دنیا و آخرت کی نماز ہی اور نماز سے جدا ہوتا ہی مؤمن کافر سے اور مخلص منافق سے اور فرمایا نماز ستون ہی دین کا اور پشت و پناہ ہی بدن کی اور آرائش ہی اسلام کی اور سرگوشی ہی پیارے دوست کے واسطے اور نماز سے حاجت برآتی ہی اور نماز توبہ ہی توبہ کرنے والے کی اور یادگزاری ہی احسان کی اور برکت ہی مال کی اور کشایش ہی رزق مین اور نور ہی چہرے کا اور عزت ہی مومن کی اور اسی نماز سے فرشتے طلب آمرزش کرتے ہین اور یہی نماز ناک رگڑتی ہی ملحدونکی اور یہی نماز قہر ہی شیاطین پر اور کفارہ ہی تمام گناہون کا اور قلعہ ہی تمام مال کا اور بسبب نماز کے قبول کیجاتی ہی گواہی اور نماز رونق اور آبادی ہی مسجدون کی اور یہی نماز مہر ہی حوران خوش چشم کا اور اسی نماز سے لگائے جاتے ہین درخت بہشت مین اور اسی نماز سے خدا نثار کرتا ہی رحمت کو اپنی نماز پڑھنے والون پر اور فرمایا جسنے ایک نماز کو ترک کیا یہان تک کہ وقت گذر جاے وہ عذاب کیا جائیگا کئی عقبہ اور ہر عقبہ اسّی برس کا ہوتا ہی اور ہر برس تین سو ستر دن کا ہوگا اور ہر دن ہزار برس کا ہوگا موافق شمار مروج دنیا کے

بیان ترک نماز مین

نظم ○ نماز ایک جس شخص نے ترک کی ✤ تو خون اُسنے اپنا کیا بے چُھری ✤ اگر دو نمازون کا تارک ہوا ✤ تو گویا کہ خون اک نبی کا کیا ✤ ہوئی تین وقتون کی جس سے قضا ✤ تو کعبے کو اُس شخص نے ڈھا دیا ✤ دیا چار وقتون کو گر ہاتھ سے ✤ تو ایسا ہی جیسا کہ اُس شخص نے ✤ زنا اپنی مادر سے ہفتاد بار ✤ کیا عین کعبے مین ای ہوشیار ✤ جو تارک ہوا پانچ اوقات کا ✤ بیان کیا کرون اُسکے حالات کا ✤ ندا اُسکو کرتا ہی یون بے نیاز ✤ یہ تو نے جو کی ترک میری نماز ✤ ہوا میری طاعت سے بیزار تو ✤ غضب کا ہوا اب سزاوار تو ✤ بہت مین بھی بیزار ہون تجھسے اب ✤ خدا اور اپنے لیے کر طلب ✤ مرے آسمان و زمین سے نکل ✤ کہین اور رہ جا کے ای بدعمل ✤ یہ ارشاد کرتے ہین شاہ حجاز ✤ سبک اور ضائع کرے جو نماز ✤ نہین مجھسے اور میری امت سے وہ ✤ بہت دور ہی حق کی رحمت سے وہ

باب پانچوان بیان نماز وغیرہ مین

ثواب نماز اور عذاب ترک نماز بیان ہوا اب اس باب مین کیفیت نماز کی بیان کیجاتی ہی اور

اسمین چار فصلین ہین **فصل اول** فضیلت تسبیح و سجدہ گاہ خاک تربت مین کتاب مصباح مین حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام سے وارد ہی چاہیے کہ مؤمن خالی نہو پانچ چیز سے کنگھی و مسواک و سجادہ و انگشتری و تسبیح سے کہ چونتیس دانہ ہون ہرگاہ اسکو پھراوے ذکر خدا کرے ہر دانہ مین چالیس حسنہ اسکے واسطے لکھے جاتے ہین اگر ذکر نہ کرے خالی پھراوے ہر دانہ مین بیس نیکی لکھی جاتی ہی حدیث مین ہی کہ جو تسبیح خاک تربت پر ایک تسبیح پڑھے خدا واسطے اسکے چارسو نیکی لکھتا ہی اور چارسو گناہ مٹاتا ہی چارسو حاجت برلاتا ہی چارسو درجے اسکے بلند کرتا ہی سات طبق تک پھاڑتا ہی آسمانون کو یعنی وہ نماز درگاہ الٰہی مین مقبول ہوتی ہی خوشنودی خدا سے **فائدہ** سوا سے زمین کے یا نباتات کے جو زمین سے اُگے اور کسی چیز پر سجدہ نہین ہوسکتا ہی اور نباتات مین بھی شرط ہی کہ اسکو عادتاً کھاتے پہنتے نہون پس مثل روی اور پوست کے تپون پر کہ انکو کھاتے ہین سجدہ درست نہین اور تانبے۔ لوہے سونا۔ چاندی۔ اور جو چیز معدنی ہو مثل عقیق وغیرہ کے۔ گچ چونہ۔ ظروف گلی پختہ۔ اینٹ پختہ کاغذ تحریر شدہ پر بھی درست نہین اور پشت کف دست پر بھی سجدہ درست نہین البتہ اگر زمین بہت گرم ہو اور پیشانی جلنے کا خوف ہو اور کوئی چیز سجدہ کے قابل نہو تو بدرجہ مجبوری کپڑا اچھا سے سجدہ کرے اور اگر کپڑا بھی نہو اسوقت پشت کف دست پر اپنی سجدہ جائز ہوگا اور سادہ کاغذ بغیر اہار پر اور پتھر پر سجدہ جائز ہی علی الاقرب مگر ایسا پتھر نہو جو عادتاً کھاتے ہون بلکہ سنگ مرمر جسکا چونہ کھایا جاتا ہی اسپر بھی سجدہ کرنا کیا ضرور ہی اور جس سجدہ گاہ پر پیشانی کا میل جما ہوگا اسپر سجدہ درست نہین ہی **فصل دوسری** نماز پنجگانہ کے بیان مین معلوم ہو کہ نماز واجب ہر روز سترہ رکعت ہین صبح کی دو ظہر کی چار عصر کی چار مغرب کی تین عشا کی چار رکعت ہین اور صبح کی دو رکعت اور مغرب کی اول دو رکعت اور عشا کی اول دو رکعت پکار کے پڑھے اور باقی رکعتین آہستہ پڑھے اور سفر مین گیارہ رکعتین ہین چار رکعتی نماز مین سے دو قصر کرے صبح و مغرب مین قصر نہین ہی **فائدہ** پوشیدہ نرہے کہ مطلق سفر موجب افطار صوم و قصر نماز نہین ہی بلکہ اسمین مراعات چند امرون کی ضرور ہی اول یہ کہ مقصود مسافت شرعی ہو یعنی آٹھ فرسخ کا کہ بحساب انگریزی ایک فرسخ تین میل کا

فضیلت تسبیح و سجدہ گاہ

عدد رکعات

حال نماز مسافر

ہوتا ہی یا اُس سے زیادہ طی کرنا ہوا اور اگر مقصود یہ ہو کہ فقط چار فرسخ تک جائے لیکن پھر وہان سے
اُسی روز عود کرنا بھی ملحوظ ہو تو بھی قصر کرنا ظاہرا واجب ہو گا کیونکہ آمد و رفت مین آٹھ فرسخ ہو جائینگے
اور قصر مین فقط یہی شرط نہین ہی کہ آٹھ فرسخ طی کرے بلکہ یہ بھی لازم ہی کہ پہلے سے آٹھ فرسخ طی
کرنے کا عزم رکھتا ہو پس اگر پہلے چار فرسخ جانے کا قصد ہوا اور وہان پہونچ کر دو فرسخ یا چار فرسخ
اور طی کرے تو قصر لازم نہوگا اور اسیطرح اگر کچھ قصد نہوا ور بدون قصد راہ طی کرے تا اینکہ مسافت
شرعی تمام ہو تو بھی قصر اُسکے ذمہ پر عائد نہوگا دوسرے یہ کہ وہ سفر مباح ہوا ور مقصود اُس سفر سے
لہو و لعب نہو مثل سیر و شکار کے اور اگر سیر و شکار سے مقصود تجارت ہو یا کوئی ضرورت شرعی اُسکی
جانب داعی ہو تو البتہ افطار صوم کرے اور قصر نماز بھی کرے تیسرے مراعات حدِ ترخص شرط قصر و
افطار صوم ہی پس جسوقت سے کہ اذان شہر یا شہر پناہ اور عمارات شہر محسوس نہو جب سے قصر کرے
اور جس شہر مین کہ شہر پناہ بھی ہو اور اذان بھی کہی جاتی ہو تو اُسمین احوط یہ ہی کہ جس مقام سے شہر
پناہ بھی محسوس نہو اور آواز اذان بھی گوش زد نہو جب سے افطار کرے اور قصر نماز بھی کرے
اور اسی طرح جب سفر سے معاودت کرے تو بعد مشاہدۂ شہر پناہ یا سُننے آواز اذان کے اتمام
کرے چوتھے یہ کہ مسافر کثیر السفر نہو مثل صحرا نشینون اور ملاحون و اُن تاجرون کے جو تجارت کے لیے
شہر بشہر پھرا کرتے ہین اور جو لوگ کہ خانہ بدوش ہون اور اپنے شہر مین دس روز تک مقام نکرتے
ہون اُنپر پوری نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا واجب ہو گا گو سفر مین ہون البتہ اگر کوئی کثیر السفر کسی شہر مین
خصوصًا اپنے شہر مین دس روز تک مقیم رہے اور پھر سفر کرے تو اُس سفر مین قصر و افطار اُسپر بھی لازم
ہو گا پانچوین یہ کہ اثنائے مسافت شرعی مین اگر اُسکا کوئی مکان ہو کہ اُس مکان مین اُسنے چھ مہینے
تک بود و باش کی ہو تو بھی قصر نہین کر سکتا اور اسی طرح اگر اثنائے راہ مین نیت اقامت دس روز
کی کرے تو بھی قصر نکریگا اور اگر راہ مین نہ کوئی منزل مملوک ہو کہ اُسمین چھ مہینے تک سکونت
کر چکا ہو اور نہ نیت دس روز مقام کرنے کی کی ہو تو البتہ قصر کرے اور اگر مسافت شرعی کے بعد
نیت اقامت دس روز کی کرے یا وہان پر اُسکا کوئی مکان مملوک ہو کہ اُسمین چھ مہینے تک سکونت

اگر چکا ہو تو اثناے راہ مین البتہ افطار اور قصر نماز کرے لیکن جب اُس مقام پر پہونچے تو اتمام کرے
اور اگر اقامت اور سفر مین متردد ہوا اور یہ معلوم نہو کہ دس روز تک رہنا ہوگا یا نہین تو اُسے بھی قصر و
افطار کرنا چاہیے تا اینکہ تیس روز تمام ہوان اور وہ شخص اگر بعد تیس روز گذرنے کے بھی اقامت
و سفر مین متردد ہو تو پھر البتہ اتمام لازم ہوگا اور قصر نماز و صوم مین شب سے نیت سفر ہونا شرط ہی
اور ضرور نہین کہ اگر قبل زوال سفر کرے تو قصر کرنا اظہر ہو خواہ شب سے نیت کی ہو یا نہین اور
احوط یہ ہی کہ اگر قبل زوال سفر ہو بدون نیت تو امساک بھی کرے اور قضا بھی اُس روزہ کی کرے
بلکہ خواہ نیت شب سے کی ہو یا نہ کی ہو اور سفر قبل زوال نہو بلکہ بعد زوال ہو تو امساک بھی کرے
اور قضا بھی اُس صوم کی کرے اور حتی الامکن شب کو نیت کرنا اور قبل زوال سفر کرنا بہتر ہی اور یہ بھی
واضح ہو کہ سفر مین پیادہ جانا یا سواری پر جانا یا ریل پر جانا سب برابر ہی **فصل تیسری بیان نماز**
مین پس جسوقت آدمی ارادہ نماز کا کرے پہلے چاہیے کہ بدن و کپڑے پاک ہون پھر وضو یا غسل یا تیمم
جسکی حاجت ہو بجا لاوے اور وقت نماز اور سمت قبلہ مشخص کرکے قبلہ رو کھڑا ہو اول اذان کہے
اَللّٰہُ اَکْبَرُ چار مرتبہ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دو مرتبہ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ
صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم دو مرتبہ بعد اُسکے اَشْھَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ اِمَامَ الْمُتَّقِیْنَ عَلِیًّا
وَّلِیُّ اللّٰہِ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ بِلَا فَصْلٍ دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ دو مرتبہ
حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ دو مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دو مرتبہ لازم ہی کہ اذان کے فصول
ٹھہر ٹھہر کے کہے اور اقامت کے فصول مین نہ ٹھہرے اور درمیان اذان و اقامت کے لمحہ توقف کرے
بہتر ہی کہ بیٹھ جاوے اور ہاتھ اُٹھا کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قَلْبِیْ بَارًّا وَّ عَمَلِیْ سَارًّا وَّ عَیْشِیْ
قَارًّا وَّ رِزْقِیْ دَارًّا وَّ اَوْلَادِیْ اَبْرَارًا وَّ اجْعَلْ لِیْ عِنْدَ قَبْرِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ مُسْتَقَرًّا وَّ قَرَارًا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پھر کھڑا ہو کر اقامت کہے جو فصول
کہ اذان مین ہین کہے لیکن اقامت مین اوّل دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ہی اور بعد حَیَّ عَلٰی خَیْرِ الْعَمَلِ کے
قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ دو مرتبہ کہے اور اَشْھَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ کہنا صاحب منتخب الاعمال نے

بیان نماز

بیان اذان

اقامت مین بھی لکھا ہی مگر اہل سنت بدعت جانتے ہین اور اکثر شیعون کو بھی دھوکا ہوا ہی وہ بھی بدعت جانتے ہین کہتے ہین کہ فصول اذان مین عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ داخل نہین ہی تبرکًا اذان مین کہنا جائز رکھا کہ تمیز رہے مذہب شیعہ اور سُنی مین حالانکہ ثابت ہی کہ بسبب ظلم بنی اُمیہ کے حَيَّ عَلٰى خَيْرِ الْعَمَلِ تک اذان سے نکال ڈالا گیا تھا عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ کیونکر رہتا نام علیؑ سے دوست علیؑ کو قتل کرتے تھے عداوت مین جناب علیؑ کی دشمن امام شہید کیے شیعہ اذان مین نام علیؑ کیونکر لیتے لیکن احادیث سے ثابت ہی کہ عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ اذان و اقامت کا جزو ہی حدیث مین وارد ہی

در اثبات جزئیت

کہ جہان لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہے وہان مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہے اور جہان مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہے وہان عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ کہے اور جناب رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین جہان میری شہادت دو وہان ولایت علیؑ کی بھی ظاہر کرو اور فرمایا جو مابین میرے اور علیؑ کے فصل دے بقدر لفظ علیٰ کے نہ پہونچیگی اُسکو شفاعت میری اور کتاب لوامع مین وارد ہی عمار کہتے ہین جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا آیا اذان غیر اثنا عشری کی صحیح ہی فرمایا اذان اُسکی صحیح نہین ہی پس ثابت ہوا کہ اذان غیر اثنا عشری کی ذکر علیؑ سے خالی ہی اسوجہ سے اذان کو اُسکی غیر صحیح فرمایا اور حدیث مین وارد ہی کہ جناب محمدؐ اور حضرت علیؑ ایک ہی نور سے پیدا ہوئے

اسناد جزئیت دوسری مسلمان

ہین ایک کو بہ نبوت اور ایک کو بامامت حق تعالیٰ نے ممتاز فرمایا نفس و روح ایک ہی کسی مقام پر جدائی انکی متصور نہین ہی آیا عقل سلیم قبول کرتی ہی کہ نصف نور کی شہادت جائز ہو اور نصف نور کی شہادت بدعت ہو یہ نہایت غلط فہمی اُن دینداروں کی ہی جو کہتے ہین کہ بقصد جزو اذان اذان مین عَلِيًّا وَلِيُّ اللّٰهِ کہنا بدعت ہی اور تبرکًا کہنا درست ہی اور یہ بات خلاف شرع ہی اسواسطے کہ جس امر کا کہنا بدعت ہوگا اُسکا تبرکًا کہنا کیونکر جائز ہو سکتا ہی اور بدعت وہ امر ہی کہ حدیث مین کہین ثابت نہو یہ تو حدیث مین وارد ہی کہ بدون ولایت کے کوئی عمل خیر قبول نہین اور یہ بات ظاہر و ثابت ہی کہ یہ فصول حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اور قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ جو اذان و اقامت کے جزو ہین نہ انکی بزرگی ثابت ہی نہ کچھ شرف فقط حکم نبوی کی اطاعت ہی

انکا جزو ہونا تو لازم ہوا اور انکا کہنا بدعت نہوا پس علیاً ولی اللہ کا کہنا کہ نور خدا وصی مصطفے علامت ایمان ہی اسکا اظہار کرنا جزو اذان جاننا کیونکر بدعت ہو سکتا ہی بلکہ اپنی طرف سے ایجاد کر کے تبرکا کہنا یہ مطلوب شارع نہوگا پس ثابت ہی کہ بسبب ظلم کے تقیہ مین سابقین نے نہین لکھا پس جس دلیل سے علی ولی اللہ جزو کلمۂ طیبہ ہی اُسی دلیل سے اذان کا جزو ہی نسخۂ نور الایمان مین تصریح لکھا ہی بس والسلام جان تو کہ بعد اذان اور اقامت کے سات تکبیرین کہنا سنت ہین اسطرح پر کہ اول تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور ہر مرتبہ مین ہاتھ مقابل کانون کے بلند کرے پس یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ پھر دو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ وَسَعْدَیْكَ وَالْخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْكَ وَالْمَھْدِیُّ مَنْ ھَدَیْتَ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدَیْكَ ذَلِیْلٌ بَیْنَ یَدَیْكَ لَا مَلْجَأَ اِلَّا اِلَیْكَ وَلَا مَھْرَبَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ سُبْحَانَكَ وَحَنَانَیْكَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَرَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ پھر ایک مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور یہ دعا پڑھے رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ پھر رو بقبلہ ہو کر نیت نماز کی کرے مثلاً اُصَلِّیْ فَرْضَ الصُّبْحِ اَدَاءً لِوُجُوْبِہٖ قُرْبَۃً اِلَی اللّٰہِ یا جسوقت کی نماز ہو اُسکا نام لے یا یون کہے نماز ظہر یا عصر پڑھتا ہون مین اسواسطے کہ واجب ہی ادا قربۃً الی اللہ بعد اس نیت کے تکبیر احرام یعنی اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور ہاتھون کو اُٹھاوے کان تک اور سنت ہی کہ یہ دعا پڑھے وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ عَلٰی مِلَّۃِ اِبْرَاھِیْمَ وَدِیْنِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَمِنْھَاجِ عَلِیٍّ صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَہٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ پھر آہستہ کہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ

نیت نماز و دعا

ابتداے نماز

اَلعَلِیمِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ پس ہر نماز مین بسم اللہ بآواز بلند کہے اور حالت قیام مین جاے
سجدہ کی طرف نظر رکھے دونون ہاتھ رانون پر مقابل زانو کے رکھے اُنگلیان باہم ملا کے رکھے
اور پانؤن بقدر ایک بالشت کے آپس سے دور رکھے اور پانؤن کے انگوٹھون کا سر جانب
قبلہ رکھے کہ کسی جانب کجی نہو اگر عورت ہو تو ہاتھون کو سینہ پر رکھے پھر سورۂ الحمد پڑھے
غور اور ملاحظہ کرے کہ حروف باہم مشتبہ نہو وین رعایت تشدید و مد متصل کی کرے بعد اتمام
الحمد کے اندک صبر کرے دوسرا سورہ مقرر کر کے شروع کرے بہتر و افضل ہے کہ اِنَّا اَنزَلنَاہُ پڑھے
پھر بقدر ایک سانس صبر کر کے ہاتھون کو برابر مُنھ کے کانون تک اُٹھاوے کہ ہتیلیان قبلہ رو
ہین اور کہے اَللّٰہُ اَکبَر پھر رکوع مین جاوے دونون ہتیلی ہاتھ سے سر گھٹنون کے بطور لقمہ کے
پکڑے اُنگلیان آپس سے کھلی رکھے گھٹنون کو پیچھے کی جانب دباوے اسقدر خم ہو کر برابر رکھے
پشت کو کہ اگر قطرہ پانی کا پیٹھ پر پڑے کسی جانب حرکت نکرے اور سر کو نہ جھکاوے برابر پشت کے
رکھے اور حالت رکوع مین پانؤن کی طرف دیکھے اور تین مرتبہ سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیمِ وَبِحَمدِہٖ کہکر
سیدھا کھڑا ہو اور سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہٗ کہے پھر ہاتھ اُٹھا کر حالت قیام مین اَللّٰہُ اَکبَر کہے
اور سجدہ مین جاوے اول ہاتھ پہونچاوے ہتیلیان زمین پر ٹیکے اُنگلیان آپسمین ملا کے رکھے
اور حالت سجدہ مین بازو کشادہ رکھے رکوع اور سجدون مین کوئی عضو دوسرے عضو سے ملا کے
نرکھے اور عورت رکوع اور سجدون مین اعضا باہم ملا کے رکھے ہاتھون کو مع کُہنی زمین پر پہونچاوے
اور بازو ملا کے رکھے اور دونون ہاتھ برابر مُنھ کے رکھے اور سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰے وَبِحَمدِہٖ
تین مرتبہ کہے اور حالت سجدہ مین ناک کی جانب نظر رکھے اور سات عضو زمین پر پہونچاوے
پیشانی اور دونون ہتیلی اور دونون گھٹنے اور سر دو انگوٹھے پانؤن کے اور نوک ناک کی اور
سجدہ اُس چیز پر کرے کہ زمین سے اُگی ہو عُرف عادت مین کھاتے پہنتے نہون پس سجدہ سے
سر اُٹھا کر درست ہو کر بیٹھے اسطور سے کہ بائین ران پر بیٹھے اور پشت پانؤن داہنا شکم پر بائین
پانؤن کے رکھے اور عورت چوتڑون پر بیٹھے اور زانوون کو زمین سے بلند رکھے اسطرح سے

ترکیب پڑھنے نماز کی

بیان نشست و برخاست

۹ مفصل بیان

کہ تلوے زمین پر ہون اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے ہاتھ کانون تک اُٹھاوے پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ
وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ کہے پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہکر دوسرا سجدہ بطور اول بجا لاوے بعد اُسکے بیٹھے
اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اندک صبر کرکے پھر اُٹھے اول زانو اُٹھاوے پھر ہاتھ اور کہے بِحَوْلِ
اللّٰہِ وَقُوَّتِہٖ اَقُوْمُ وَاَقْعُدُ اور عورت اول ہاتھ اُٹھاوے پھر زانو پس جب کھڑا ہووے
دوسری رکعت پڑھے بعد الحمد کے سورۂ قل ہو اللہ پڑھے اور بعد قل ہو اللہ کے کَذٰلِکَ
اللّٰہُ رَبِّیْ تین بار کہے اور قنوت پڑھے ہاتھون کو برابر مُنھ کے اُٹھاوے کہ ہتیلیان طرف
آسمان کے ہون اور ہتیلیون کی طرف دیکھے اور یہ قنوت پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور اگر دعاے قنوت کے
اول کلمات فرج پڑھے بہتر ہی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ
سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْھِنَّ وَمَا بَیْنَھُنَّ وَمَا
فَوْقَھُنَّ وَمَا تَحْتَھُنَّ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور رکوع اور سجود بطور رکعت اول کے بجالاوے اور بعد فراغ دونون
سجدون کے درست ہوکر بیٹھے اور تشہد پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ
لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ
اگر نماز دو رکعتی ہو تو تشہد کے بعد سلام کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ
بَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
اور یہ سلام پہلا داخل تشہد ہی اور دوسرا جانب قبلہ کہے گوشہ چشم سے جانب راست اشارہ
کرے سلام تیسرا سنت ہی پس اگر نماز تین یا چار رکعتی ہی بعد تشہد کے اُٹھے ایک رکعت یا دو رکعت
باقی بجالاوے چاہے سورۂ الحمد پڑھے چاہے یہ تسبیح اربعہ تین مرتبہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ
وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ اور رکوع و سجود بطور اول کرے اور تشہد و سلام
کہکے تین بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور ہر مرتبہ ہاتھ اُٹھاوے کانون تک جب تکبیر کہے ہاتھ اُٹھاوے

بیان قنوت

بیان تشہد

تسبیحات

ہتیلیان طرف قبلہ کے ہون اور بعد سلام کے جسطرح سے کہ بیٹھا ہی تسبیح جناب سیدۂ کونین علیہا السلام
پڑھے کہ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہین کہ تسبیح حضرت زہرا پیچھے ہر نماز کے دوست
تر ہی نزدیک میرے ہزار رکعت نماز سے کہ ہر دن پڑھے چونتیس ۳۴ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور تینتیس ۳۳ مرتبہ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور تینتیس ۳۳ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ایک مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے تو حق تعالے اُسکو
بخش دیگا **فائدہ** مسائل متفرقات متعلق نماز مین اگر دانت یا ناک سے خون نکل رہا ہی اور قطع
نہین ہوتا اور وقت نماز تنگ ہی تو ایسی حالت مین نماز پڑھنا درست ہی اور اسطرح کا خون ایسے
عذر کے ساتھ معفو ہی اور تدبیر یہ کرے کہ رومال سے پوچھتا جائے اور اگر اثناے نماز مین دانت
یا ناک سے خون نکلنے لگے تو اُسی طرح نماز کو جسطرح ممکن ہو تمام کرے اور اگر وقت صلوۃ وسیع ہو تو
بعد طہارت اعادہ نماز کا کرے اگر نماز مین دوسرا سورہ پڑھنا فراموش ہو جائے اور رکوع مین
یا بعد رکوع یاد آوے تو نماز درست ہی بعد گذر جانے محل کے اسکا کچھ اعتبار نہین اگر مثلاً وقت
نماز ظہر کا ہی اور مصلی نے سہواً نیت نماز عصر کی کرکے قراءت شروع کی اور اُسکو قبل رکوع یا بعد
رکوع یاد آیا تو چاہیے کہ فوراً نیت بدل کر نماز تمام کرے اور بعد فراغ احتیاطاً اعادہ بھی کرے
عورت و مرد کا خواہ محرم ہون خواہ نامحرم باہم بغیر فاصلہ یا بغیر حجاب نماز پڑھنا درست نہین لازم ہی کہ
یا درمیان مین حجاب ہو یا عورت مرد مین فاصلہ دس ہاتھ کا ہو یا عورت پیچھے مرد کے نماز پڑھے
کہ ان صورتون مین نماز دونون کی درست ہی اگر وقت نماز کا بالکل تنگ ہو تو منتہا نماز مختصر کی یہ
صورت ہی کہ نیت اور تکبیرۃ الاحرام اور سورۂ الحمد اور رکوع اور سجود مین ایک ایک مرتبہ
سُبْحَانَ اللّٰہِ اور تشہد اور سلام مختصر پر اکتفا کرے اسطرح اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ
وَبَرَکَاتُہٗ اگر آب خالص مین کسی قدر کیوڑا یا گلاب براے خوشبو ملا ہو تو اُس سے وضو صحیح ہی
بشرطیکہ وہ پانی اطلاق لفظ آب سے خارج نہو یعنی اُس پانی کو کیوڑا یا گلاب سے تعبیر نہ کرین اور
بعد الحمد جو دوسرا سورہ پڑھتے ہین پس چاہیے کہ سورۂ الم ترکیف یا لایلاف یا الم نشرح یا والضحی کو

مسائل متفرقہ نماز

تنہا تنہا نہ پڑھے اسلیے کہ حکم ایک سورۂ کامل کے پڑھنے کا ہے اور یہ سورہ فی نفسہ کامل نہین ہین بلکہ
الم ترکیف اور لایلاف دونون ملکر ایک سورہ ہین اور والضحی اور الم نشرح ملکر ایک سورہ ہے اگر نماز
مین پڑھے تو اسی ترکیب کے ساتھ پڑھے اگر مصلی نے بعد الحمد کوئی سورہ پڑھنا شروع کیا
تو نصف سورہ تک پہونچنے کے قبل اگر چاہے تو اُس سورہ کو ترک کرکے دوسرا سورہ پڑھ سکتا ہے
مگر دوبارہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کے لیکن اگر سورۂ قل ہو اللہ کو شروع کیا ہے تو اُس سے عدول
حرام ہے یعنی اُسکو ترک نہین کر سکتا ہے اگرچہ رکعت اول ہو اور اگر اثناے نماز مین قے آجاوے تو نماز
باطل نہین ہوتی مگر شرط ہے کہ مصلی سکوت طویل یا کوئی اور کام نکرے اور قبلہ سے منحرف نہو جاوے
اور واضح ہو کہ مذہب حقۂ اثنا عشریہ مین نماز ظہر قضا نہین ہوتی جبتک کہ غروب آفتاب مین
پانچ رکعتون کا وقت باقی رہے یعنی چار رکعتین ظہر کی پڑھ کے ایک رکعت عصر کی بھی وقت مین
پڑھ لیجائے پس اگر تین رکعت باقی عصر کی خارج وقت مین بھی پڑھی جائینگی تب بھی دونون
نمازین ادا اور صحیح محسوب ہونگی اسی طرح نماز مغرب وعشا نصف شب تک ادا ہے بشرطیکہ چار
رکعتون کا وقت نصف شب کے آنے مین باقی رہے کہ تین رکعت مغرب کی پڑھ کے ایک
رکعت عشا کی قبل نصف شب پڑھ لیجائے پس اگر باقی تین رکعت عشا کی بعد نصف شب حقیقی کے
پڑھی جائینگی تب بھی دونون نمازین ادا محسوب ہونگی اور یہ بھی معلوم رہے کہ نماز مین مرد پر اسی
قدر واجب ہے کہ قُبُل اور دُبُر اور ہر دو خصیہ کا ستر کرے اور عورت پر کل بدن کا چھپانا واجب ہے
سواے منھ اور ہر دو کف و پشت دست اور ہر دو کف و پشت پا کے اگرچہ اکیلا مکان ہو خواہ مکان
تاریک ہو خواہ حجرۂ بند ہو خواہ شب ہو اور مرد کی جامۂ حریر محض اور جامۂ طلا باف مین نماز باطل ہے
لیکن گوٹ حریر محض کی دو تین انگل تک جائز ہے اور مرد مصلی کے پاس اگر زیور طلائی بطور مخفی ہو مثل
اسکے کہ اشرفی طلائی ازار بند مین بندھی ہو یا بجلی یا بالی طلائی جیب وغیرہ مین رکھی ہو تو نماز درست ہے
مگر عورت کے واسطے زیور طلا اور جامۂ حریر محض سب درست ہے بیان مکروہات مکان مصلی
مکروہ ہے نماز پڑھنا حمام مین حمام سے مراد اندر کا درجہ ہے جہان نہاتے ہین نہ کہ باہر کا درجہ جسکو

بیان مکروہات مکان مصلی

جامہ کن کہتے ہین اور اُس مکان مین جسمین شراب یا اور کوئی نشہ کی چیز رکھی ہو اور جسمین تصویر ذی روح اور سایہ دار رکھی ہو یا آگے چراغ جلتا ہو یا آگ سامنے رکھی ہو یا قرآن شریف آگے کھلا ہوا رکھا ہو یا بول و براز آگے مصلی کے پڑا ہو یا جہان حیوان ذبح کیے جاتے ہون یا جس مکان مین تصویرین دیوار پر لٹکتی ہون یا دیوار پر کھنچی ہون مگر یہ کہ لٹکی ہوئی تصویرون کو اُلٹا کر دے یا جس گھر مین کُتا ہو مگر سگ معلم و شکاری کا ہونا حرج نہین یا مصلی کے منھ کے آگے محض لوہا ہو یا ہتیار ہون مثل تلوار و بندوق وغیرہ کے یا سامنے کوئی مرد یا عورت ہو خفتہ ہو یا بیدار یا قبرستان مین خصوصاً جبکہ کوئی قبر سامنے ہو اور سوا اسکے بھی اور مقامات ہین جہان نماز پڑھنا مکروہ ہی اور یہ ضروری تھوڑا سا انتخاب اُنھین کا ہی

باب چھٹا

باب چھٹا تاکید تعقیبات اور سوال کرنا حاجات کا بعد نماز کے

جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے وارد ہی کہ دعا بعد نماز فریضہ بہتر ہی نماز نافلہ سے اور تعقیبات طلب روزی مین بہتر ہین تردد کرنے اور پھرنے شہر بشہر سے شرح نفلیہ مین وارد ہی کہ ہر گاہ نماز فریضہ سے فارغ ہو پس منھ کرو طرف پروردگار اپنے کے ساتھ دعا کے جو سوال کرو وہ عطا کرے اور فرمایا ہر گاہ بندہ نماز سے فارغ ہو کر حاجت طلب نکرے خدا تعالے کہتا ہی فرشتون سے کہ نظر کرو طرف اس بندے میرے کے کہ فریضہ میرا ادا کیا اور حاجت اپنی کو مجھسے سوال نکیا گویا بے نیاز ہی مجھسے تم نماز اسکی اسکے منھ پر مارو اور فرمایا ای فرزند آدم یاد کر مجھے بعد صبح ایک ساعت بعد عصر ایک ساعت تا کفایت کرون مین مہمات تیرے کی اور کارسازی کرون تیرے کامون کی اور جو بعد نماز صبح بیٹھے جا نماز پر جبتک کہ آفتاب نکلے نگاہ رکھیگا حق تعالی جہنم سے اُسکو اور فرمایا جب نماز سے فارغ ہو بعد تکبیرات کے یہ پڑھے اور ترک نکرے اسے کہ شکر نعمت حق تعالی کا ادا کیا ہوگا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَغَلَبَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وارد ہی کہ جو بعد نماز کے زانو نہ بدلے تین بار یہ استغفار پڑھے حق تعالی اُسکے سب گناہ بخشیگا اگرچہ مانند کف دریا کے ہون اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

تاکید تعقیبات بعد نماز صبح تا بر آمدن آفتاب و بعد عصر

الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ وارد ہی جو بندہ بعد نماز
صبح تین بار یہ کہے خداے تعالیٰ ستر طرح کی بلا اُس سے دفع کریگا کمتر اُنمین سے اندوہ ہی اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَكًا فِیْهِ وارد ہی کہ جو بعد ہر نماز کے
کہے عمدا ترک نکرے کھولیگا حق تعالیٰ آٹھ دروازے بہشت کے کہ داخل ہووے جس دروازہ سے
چاہے اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِكَ
وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ وارد ہی کہ دعا نکی کسی نے مگر ساتھ اس دعا کے بعد ہر نماز کے
کہ بخشا گیا وہ گناہون سے اگرچہ بعدد ستارہ ہاے آسمان اور قطرہ ہاے باران اور ریگ زمین
اور ذرہ ہاے خاک کے ہون یہ دعا جناب حضرت پیغمبر کی ہی یَا مَنْ لَا یَشْغَلُهٗ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ
یَا مَنْ لَا یُغَلِّطُهُ السَّآئِلُوْنَ وَیَا مَنْ لَا یُبْرِمُهٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّیْنَ اَذِقْنِیْ بَرْدَ عَفْوِكَ
وَمَغْفِرَتِكَ وَحَلَاوَةَ رَحْمَتِكَ وارد ہی ایک شخص نے شکایت کی حضرت سے بیماری اور تنگدستی سے
فرمایا کہ بعد نماز فریضہ کے کہو تَوَكَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ
صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا
جناب امیر علیہ السلام سے منقول ہی کہ بعد نماز فریضہ یہ مناجات کہے اِلٰهِیْ هٰذِهٖ صَلٰوتِیْ صَلَّیْتُهَا
لَا لِحَاجَةٍ مِّنْكَ اِلَیْهَا وَلَا رَغْبَةٍ مِّنْكَ فِیْهَا اِلَّا تَعْظِیْمًا وَّطَاعَةً وَّاِجَابَةً لَّكَ اِلٰی مَا اَمَرْتَنِیْ بِهٖ
اِلٰهِیْ اِنْ كَانَ فِیْهَا خَلَلٌ اَوْ نَقْصٌ مِّنْ رُكُوْعِهَا اَوْ سُجُوْدِهَا فَلَا تُؤَاخِذْنِیْ وَ
تَفَضَّلْ عَلَیَّ بِالْقَبُوْلِ وَالْغُفْرَانِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے
روایت ہی کہ جو بعد نماز صبح و شام کے کہے حق تعالیٰ فرشتون کو وحی کرتا ہی کہ لکھو میرے بندہ کے لیے
بخشش گناہون سے کیونکہ اقرار کرتا ہی کہ گناہ سواے میرے نہ بخشیگا کوئی اُسکے سُبْحَانَكَ لَا
اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا جَمِیْعًا فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ كُلَّهَا جَمِیْعًا اِلَّا اَنْتَ کتاب ثواب الاعمال مین
جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہی کہ جو کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَ
بِحَمْدِهٖ لکھیگا خداے تعالیٰ اُسکے واسطے تین ہزار نیکیان او رمٹاویگا تین ہزار گناہ اُسکے اور بلند کریگا

ثواب تسبیح

تین ہزار درجے بہشت مین اور ایک مرغ پیدا کریگا بہشت مین کہ تسبیح الٰہی کرے اور ثواب اُسکا واسطے اُسکے ہوگا اور فرمایا جو کہ تسبیحات اربعہ بعد ہر نماز فریضہ کے پانوٗن کو حرکت ندے پڑھے پھر سوال کرے خدا سے عطا کریگا حاجت اُسکی سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ثقۃ الاسلام جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے لکھتے ہین کہ جو کوئی یہ دعا ہر صبح پڑھے اگر اُس دن مریگا تو داخل بہشت ہوگا اور جو کہ شام کو پڑھے اگر اُس شب کو مریگا تو داخل بہشت ہوگا

برائے دخول بہشت شام و صبح کو پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ مَلٰٓئِكَتَكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ الْمُصْطَفَيْنَ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيًّا وَالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَعَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَى بْنَ جَعْفَرٍ وَعَلِيَّ بْنَ مُوْسٰى وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَعَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةَ بْنَ الْحَسَنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اَئِمَّتِيْ وَاَوْلِيَائِيْ عَلٰى ذٰلِكَ اَحْيٰى وَعَلَيْهِ اَمُوْتُ وَعَلَيْهِ اُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ایضاً بعد ہر نماز واجب کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ایضاً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ وَارْزُقْنِي الْجَنَّةَ وَزَوِّجْنِيْ الْحُوْرَ الْعِيْنَ ایضاً بعد ہر نماز کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عَافِيَتَكَ فِيْ اُمُوْرِيْ كُلِّهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ ایضاً اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بَدِيْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَسْئَلُهٗ اَنْ يُّصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَاَنْ يَّتُوْبَ عَلَيَّ

برائے آمرزش گناہان

ایضاً اگر اس دعا کو بعد ہر نماز واجب کے دس مرتبہ پڑھے تو چالیس ہزار گناہ اُسکے عفو ہونگے اور چالیس ہزار حسنا اُسکے لیے لکھے جائینگے اور گویا اُسنے بارہ ختم قران شریف کا کیا ہوگا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ایضاً مروی ہے کہ جو شخص ایمان بخدا و روز قیامت رکھتا ہو چاہیے کہ ترک نکرے بعد ہر نماز

ثواب کے ایک مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد کا پڑھنا دیگر چند دعائیں وہ لکھی جاتی ہیں کہ بعد ہر نماز اگر انکے پڑھنے کے ثواب لکھے جائیں تو اس مختصر میں گنجایش پذیر نہوں اور بڑے بڑے مطالب دینی و دنیا پر مشتمل ہیں **اول** تین مرتبہ اس دعا کا پڑھنا اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً اَوْ سِرًّا اَوْ عَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَکَشَّافُ الْکُرُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ **دوم** ایک مرتبہ اس دعا کا پڑھنا رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِالْقُرْاٰنِ کِتَابًا وَّبِالْکَعْبَۃِ قِبْلَۃً وَّبِعَلِیٍّ وَّلِیًّا وَّاِمَامًا وَّبِالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَعَلِیِّ ابْنِ الْحُسَیْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ وَّجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَی ابْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِیِّ ابْنِ مُوْسٰی وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِیٍّ وَّعَلِیِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنِ ابْنِ عَلِیٍّ وَّالْحُجَّۃِ ابْنِ الْحَسَنِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ اَئِمَّۃً وَّسَادَۃً وَّقَادَۃً بِہِمْ اَتَوَلّٰی وَمِنْ اَعْدَآئِہِمْ اَتَبَرَّءُ اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ رَضِیْتُ بِہِمْ اَئِمَّۃً فَارْضِنِیْ لَہُمْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ **سوم** ایک مرتبہ اس دعا کا پڑھنا کہ سوائے ثواب بعید کے توسیع رزق کے واسطے بہت مجرب ہے اور عجب مضامین عالیہ پر مشتمل ہے اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْاِیْمَانَ بِکَ وَالتَّصْدِیْقَ بِنَبِیِّکَ وَالْعَافِیَۃَ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَآءِ وَالشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَۃِ وَالْغِنٰی عَنْ شِرَارِ النَّاسِ اَللّٰہُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا صَلٰوتَنَا وَصِیَامَنَا وَقِیَامَنَا وَقُعُوْدَنَا وَرُکُوْعَنَا وَسُجُوْدَنَا وَتَسْبِیْحَنَا وَتَضَرُّعَنَا وَلَا تَضْرِبْ بِوُجُوْہِنَا یَا سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا اَللّٰہُمَّ طَہِّرْ قُلُوْبَنَا مِنَ النِّفَاقِ وَاَعْمَالَنَا مِنَ الرِّیَآءِ وَبُطُوْنَنَا مِنَ الْحَرَامِ وَفُرُوْجَنَا مِنَ الْفُجُوْرِ وَاَعْیُنَنَا مِنَ الْخِیَانَۃِ فَاِنَّکَ تَعْلَمُ خَآئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ صَبْرًا جَمِیْلًا وَّفَرَجًا قَرِیْبًا وَّاَجْرًا عَظِیْمًا وَّتَوْبَۃً نَّصُوْحًا وَّقَلْبًا سَلِیْمًا وَّلِسَانًا ذَاکِرًا وَّبَدَنًا صَابِرًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا

وَسَعْیًا مَشْکُوْرًا وَذَنْبًا مَغْفُوْرًا وَعِلْمًا نَافِعًا وَوَلَدًا صَالِحًا وَ
سِنًّا طَوِیْلًا وَعَمَلًا مَقْبُوْلًا وَدُعَآءً مُسْتَجَابًا وَکَسْبًا طَیِّبًا وَنَعِیْمًا
مُقِیْمًا وَجَنَّةً وَحَرِیْرًا وَنَضْرَةً وَسُرُوْرًا اَللّٰهُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَآءِ
فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ
کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْهُ وَاِنْ کَانَ یَسِیْرًا فَبَارِكْ لَنَا فِیْهِ بِرَحْمَتِكَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
اس دعاے عظیم الشان کو اگر بعد ہر نماز کے پڑھنا مشکل ہو تو بعد نماز صبح کے کسی طرح ترک نکرے
چہارم براے دفع بلیات اور قضاے حاجات کے نہایت مجرب ہی اور حضرت صاحب الزمان
علیہ السلام سے منقول ہی ہر روز ایک مرتبہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ عَالِمٌ بِسِرِّ اَمْرِنَا فَاَصْلِحْهَا
وَاَنْتَ عَالِمٌ بِحَوَائِجِنَا فَاقْضِهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ بِذُنُوْبِنَا فَاغْفِرْهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ
بِاَعْدَآئِنَا فَاَهْلِکْهُمْ وَاَنْتَ عَالِمٌ بِاَمْرَاضِنَا فَاشْفِهَا وَاَنْتَ عَالِمٌ بِمُهِمَّاتِنَا
فَاکْفِهَا یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ
پنجم اگر ایک سال تک اس دعا کو تین مرتبہ ایک وقت مقرر میں ہر روز برابر پڑھے اور ناغہ نہو
تو وہ شخص نہ مریگا جبتک جگہ اپنی بہشت میں نہ دیکھ لیگا سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ سُبْحَانَ
الْقَآئِمِ الدَّآئِمِ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ الْحَیِّ
الْقَیُّوْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ
سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِکَةِ وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِیِّ الْاَعْلٰی سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰی واضح ہو کہ مذہب حقہ
اثنا عشری میں اسقدر وظائف و اعمال ہیں کہ نہ یہ مختصر اُنکے لکھنے کی گنجائش رکھتا ہی نہ ہر شخص اُنکے
عُشر عشیر کو بھی بجا لا سکتا ہی پس بعد وظائف کے جو کچھ ہو سکے اُسکی تمامی پر یہ کہے سُبْحَانَ رَبِّكَ
رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
ہاتھ اُٹھا کے دعا مانگے پس اول دس مرتبہ کہے یَا اَللّٰهُ اور دس مرتبہ کہے یَا رَبِّ اور پوری

ایک سانس کہے یَا رَبِّی یَا اَللّٰہُ پھر مؤمنین اور مؤمنات عزیز و بیگانہ زندہ و مردہ خصوصًا اپنے والدین کیواسطے دعائے مغفرت وغیرہ وغیرہ مانگے اُسکے بعد اپنے واسطے دعا مانگے بعد اسکے سجدۂ شکر بجا لاوے فرمایا بہتر ہے کہ بندہ سجدہ مین تین مرتبہ کہے رَبِّ اِنِّی ظَلَمْتُ نَفْسِی فَاغْفِرْ لِی فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَیْرُکَ یَا مَوْلَایَ جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے وارد ہے کہ ہرگاہ بندہ سجدہ مین یَا رَبِّ یَا رَبِّ کہے جبتک کہ سانس وفا کرے پروردگار فرماتا ہے کہ لبیک کیا حاجت رکھتا ہے تو پس دہنا رخسار سجدہ گاہ پر رکھکر تین مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَّاہُ یَا سَیِّدَاہُ کہے پھر بایان رخسار رکھے اور تین مرتبہ یہی کہے پھر پیشانی سجدہ گاہ پر رکھے اور سو مرتبہ شُکْرًا شُکْرًا کہے حاجت اپنی طلب کرے خدا سے واسطے کشایش رزق کے مجرب ہے کہ چودہ مرتبہ اَلْوَهَّابُ ہر نماز کے بعد سجدہ مین کہے **فائدہ** کتاب کافی مین امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص بعد حاجت طلب کرنے کے کہے مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندہ نے قرار ضرر کا اپنی طرف دیا اور اپنے کام کو مجھپر چھوڑا اے فرشتو کہ موکل ہو قضائے حاجت پر اس بندہ کی جلد حاجت روا کرو اور بعد نماز کے زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام پڑھے جو باب زیارت مین مذکور ہوگی **فصل بیان واجبات وارکان و مبطلات نماز وغیرہ مین** جاننا چاہیے کہ واجبات نماز کے بارہ ہین پہلے قیام دوسرے نیت تیسرے تکبیرۃ الاحرام چوتھے قراءت سورہ حمد پانچوین بعد سورہ حمد کے جو سورہ یاد ہو اُسکا پڑھنا چھٹے رکوع ساتوین ہر سجدہ دونون سجدون مین سے آٹھوین ذکر رکوع و سجود نوین ترتیب یعنی ایک چیز کے بعد دوسری چیز کا عمل مین لانا جیسے بعد رکوع کے سجدہ کرنا وغیرہ وغیرہ دسوین موالات یعنی پے درپے کرنا یہ نہین کہ مثلاً رکوع کے بعد چپکا دیر تک کھڑا رہکے پھر سجدہ کیا گیارھوین تشہد بارھوین سلام اور رکن نماز کے پانچ ہین پہلے تکبیرۃ الاحرام دوسرے قیام وقت تکبیرۃ الاحرام بلکہ استقرار و طمانینت بھی تیسرے قیام متصل برکوع یعنی حالت قیام سے رکوع مین جانا چوتھے رکوع پانچوین دونون سجدے ملاکر پس جاننا چاہیے کہ رکن وہ چیز ہے جسکے ترک کرنے سے عمدًا خواہ سہوًا نماز باطل ہو جاتی ہے پس اگر کوئی شخص نیت

آداب سجدہ شکر

واجبات و ارکان نماز

یعنی قصد نماز یا تکبیرۃ الاحرام کو سہو کرے تو نماز اُسکی باطل ہی جہان پر یا جب یاد آجاوے نماز کا اعادہ
کرے اور اگر رکوع سہو کیا اور پہلے سجدہ کرنے کے یاد آگیا تو کھڑا ہو جاے اور رکوع کرکے
پھر سجدہ کرے اور اگر سجدہ گاہ پر پیشانی پہونچ گئی اور رکوع کا نکرنا یاد آیا اب نماز باطل ہو گئی
از سر نو پڑھے اور واجبات غیر رکنی مین سے اگر کسی کو عمدًا ترک کیا تو نماز باطل ہی اور اگر سہوًا
ترک ہو گیا اور بعد گذرنے محل کے یاد آیا تو باعث ہر ایسی زیادتی یا کمی کے بعد نماز کے دو سجدے
سہو کے بقصد قربت کرے اور سجدۂ سہو کا ذکر آگے آئیگا **فائدہ** اگر کوئی شخص اپنے لباس مین
اثناء نماز مین نجاست بھری دیکھے اور اُس کپڑے کو پھینکدینا ممکن نہو تو نماز کو قطع کرے اور
دوبارہ پڑھے بعد تبدیل لباس یا تطہیر کے اسی طرح اگر بعد نماز کے یاد آئے یا معلوم ہو کہ نجس
لباس سے نماز پڑھی ہی تو نماز کا اعادہ کرے اور اگر وقت نماز کا گذر گیا ہو تو قضا کرے اسی طرح
حرام گوشت جانور کا کوئی جزو اگر مصلی کے پاس ہو گا تو نماز صحیح نہو گی جیسے ہاتھی دانت کے بوتام
یا اور کوئی چیز مگر سیپ کے بوتام نزدیک جناب شیخ علیہ الرحمہ کے نماز مین جائز ہین وہ فرماتے ہین
یہ اُس حیوان کا خول ہی جزو اُسکا نہین ہی اسی طرح بعد رکوع کے سیدھا ہو کر سجدہ مین جانا واجب ہی
اگر عمدًا سیدھا نہو گا اور جُھکا ہوا سجدہ مین جائیگا تو نماز باطل ہو جائیگی **مبطلات نماز** یعنی جنسے
نماز باطل ہو جاتی ہی پہلے بغیر وضو و تیمم و غسل کے نماز کا پڑھنا دوسرے سکوت طویل یعنی نماز میں بقدر
سکوت کرے کہ لوگ معلوم کرین کہ نماز نہین پڑھتا ہی تیسرے قہقہہ مار کے ہنسنا عمدًا ہو یا سہوًا چوتھے
ریح وغیرہ کا نکل جانا پانچوین بغیر تقیہ کے ہاتھ باندھ کے نماز پڑھنا چھٹے حالت اختیار مین قبلہ سے
منحرف ہو جانا ساتوین کلام کرنا اگرچہ دو حرفی ہو آٹھوین رونا واسطے امر دنیا یا میت کے عمدًا
یا سہوًا مگر رونا خوف خدا سے اور حال سید الشہدا اور اہل بیت پر کہ اُس سے نماز باطل نہوگی
نوین بعد سورہ حمد کے بغیر تقیہ کے آمین کہنا دسوین اثناء نماز مین کچھ کھانا پینا گیارھوین واجبات
نماز کو عمدًا ترک کرنا بارھوین زیادہ یا کم کرنا کسی رکن نماز کا عمدًا یا سہوًا تیرھوین آٹھ صورتین
شک کی جنسے نماز باطل ہو جاتی ہی اور انکی تفصیل آگے مذکور ہی چودھوین مکان و لباس غصبی مین

مبطلات نماز

نماز پڑھنا اور واضح ہو کہ نماز کو کسی حالت مین توڑنا جائز نہین ہی بلکہ حرام ہی مگر چند مقام پر جائز ہی مثلا سانپ یا بچھو یا اور کوئی جانور جس سے خوف ہلاکت کا ہو اسکے قریب آتا ہو یا لڑکا کوئی کنوین مین گرتا ہو یا چور اسباب مصلی کا چرانے لینے جاتا ہو غرض ایسے ہی مواقع اضطراری مین قطع نماز جائز ہی مگر بعد اُسکے اعادہ لازم ہی

باب ساتوان بیان شکیات نماز وغیرہ وسجدۂ سہو مین

پانچ صورتین شک کی وہ ہین جنمین شک کا اعتبار نہین اور نماز صحیح ہی پہلے شک کرنا مصلی کا بعد از محل جیسے سجدہ مین شک ہوا کہ رکوع کیا ہی یا نہین دوسرے شک بعد سلام تیسرے شک بعد از وقت جیسے شام کو شک ہوا کہ ظہر کی مثلاً نماز پڑھی تھی یا نہین چوتھے شک کثیر الشک جسکو عرف مین لوگ کہین کہ یہ شخص بڑا شکی ہی پانچوین امام و ماموم انمین سے کسی کی شک کا ساتھ حفظ دوسرے کے اعتبار نہین یعنی اگر امام کو شک ہو کسی فعل مین تو قول پر ماموم کے یعنی جو پیچھے نماز پڑھتا ہی اعتماد کرے اور اگر ماموم کو شک ہو تو قول پر امام کے اعتماد کرے اور آٹھ صورتین شک کی وہ ہین جنمین نماز باطل ہی از سر نو پڑھے پہلے شک نماز دو رکعتی مین جیسے صبح کی اور ظہر اور عصر اور عشا کی پہلی دو رکعتون مین اور سفر مین پانچون وقت کی نمازون مین اگر شک ہو تو نماز باطل ہی اسلیے کہ سفر مین کُل نمازین چو رکعتی دو رکعتی رہجاتی ہین دوسرے شک نماز سہ رکعتی مین جیسے مغرب کی نماز ہی تیسرے شک نماز چو رکعتی مین جسمین پہلی رکعت کا پاؤن درمیان مین ہو یعنی نماز چو رکعتی مین ایسا شک ہو کہ پہلی رکعت تھی یا دوسری یا پہلی تھی یا تیسری یا چوتھی یا پہلی تھی یا تیسری یہ بھی نماز باطل ہی چوتھے شک نماز چو رکعتی مین جسمین دوسری رکعت کا پاؤن درمیان مین ہو مگر قبل اکمال دونون سجدون کے یعنی دوسری رکعت کے دونون سجدے تمام نہوئے تھے کہ شک ہوا کہ یہ رکعت دوسری تھی یا تیسری یا چوتھی یہ نماز بھی باطل ہی اور اگر بعد پورے ہونے دونون سجدون کے شک ہو گا چو رکعتی نماز مین تو اُسکا تدارک آگے لکھا ہی پانچوین شک نماز چو رکعتی مین اگر ہو کہ یہ رکعت دوسری تھی یا پانچوین تو نماز باطل ہی چھٹے شک نماز چو رکعتی مین اگر ہو کہ یہ رکعت

تیسری تھی یا چھٹی تو بھی نماز باطل ہی ساتوین نماز چو رکعتی مین اگر شک ہو کہ یہ رکعت چوتھی تھی یا چھٹی
تو بھی نماز باطل ہی آٹھوین اگر کسی کو عدد رکعات مین شک ہوا اور نہ جانے کہ کی رکعتین پڑھی ہین
اس صورت مین بھی نماز باطل ہی اب وہ آٹھ صورتین جنمین نماز باطل نہین ہی بلکہ اُنکا تدارک کرنا چاہئیے
یہ ہین پہلے نماز چو رکعتی مین اگر شک ہو مگر بعد تمام ہونے دونون سجدون کے کہ یہ رکعت دوسری
تھی یا تیسری تو بِنا تین پر رکھ کے ایک رکعت اور پڑھے اور نماز کو تمام کرکے ایک رکعت
کھڑے ہوکر پڑھے خواہ دو رکعت بیٹھ کے دوسرے اگر نماز چو رکعتی مین شک پڑے مگر بعد تمام
ہونے دونون سجدون کے کہ یہ رکعت دوسری تھی یا تیسری تھی یا چوتھی تو بِنا چار پر رکھ کے
نماز کو تمام کر دے اور پہلے دو رکعت کھڑے ہوکر پڑھے اور بعدہٗ دو رکعت بیٹھ کے بھی پڑھے
تیسرے اگر نماز چو رکعتی مین شک پڑے مگر بعد کامل ہونے دونون سجدون کے کہ یہ رکعت دوسری
تھی یا چوتھی تو بِنا چار پر کرکے نماز کو تمام کرے اور دو رکعت کھڑے ہوکر پڑھے چوتھے نماز چو رکعتی
مین اگر شک پڑے کہ یہ رکعت تیسری تھی یا چوتھی اب اس شک مین کوئی قید نہین ہی چاہے جس
مقام پر شک پڑے یہ شک صحیح ہی پس بِنا چار پر رکھ کے نماز کو تمام کرے اور مثل صورت اول
کے ایک رکعت کھڑے ہوکر پڑھے یا دو رکعت بیٹھ کے مگر یہان دو رکعت بیٹھکر پڑھنا افضل ہی
پانچوین نماز چو رکعتی مین اگر شک پڑے کہ یہ رکعت تیسری تھی یا چوتھی یا پانچوین پس فوراً بیٹھ جائے
اور نماز کو تمام کرکے مثل صورت دوم پہلے دو رکعت کھڑے ہوکر پڑھے بعد ازان دو رکعت
بیٹھ کے چھٹے نماز چو رکعتی مین اگر شک پڑے کہ یہ رکعت تیسری تھی یا پانچوین پس فوراً بیٹھ جائے
اور نماز کو تمام کرکے مثل صورت سوم دو رکعت کھڑے ہوکر پڑھے ساتوین نماز چو رکعتی مین
اگر شک پڑے کہ یہ رکعت چوتھی تھی یا پانچوین اسکی دو شکلین ہین اگر یہ شک حالت قیام مین
پڑے فوراً بیٹھ جائے اور نماز کو تمام کرکے ایک رکعت کھڑے ہوکر پڑھے یا دو رکعت بیٹھ کر
اور اگر یہ شک بعد کامل ہونے دونون سجدون کے پڑے پس نماز کو تمام کرکے دو سجدۂ سہو کے
بقصد واجب کرے آٹھوین نماز چو رکعتی مین اگر شک پڑے کہ یہ رکعت پانچوین تھی یا چھٹی پس فوراً

بیٹھ جانے اور نماز کو تمام کر کے دو سجدے سہو کے بقصد واجب کرے **فائدہ** ان شکون کی جو تدبیرین لکھی گئی ہین پس معنی شک کے یہ ہین کہ دونون رُخ شک کے برابر ہون جیسے مثلاً دو اور تین مین شک ہو تو جتنا گمان دو پر ہو اُتنا ہی تین پر بھی ہو اور اگر کوئی جانب گمان کا قوی ہو تو اُسی پر عمل کرے اسی واسطے لکھا ہے کہ جب شک پڑے تو غور کر کے اُس پر عمل کرے جب ایک پہلو ذہن مین قائم نہو سکے تو اُسکا نام شک ہے **واضح ہو** کہ اکثر ناواقف جب عدد رکعات مین شک پڑتا ہے تو نماز تمام کر کے ایک اور نماز پڑھ لیتے ہین یعنی اُسی نماز کا اعادہ کر لیتے ہین یہ ہرگز نچاہیے اسلیے کہ اگر ایسا کریگا تو گویا اُسنے نماز ہی نہین پڑھی اور گنہگار ہوا پس چاہیے کہ جب شک پڑے بموجب حکم شارع عمل کرے **ترکیب نماز شک** بعد تمام کرنے نماز کے تھوڑا غور کر لے جب شک پورا رہے اور کسی طرف ظن غالب نہو تو بغیر بات یا کوئی کام کیے نماز احتیاط بموجب تفصیل بالا شروع کر دے نیت یہ کرے کہ ایک رکعت یا دو رکعت نماز احتیاط کی واسطے شک کے جو مجکو مثلاً نماز ظہر مین ہوا ہے پڑھتا ہون واجب قربۃً الی اللہ پھر تکبیرۃ الاحرام کہکے فقط سورۂ الحمد پڑھے دوسرا سورہ نہ پڑھے اور عوض الحمد کے تسبیحات اربعہ بھی نہ پڑھے اور قنوت بھی نہ پڑھے اور اذان و اقامت کچھ نکہے اور تشہد و سلام مختصر جیسا کہ بیان سجدۂ سہو مین آگے مذکور ہے پڑھے **بیان سجدۂ سہو وغیرہ کا** جان تو کہ سجدے سہو کے پانچ جگہ واجب ہوتے ہین اوّل کلام ہے کہ نماز مین سواے قرآن و دعایات کرے بھولے سے تو بعد نماز کے دو سجدے سہو کے کرے دوسرے شک کرے چوتھی اور پانچوین رکعت مین بعد اکمال دونون سجدون کے تیسرے سجدے سہو کے واجب ہوتے ہین پہلے تشہد کے بھولنے سے اور صلوات کے بھولنے سے بشرطیکہ محل ہر ایک کا گذر گیا ہو پس اسصورت مین واجب ہے کہ جو بھولا ہو بعد تمام کرنے نماز کے بجا لاوے بعد اُسکے دو سجدے سہو کے کرے اگر دو چیزین بھولا ہو اُسی ترتیب سے کہ جسطور سے بھولا ہو بعد سلام کے بجا لاوے پھر ہر ایک کے لیے دو سجدے سہو کے کرے مثلاً نماز ظہر مین تشہد اول بھول گیا اور ایک سجدہ تیسری رکعت سے فراموش کیا تو پہلے تشہد بجا لاوے

ترکیب نماز شک

بیان سجدۂ سہو وغیرہ

اور نیت اسطور پر کرے کہ تشہد فراموش کیا ہوا نماز ظہر کا بجالاتا ہون مین ادا واجب تقرب بخدا اگر وقت نماز گذر گیا ہو بجاے ادا قضا کہے اسکے بعد دو سجدے سہو کے کرے پھر وہ سجدہ جو فراموش کیا تھا بجالانے اُسکے بعد دو سجدے سہو کے کرنے چوتھے سجدے سہو کے واجب ہوتے ہین واسطے بھولنے سجدے پہلے کے پانچوین جب کہ سلام بھولے سے بے موقع پڑھجاوے جیسے پہلی دو رکعت کے بعد تشہد پڑھ کے نماز سہ رکعتی یا چہار رکعتی مین کھڑا ہوجانا چاہیے تھا اور اسنے بھولے سے سلام پڑھدیا اس خیال سے کہ نماز تمام ہوگئی مگر ساتھ ہی سلام پڑھ دینے کے خیال آگیا اور کھڑا ہوگیا تو اب بعد نماز تمام کرنے کے دو سجدہ سہو کے کرے پس ان پانچ مقام پر تو سجدہ سہو کے واجب ہین چھٹے جسوقت کہ بھولے سے کھڑا ہو بیٹھنے کے مقام مین اور بیٹھے کھڑے ہونے کے مقام مین تو اسمورت مین سجدے سہو کے احوط ہین ساتوین واسطے ہر ایک کمی اور زیادتی کے کہ نماز مین ہووے اسمین بھی سجدۂ سہو بجالانا بہتر ہے آٹھوین اُس مقام مین کہ شک ہو درمیان تین اور چار رکعت کے اور ظن کا غلبہ ہو طرف رکعت چوتھی کے تو نماز کو تمام کرے اور بعد پڑھنے نماز احتیاط کے احتیاطاً سجدۂ سہو کے بھی بجالاوے نوین اُس مقام مین کہ شک کرے زیادتی و کمی افعال نماز مین مانند اسکے کہ شک کرے کہ تین بار ایک سجدہ کیا ہے اور یہ بھی جانتا ہے کہ اسمین سے ایک چیز مجھسے صادر ہوئی تو اسصورت مین بھی احتیاطاً سجدے سہو کے کرے اور کیفیت سجدہ سہو کی یہ ہے کہ اول اُس شی کو جو ترک ہوگئی ہے بجالانے یا اگر کلام بیجا یا سلام بیجا یا عدد رکعات کے لیے سجدۂ سہو کے کرنا ہین تو اول ہی سے یہ نیت کرے کہ دو سجدے سہو کے بجالاتا ہون مین بسبب فلان سہو کے واجب قربۃً الی اللہ اور اگر ان پانچ صورتون کے سوا ہو تو فقط قربۃً الی اللہ کہے پھر اللّٰہُ اَکْبَرُ کہکے سجدہ مین جاوے اور یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پس سر سجدہ سے اُٹھاکے قدرے ٹھہر کر دوسرا سجدہ کرے اور یہی دعا پڑھے بعد ازان بیٹھ کر یہ تشہد خفیف پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اور یہی تشہد خفیف نماز شک مین بھی پڑھے

نماز ارکان سہو

دعا اور تشہد سہو

اور قیام بعد از رکوع واجبات سے ہی اگر اُسکو عمداً ترک کریگا تو بھی نماز باطل ہوجائیگی یعنی چاہیے کہ بعد رکوع کے سیدھا ہو کر سجدہ مین جائے

باب آٹھوان فضیلت نماز نوافل شب و روز مین

جناب امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا کہ علامت مؤمن کی پانچ چیزین ہین اوّل اکاون رکعت نماز فرض و نافلہ پڑھنا دوّم زیارت جناب امام حسین علیہ السلام اربعین کے دن پڑھنا سوّم انگوٹھی داہنے ہاتھ مین رکھنا چہارم سجدہ مین مُنھ خاک پر رکھنا پنجم بسم اللہ الرحمن الرحیم نماز مین باواز بلند پڑھنا جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہی کہ نماز بعضے بندے کی نصف بعضے کی تیسرا حصّہ بعض کی چوتھائی حصّہ بعض کی پانچوان حصّہ جسقدر حضور قلب سے پڑھی جاتی ہی ملائکہ آسمان پر لیجاتے ہین اور نہین لیجاتے اور بدرجۂ قبولیت نہین پہونچاتے ہین کہ جو حضور قلب سے نہ پڑھی ہو اسی واسطے حکم ہوا ہی بندون پر کہ نماز نوافل بجالاوین کہ اگر نماز واجبی مین بسبب شغل دنیوی کے نقص ہووے اور نماز نافلہ حضور قلب سے پڑھی جاوے تو قائم مقام نماز واجبی کی ہو کر درجۂ قبولیت پاوے اور منقول ہی کہ حق سبحانہ وتعالی فرماتا ہی کہ تقرب حاصل کرین بندے میرے مجھسے ساتھ پڑھنے نماز نافلہ کے تا وہ محبوب میرے ہووین پس جب محبوب ہوئے اُسوقت بمنزلۂ آنکھ اور کان اور زبان اور ہاتھ اُنکے مین ہونگا جو کچھ مجھسے طلب کرین قبول کرونگا اگر سوال کرین مجھسے عطا کرونگا مین اُسکو حدیث مین وارد ہی کہ نماز نافلہ پڑھنے والے کا مُنھ مانند ماہ چودھوین رات کے ہوگا روز محشر مین اور قبر نورانی اور ریحان بہشت سے معطر ہوگی پس ادعیہ نماز نافلہ کی بہت ہین مگر ہر ایک کو یاد کرنا ممکن نہین اسواسطے مختصر لکھا کہ ہر مؤمن و مؤمنہ بجالاوین ایک لحظہ کی مشقت مین بہشت حاصل کرین اور مطالب دینی و دنیوی برآوین پس معلوم کر کہ نماز نافلہ ظہر اول وقت پیش از نماز ظہر کے آٹھ رکعت ہین اور پیش از عصر آٹھ رکعت ہر دو رکعت بیک سلام ہین جو سورہ یاد ہو پڑھے اور چار رکعت نماز نافلہ بعد از نماز مغرب کے ہین گھر مین ہو خواہ سفر مین ہو ترک نکرے اگر ترک کرے تو قضا کرے پہلی رکعت مین بعد الحمد کے تین بار

آٹھوان علامت مؤمنین

ثواب نماز نافلہ

ادعیہ نماز نافلہ و وقت نماز

نافلہ مغرب

قل ہو اللہ پڑھے دوسری رکعت میں بعد الحمد کے انا انزلناہ پڑھ کے سلام کہے اور تیسری رکعت میں
الحمد کے بعد یہ آیات پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَ
هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ
يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَهُوَ
مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ
يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَهُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ اور چوتھی
رکعت میں بعد الحمد کے یہ آیات پڑھے لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ
خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ هُوَ
اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اور درمیان
مغرب اور عشا کے بعد نافلہ مغرب دو رکعت نماز غفیلہ وارد ہے رکعت اول میں بعد الحمد کے پڑھے
وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمَاتِ
اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ
الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ دوسری رکعت میں بعد الحمد کے پڑھے وَعِنْدَهٗ
مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ
وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ
اِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ بعدہ ہاتھ اٹھا کے بجاے قنوت یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ

بیان نماز غفیلہ

بِمَفَاتِحِ الْغَيْبِ الَّتِي لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا أَنْتَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَفْعَلَ بِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ اللَّهُمَّ أَنْتَ وَلِيُّ نِعْمَتِي وَالْقَادِرُ عَلَى طَلِبَتِي تَعْلَمُ حَاجَتِي فَأَسْأَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ لِمَا قَضَيْتَهَا لِي يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

پس بعد ختم نماز سوال کرے خدا سے حاجت اپنی کہ روا ہوگی دیگر جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہی کہ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت فرمائی ہی کہ دو رکعت نماز درمیان مغرب وعشا کے جو پڑھے ہر مہم اسکا کفایت ہوگا اور وہ متقیون مین سے ہوگا اگر ہر سال مین پڑھے وہ محسنین مین سے ہوگا اگر ہر شب جمعہ پڑھے وہ مخلصین مین سے ہوگا اور اگر ہر شب پڑھے برابری اور ہمنشینی میری کریگا بہشت مین حساب نکریگا اسکا کوئی مگر خداے تعالی اس پہلی رکعت مین بعد حمد کے تیرہ۱۳ مرتبہ اذا زلزلت الارض اور دوسری رکعت مین بعد الحمد کے پندرہ۱۵ مرتبہ قل ہو اللہ اور بعد فراغ نماز عشا کے دو رکعت نماز نافلہ وتیرہ بیٹھ کے پڑھے

(ثواب دو رکعت نماز درمیان مغرب وعشا)

فضائل نماز شب جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہی کہ جو کوئی نماز شب تمام پڑھے تو اس جا سے نہ اٹھیگا کہ حق تعالی گناہ پچاس برس کے کہ گذرے ہونگے اور گناہ پچاس برس آیندہ کے اسکے بخشدیگا اور لکھیگا حق سبحانہ وتعالی عوض ہر رکعت کے عبادت ہزار سالہ اسکی اور وہ شفاعت کریگا ستر شخص کی اپنے عزیزون مین سے کہ قابل جہنم ہووین اور برلاویگا اسکی ہزار حاجت دنیا وآخرت کی کہ کمتر انمین سے گناہون سے پاک ہونا ہی جیسا کہ مان کے پیٹ مین سے پیدا ہوا اور عذاب قبر سے بے دہشت ہوگا اور چٹھی لکھدینگے بیزاری آتش دوزخ سے اور نفاق سے دوسری حدیث مین جناب امیر علیہ السلام سے وارد ہی کہ جو نماز شب پڑھے تو عطا کریگا خداے تعالی اس چیز کو کہ کسی نے آنکھ اور کان سے ندیکھی ہو نہ سنی ہو اور جب قبر سے باہر نکلیگا تو ستر ہزار فرشتے پس وپیش اسکے آوینگے اور بشارت دینگے اسکو ساتھ بہشت کے اور ہمراہی کرینگے اسکی تا بہشت جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہی کہ نماز شب جو پڑھے خوبصورت ہوتا ہی مانند دن کے اور نیکو ہوتا ہی

(ثواب نماز شب)

اور روزی کشادہ ہوتی ہی اور غم و درد دور ہوتا ہی اور آنکھین روشن ہوتی ہین اگر بیمار ہو تو برکت سے
نماز شب کی نجات پاتا ہی اور تیسرا حصہ رات کا جب ہوتا ہی تو ایک ساعت ہی اُسین کہ اُس وقت
جو حاجت طلب کرے روا ہوگی جب نماز شب کو اُٹھتا ہی تو فرشتے اُسکے لیے دعا کرتے ہین اور
کہتے ہین کہ تو وہ کار کرتا ہی جو پیغمبر اور صدیق کرتے تھے اگر یقین ہو کہ آخر شب مین آنکھ نہ کھلیگی
جس وقت سووے نماز شب پڑھ کے سو رہے اگر دو گھڑی پیش از صبح کے بھی اُٹھے تو گیارہ رکعت
نماز شب بجالاوے سورہ ہاے کوچک سے پہلی دو رکعت مین بعد الحمد کے تیس مرتبہ قل ہو اللہ
اگر نہو سکے تو پہلی دو رکعت مین بعد الحمد کے ایک مرتبہ قل ہو اللہ دوسری رکعت مین بعد الحمد کے
ایک مرتبہ قُلْ یَا اَیُّهَا الْكَافِرُوْنَ اور باقی چھ رکعات مین جو سورہ چاہے پڑھے جب آٹھ رکعت نافلہ
شب سے فارغ ہو تو تسبیح جناب فاطمہ پڑھے پھر دو رکعت نماز شفع بجالاوے ہر رکعت مین بعد
الحمد قل ہو اللہ ایک مرتبہ یا پہلی رکعت مین قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ دوسری مین قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ
پڑھے بعد سلام اور تسبیح کے یہ دعا پڑھے اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ
وَقَصَدَكَ فِیْهِ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ وَلَكَ فِیْ هٰذَا
اللَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَجَوَائِزُ وَعَطَایَا وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰی مَنْ تَشَاءُ مِنْ عِبَادِكَ وَتَمْنَعُهَا
مَنْ لَمْ تَسْبِقْ لَهُ الْعِنَایَةُ مِنْكَ وَهَا اَنَا ذَا عُبَیْدُكَ الْفَقِیْرُ اِلَیْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَ
مَعْرُوْفَكَ فَاِنْ كُنْتَ یَا مَوْلَایَ تَفَضَّلْتَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ عَلٰی اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ وَ
عُدْتَ عَلَیْهِ بِعَائِدَةٍ مِنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ
فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَا وَعَدْتَنِیْ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اور اس نماز شفع کو بلا قنوت پڑھے کیونکہ اس
نماز مین قنوت نہین ہی بعد اُسکے ایک رکعت نماز وتر پڑھے بعد الحمد کے تین بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اور
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک مرتبہ پڑھے پھر ہاتھ اُٹھا کر یہ دعاے
قنوت پڑھے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ
السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْهِنَّ وَمَا بَیْنَهُنَّ وَمَا فَوْقَهُنَّ وَمَا

تنتهین وھو رب العرش العظیم وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین
یا اللہ الذی لیس کمثلہ شئی وھو السمیع البصیر صل علی محمد وآل محمد پھر ستر
مرتبہ یا سو مرتبہ یہ استغفار کہے استغفر اللہ ربی واتوب الیہ اور سات مرتبہ کہے استغفر
اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم من جمیع ظلمی وجرمی واسرافی علی نفسی
واتوب الیہ پھر کہے رب اسأت وظلمت نفسی وبئس ما صنعت وھذہ یدای یا رب
جزاء بما کسبت وھذہ رقبتی خاضعۃ لما اتیت وھا انا ذا بین یدیک فخذ لنفسک من نفسی
الرضا حتی ترضی لک العتبی لا اعود پھر تین سو مرتبہ کہے العفو العفو اسکے بعد کہے رب اغفرلی
وارحمنی وتب علی انک انت التواب الرحیم بعد اسکے چالیس مومن کے لیے نام بنام دعا کرے کہ
اللھم اغفر لفلان وفلان پس سعی کرے کہ آنسو بھر آوین آنکھ مین کہ خدائے تعالی بخشدیگا اور
آگ اُسپر حرام ہوگی ہرگز خواری نہ دیکھیگا قطرۂ آنسو دریائے آگ کو بجھاتا ہی بعد اسکے رکوع اور
سجدے کرکے نماز کو تمام کرے کیونکہ یہ نماز وتر ایک ہی رکعت کی نماز ہی بعد اسکے دعا مانگے
کہ دعا اسوقت کی مستجاب ہی اور یہ بھی جان تو کہ نماز شب وکل نماز سنتی بیٹھ کر بھی پڑھ سکتا ہی پس
بعد الفراغ نماز شب کے قریب صبح صادق دو رکعت نماز نافلہ صبح پڑھے رکعت اوّل مین بعد
الحمد کے قل یا ایھا الکافرون دوسری رکعت مین بعد الحمد کے قل ھو اللہ پڑھ کے حاجت طلب
کرے پھر سجدۂ شکر کرکے نماز صبح بجالاوے

باب نوان بیان ثواب وطریق نماز حضرت جعفر طیار مین

روایت معتبرہ مین وارد ہی کہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اگر ہر روز یہ نماز
پڑھے بہتر ہی واسطے تیرے دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہی اور جو گناہ کہ درمیان دو نماز کے صادر
ہوئے ہون تو بخشے جائینگے اگر ہر جمعہ مین پڑھے یا ہر مہینے مین ایک مرتبہ یا برس دن مین ایک مرتبہ
پڑھے تو گناہ اُسکے خدا بخشدیگا تیسری روایت مین وارد ہی فرمایا اگر ہو سکے ہر روز یہ نماز پڑھے
اگر نہو سکے ہفتہ مین اگر یہ بھی ممکن نہو مہینے مین پڑھے اگر یہ بھی دشوار ہو برس دن مین پڑھے اگر یہ بھی

استغفار و دعا واسطے اشخاص مخصوص نماز وتر

باب نوان

نہو سکے تو عمر بھر مین ایک مرتبہ پڑھے کہ خدائے تعالیٰ گناہان صغیرہ وکبیرہ تازہ وکہنہ اور عمدًا وسہوًا اُسکے بخشیگا اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو یہ نماز پڑھ کے دعا کرے فورًا حاجت برآویگی طریق نماز یہ ہی کہ اول نیت کرے کہ چار رکعت نماز حضرت جعفر طیارؑ کی پڑھتا ہون مین سنت قربۃً الی اللہ پھر تکبیرۃ الاحرام کہے پہلی رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پڑھے بعد اُسکے پندرہ مرتبہ تسبیحات اربعہ یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کہکے رکوع مین جاوے اور دس مرتبہ رکوع مین بھی یہی تسبیحات اربعہ پڑھے اور سیدھا کھڑا ہوکر دس مرتبہ پھر یہی تسبیح پڑھکر سجدے مین جاوے اور دس مرتبہ سجدہ مین بھی یہی تسبیح کہے پھر سجدے سے اُٹھکے بیٹھے اور دس مرتبہ یہی تسبیح کہے پھر دوسرے سجدہ مین جاکر دس مرتبہ یہی کہے اور دوسرے سجدے سے اُٹھے تو دس مرتبہ یہی کہے اور کھڑا ہو دوسری رکعت مین الحمد کے بعد سورۂ والعادیات پڑھکر پندرہ مرتبہ تسبیح مذکورہ پڑھکر قنوت پڑھے اور رکوع مین جاوے جسطور سے اول رکعت مین بیان ہوا رکوع اور سجود مین تسبیحات اربعہ پڑھے اور تشہد وسلام کہکر دونون رکعت تمام کرے بعد اُسکے اور دو رکعت پڑھے اب نیت کی حاجت نہین وہی نیت اول کافی ہی پہلی رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ اِذَا جَآءَ دوسری رکعت مین بعد الحمد کے سورۂ قُلْ ہُوَ اللّٰہُ پڑھے جسطور سے مذکور ہوا تسبیحات اربعہ پڑھے اور سنت ہی کہ آخر سجدے مین چوتھی رکعت کے بعد تسبیحات اربعہ پڑھکے یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَالْوَقَارَ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَکَرَّمَ بِہٖ سُبْحَانَ مَنْ لَا یَنْبَغِی التَّسْبِیْحُ اِلَّا لَہٗ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عِلْمُہٗ سُبْحَانَ ذِی الْمَنِّ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِی الْقُدْرَۃِ وَالْکَرَمِ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْفَضْلِ سُبْحَانَ ذِی الْقُوَّۃِ وَالطَّوْلِ وَالْاَمْرِ اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَہَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَبِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّاتِ الَّتِیْ تَمَّتْ صِدْقًا وَعَدْلًا اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاَہْلِ بَیْتِہٖ پس حاجت طلب کرے وارد ہی کہ بعد فراغ نماز کہے یَا رَبِّ یَا رَبِّ بقدر ایک سانس یَا رَبَّاہُ یَا رَبَّاہُ بقدر ایک سانس رَبِّ رَبِّ بقدر ایک

نماز جعفر طیارؑ برائے حاجات مفید وضروری

برائے حاجت

سانس یا اللہ یا اللہ بقدر ایک سانس یا حی یا حی بقدر ایک سانس یا رحیم یا رحیم بقدر
ایک سانس یا رحمن یا رحمن بقدر ایک سانس یا ارحم الراحمین سات مرتبہ بعد اُسکے یہ دعا پڑھے
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَفْتَتِحُ الْقَوْلَ بِحَمْدِکَ وَاَنْطِقُ بِالثَّنَآءِ عَلَیْکَ وَاُمَجِّدُکَ وَلَا غَایَۃَ لِمَدْحِکَ وَاُثْنِیْ
عَلَیْکَ وَمَنْ یَّبْلُغُ غَایَۃَ ثَنَآئِکَ وَاَمَدَ مَجْدِکَ وَاَنّٰی لِخَلِیْقَتِکَ کُنْہُ مَعْرِفَۃِ مَجْدِکَ وَاَیُّ زَمَنٍ لَّمْ یَکُنْ
مَمْدُوْحًا بِفَضْلِکَ مَوْصُوْفًا بِمَجْدِکَ عَوَّادًا عَلَی الْمُذْنِبِیْنَ بِحِلْمِکَ تَخَلَّفَ سُکَّانُ اَرْضِکَ
عَنْ طَاعَتِکَ فَکُنْتَ عَلَیْھِمْ عَطُوْفًا بِجُوْدِکَ جَوَادًا بِفَضْلِکَ عَوَّادًا بِکَرَمِکَ یَا
لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْمَنَّانُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وارد ہی ہرگاہ کسی کو حاجت ضروری ہو
نماز جعفر طیار پڑھ کر یہ دعا پڑھے اور حاجت اپنی طلب کرے خدا سے انشاء اللہ تعالی بعنایات الٰہی
برآویگی اور اگر سورہ ہاے مذکورۂ بالا یاد نہون تو چارون رکعتون مین سورۂ قل ہو اللہ پڑھ سکتے مین

باب دسوان بیان مین نکالنے آب چاہ کے

جسوقت کہ کوئی چیز کنوین مین گرے موافق مقررۂ شرع کے ڈول پانی کے کھینچین بعد نکالنے
اُس چیز کے لیکن اگر پانی متغیر ہوا ہو اُس چیز کے گرنے سے پس اوسقدر کھینچین کہ تغیری اُسکی
برطرف ہوجاوے بعد اُسکے مقدار مقررہ اُس چیز کی کھینچین اور ڈول معتاد اُس کنوین کے
ہو یا موافق معتاد اُس شہر کے ہو اُس سے پانی کھینچین پس اگر اونٹ یا بیل کنوین مین مرے یا شراب
یا دربڑہ یا تاڑی وغیرہ یا منی یا خون حیض ونفاس یا استحاضہ کنوین مین گرے تو تمام پانی نکال ڈالے
بعض نے کہا خون کافر اور سُور اور کُتّے کا بھی یہی حکم ہی اور جو سب پانی نکالنا ممکن نہو تو واجب ہی
چار مرد باری سے کھینچین صبح صادق سے شام تک اسطرح سے کہ اول دو مرد کھینچین جب
وہ تھک جاوین تب دو اور کھینچین عورت وخنثی واطفال نہون اور اگر گھوڑا یا گدھا یا خچر
و گاے مرجاوے تو بقدر ایک کُر پانی کھینچین اور اسمین سارا پانی نکالنا احوط لکھا ہی اور مقدار
کُر ساڑھے تین بالشت لمبائی اور اسی قدر چوڑائی اور اتنی ہی گہرائی متعارف بالشت سے ہی اور
وزن آب کُر کا انگریزی من سے دس من ساڑھے چودہ سیر ہوتا ہی اور من چالیس سیر کا اور سیر

اسّی روپیہ چہرہ دار کا اگر آدمی مسلمان کنوین مین مرجاوے تو ستر ڈول کھینچین خواہ مرد ہو خواہ عورت
جوان ہو یا لڑکا اگر کافر مرجاوے تو بہتر ہی تمام پانی کھینچین اگر کافر کنوین مین اُترے تو اسمین اختلاف
کیا ہی بعض نے کہا ہی بلاقات نجاست آب چاہ نجس نہین ہوتا ہی بعضون نے کہا سارا پانی نکالین
بعض نے کہا چالیس ڈول کھینچین اسواسطے کہ کتاب حدیقۃ المتقین مین لکھا ہی کہ اگر وہ چیز کنوین مین
گرے جسکی شرع مین تصریح نہو تو تمام پانی کھینچین چالیس ڈول بھی لکھا ہی اگر خون اتنا کہ ذبح کرنے
بکری سے نکلتا ہی گرے پچاس ڈول کھینچین اگر گوہ گیلا یا سوکھا کنوین مین گرے تو پچاس ڈول کھینچین
اگر چھتر بجاوے باہر نکال کر دس ڈول کھینچین ظاہرا مین بھی لکھا ہی اگر خون مانند ذبح مرغ کے گرے
دس ڈول کھینچین مگر احوط ہی کہ خون برابر ذبح مرغ اور کبوتر یا مثل انکے کے لیے بیس یا تیس ڈول
کھینچین اگر کتا یا بلی یا اور جانور مرے کہ جثہ مین انکے برابر ہو یا وسط مین ہو تو مشہور ہی کہ چالیس ڈول
کھینچین اور واسطے مرنے کتے کے بہتر ہی کہ تمام پانی کھینچین اگر جیتا نکلے تو سات ڈول کھینچین اگر
گوسفند گرے بہتر ہی کہ چالیس ڈول کھینچین مگر جب کہ مرجاے ورنہ اگر زندہ نکلے تو کچھ نہین اگر پیشاب
مرد کا گرے تو چالیس ڈول کھینچین اور روایت صحیح مین وارد ہی کہ تمام پانی نکالین اور واسطے بول
لڑکے کے کہ دودھ نہ پیتا ہو جب تک کہ بالغ نہو سات ڈول کھینچین اگر شیرخوار ہو تو ایک ڈول لکھا ہی
اور روایت صحیح مین وارد ہی کہ واسطے پیشاب دختر کے تمام پانی کھینچین اگر جنب کنوین مین اُترے
اور بدن اُسکا پاک ہو تو سات ڈول کھینچین اور واسطے جانور کے کبوتر سے شتر مرغ تک سات
ڈول کھینچین اور اگر چوہا مرجاوے اور چھتر گیا ہو سات ڈول اور اگر پوست یا پیٹ نہ پھٹا ہو تو پانچ
ڈول کھینچین ظاہرا اگر چھپکلی مرجاوے تو سات ڈول کھینچین اگر چڑیا یا مثل اُسکے مرجائے تو بہتر ہی
کہ تین ڈول کھینچین اگر سانپ یا بچھو مرے تو تین ڈول اگر گوہ گھر کی مرغی کا گرے تو پانچ ڈول
اگر گوہ اُس جانور کا گرے کہ گوشت اُسکا کھاوین نجس نہوگا اگر کئی چیزین نجاست سے کنوین مین
گری ہون تو موافق مقررہ ہر نجاست کے ڈول کھینچین

باب گیارھوان بیان دعاے ہلال و نماز وغیرہ و تاریخہاے نحس ہر ماہ

پس جاننا چاہیے کہ جسوقت نظر پڑے طرف ماہ نو کے حرکت نکرے جبتک کہ سات مرتبہ سورۂ الحمد نہ پڑھ چکے اسواسطے کہ درد چشم کے لیے امان ہی اور جو شخص اندک پنیر کھاوے حاجتین روا ہونگی اور جو چیزین کہ ہر ماہ نو مین دیکھنا چاہیے وہ بیان ہوتی ہین اور ہر مہینے مین جو تین تاریخین نحس اکبر ہین وہ ہر مہینے کے اوپر لکھی ہین اور کوئی کام کرنا ان تاریخون مین روا نہین

محرم سورۂ کہف یا سبزہ یا سونا یا چاندی یا فیروزہ دیکھے	صفر سورۂ حمعسق یا آئینہ یا آب یا انگوٹھی یا ہتیلی دیکھے	ربیع الاول قد سمع اللہ یا آئینہ یا آب روان یا روے خوب
ربیع الثانی سورۂ تبارک الذی یا جواہر یا اسپ یا گوسفند	جمادی الاول سورۂ مزمل یا روے پسران یا روپیہ یا چاندی	جمادی الثانی سورۂ مدثر یا فرزند یا بوڑھا
رجب سورۂ یسین یا پھول یا قرآن مجید یا ہتیلی	شعبان سورۂ جن یا سبزہ یا کپڑا رنگین یا منھ پرہیزگار کا	ماہ رمضان سورۂ محمد یا تلوار یا اہل و عیال یا بوڑھا محتشم
شوال سورۂ فتح یا ہتیلی یا آب یا فیروزہ یا سبزہ	ذیقعدہ سورۂ نسا یا آئینہ یا صحرا یا پہاڑ یا روے پسر خوبصورت	ذیحجہ سورۂ حجر یا نیکو صورت یا آب روان یا روے دختر خوبصورت

اور روایت ہی ہر مہینے مین یہ تاریخین نحس اصغر ہین ہر کام مین پرہیز لازم ہی تیسری پانچوین تیرھوین سولھوین اکیسوین چوبیسوین پچیسوین **دعاے ہلال** اشارہ کرے طرف چاند کے اور کہے

علیہا وارد ہی کہ جو کوئی زیارت اُن معصومہ کی پڑہے اور خدا سے آمرزش طلب کرے حق تعالے گناہ اُسکے بخشدیگا اور داخل بہشت کریگا اور پڑہنا زیارت اُن معصومہ کی ایام متبرکہ مین اولے وانسب ہی مثل اسکے کہ دن ولادت اُن معصومہ کا بیسوین جمادی الآخرہ ہی بقول بعضے دوسری و بارہوین اور دن وفات کا بیسوین ماہ مذکور ہی یا اکیسوین رجب ہی اور دن تزویج کا اُنیسوین ذیحجہ ہی یا اکیسوین محرم اور روز مباہلہ کہ وہ چوبیسوین ذیحجہ ہی اور وہ دن کہ سورۂ ہل اتی نازل ہوا پچیسوین ذیحجہ ہی اور سوا اُنکے اور دن جو متبرک ہین کہ فضیلت و کرامت اُن معصومہ کی ظاہر ہوئی اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعٰلَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا وَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَى النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقَّهَا پھر کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اَمَتِكَ وَابْنَتِ نَبِيِّكَ وَزَوْجَةِ وَصِيِّ نَبِيِّكَ صَلٰوةً تُزْلِفُهَا فَوْقَ زُلْفٰى عِبَادِكَ الْمُكَرَّمِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِيْنَ زیارت جناب امیر علیہ السلام حدیث معتبرہ مین منقول ہی کہ جو کوئی پا پیادہ جاوے جناب امیر علیہ السلام کی زیارت کو حق تعالی ہر قدم مین ثواب دو حج و دو عمرہ واسطے اُسکے لکھتا ہی نہ کھائیگی آتش جہنم وہ قدم کہ جو غبار آلودہ ہو زیارت کے جانے مین پیادہ ہو خواہ سوار لیکن زیارت آنحضرت کی ایام شریفہ مین مثل اُن دنون کے کہ اختصاص آنحضرت سے رکھتے ہین مثل روز ولادت کے کہ تیرہوین ماہ رجب ہی اور ضربت کا دن اُنیسوین رمضان ہی اور شہادت کا دن اکیسوین ماہ رمضان ہی اور وہ شب کہ فرش پر جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ و آلہ کے آرام فرمایا وہ پہلی شب ربیع الاول ہی اور وہ دن کہ فتح بدر ہوا سترہوین ماہ رمضان ہی اور جنگ اُحد کہ سترہوین ماہ شوال ہی اور وہ دن کہ خیبر فتح ہوا چوبیسوین ماہ رجب ہی اور وہ دن کہ دوش انور جناب رسالت مآب کے بلند ہو کر بتون کو توڑا وہ بیسوین ماہ رمضان ہی اور وہ دن کہ فتح بصرہ فرمایا وہ پندرہوین جمادی الاولی ہی اور وہ دن کہ آفتاب واسطے اُس جناب کے بعد غروب پھر آیا وہ سترہوین شوال ہی اور وہ دن کہ خدا کی جانب سے مقرر ہوئے واسطے پہونچانے سورۂ برات کے اور معزول ہونا ابی بکر کا اور یہ عالم کے ظاہر ہوا وہ پہلا دن ذیحجہ ہی اور وہ دن

زیارت جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام

زیارت جناب امیر علیہ السلام

دروازے لوگون کے گھرون کے مسجد نبی سے بند کیے گئے بحکم خدا اور دروازہ حضرت امیرؑ کے گھر کا کھلا رہا وہ روز عرفہ ہے اور وہ دن کہ انگوٹھی رکوع مین تصدق فرمائی اور با امامت حضرت کی شان مین نص نازل ہوئی وہ ۲۴ چوبیسوین ذیحجہ ہے اور یہی دن روز مباہلہ بھی ہے اور جس دن سورۂ ہل اتٰی حضرت کی شان مین نازل ہوا وہ ۲۵ پچیسوین ذیحجّہ ہے اور دن خلافت کا ۱۸ اٹھارھوین ذیحجہ ہے اور نوروز کے دن اور اُن دنون مین کہ فضیلت وکرامت اُس معدن امامت سے ظاہر ہوئی زیارت پڑھے

زیارت جناب امیر علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْاَئِمَّةِ وَمَعْدِنَ النُّبُوَّةِ وَالْمَخْصُوصَ بِالْاُخُوَّةِ اَلسَّلَامُ عَلٰى يَعْسُوبِ الدِّيْنِ وَالْاِيْمَانِ وَكَلِمَةِ الرَّحْمٰنِ وَكَهْفِ الْاَنَامِ اَلسَّلَامُ عَلٰى مِيْزَانِ الْاَعْمَالِ وَمُقَلِّبِ الْاَحْوَالِ وَسَيْفِ ذِي الْجَلَالِ اَلسَّلَامُ عَلٰى صَالِحِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ عِلْمِ النَّبِيِّيْنَ وَالْحَاكِمِ يَوْمَ الدِّيْنِ اَلسَّلَامُ عَلٰى شَجَرَةِ التَّقْوٰى وَسَامِعِ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى وَمُنْزِلِ الْمَنِّ وَالسَّلْوٰى اَلسَّلَامُ عَلٰى حُجَّةِ اللّٰهِ الْبَالِغَةِ وَنِعْمَتِهِ السَّابِغَةِ وَنِقْمَتِهِ الدَّامِغَةِ اَلسَّلَامُ عَلٰى اِسْرَآئِيْلِ الْاُمَّةِ وَبَابِ الرَّحْمَةِ وَاَبِي الْاَئِمَّةِ اَلسَّلَامُ عَلٰى صِرَاطِ اللّٰهِ الْوَاضِحِ وَالنَّجْمِ اللَّائِحِ وَالْاِمَامِ النَّاصِحِ وَالزِّنَادِ الْقَادِحِ اَلسَّلَامُ عَلٰى وَجْهِ اللّٰهِ الَّذِيْ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ اَمِنَ اَلسَّلَامُ عَلٰى نَفْسِ اللّٰهِ الْقَائِمَةِ فِيْهِ بِالسُّنَنِ وَعَيْنِهِ الَّتِيْ مَنْ عَرَفَهَا يَطْمَئِنُّ اَلسَّلَامُ عَلٰى اُذُنِ اللّٰهِ الْوَاعِيَةِ فِي الْاُمَمِ وَيَدِهِ الْبَاسِطَةِ بِالنِّعَمِ وَجَنْبِهِ الَّذِيْ مَنْ فَرَّطَ فِيْهِ نَدِمَ اَشْهَدُ اَنَّكَ مُجَازِي الْخَلْقِ وَشَافِعُ الرِّزْقِ وَالْحَاكِمُ بِالْحَقِّ بَعَثَكَ اللّٰهُ عِلْمًا لِعِبَادِهٖ فَوَفَّيْتَ بِمُرَادِهٖ وَجَاهَدْتَ فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ فَصَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْكُمْ وَجَعَلَ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْ اِلَيْكُمْ فَالْخَيْرُ مِنْكَ وَاِلَيْكَ عَبْدُكَ الزَّائِرُ بِحَرَمِكَ اللَّائِذُ بِكَرَمِكَ الشَّاكِرُ لِنِعَمِكَ قَدْ هَرَبَ اِلَيْكَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ وَرَجَاكَ لِكَشْفِ كُرُوْبِهٖ فَاَنْتَ سَاتِرُ عُيُوْبِهٖ فَكُنْ لِيْ اِلَى اللّٰهِ سَبِيْلًا وَمِنَ النَّارِ مَقِيْلًا وَلِمَا اَرْجُوْ فِيْكَ كَفِيْلًا اَنْجُوْ نَجَاءَ مَنْ وَصَلَ حَبْلَهٗ بِحَبْلِكَ وَسَلَكَ بِكَ اِلَى اللّٰهِ سَبِيْلًا فَاَنْتَ سَامِعُ الدُّعَاءِ وَوَلِيُّ الْجَزَاءِ عَلَيْنَا مِنْكَ السَّلَامُ وَاَنْتَ السَّيِّدُ الْكَرِيْمُ وَالْاِمَامُ الْعَظِيْمُ فَكُنْ بِنَا رَحِيْمًا يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

زیارت حضرت امام حسن علیہ السلام اوقات شریفہ مخصوصہ مین زیارت اُن حضرت کی اولیٰ و انسب ہی مثل روز ولادت کہ پندرھوین [۱۵] ماہ رمضان ہی اور روز وفات کہ اٹھائیسوین [۲۸] ماہ صفر ہی اور اُس روز کہ نیزے سے ران مبارک پر زخم پہونچا وہ تئیسوین [۲۳] ماہ رجب ہی اور روز مباہلہ چوبیسوین [۲۴] ماہ ذیحجہ ہی اور جس روز سورہ ہل اتیٰ نازل ہوا پچیسوین [۲۵] ذیحجہ ہی اور دن خلافت کا وہ اکیسوین [۲۱] ماہ رمضان ہی اور زیارت اُن حضرت کی یہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّةَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَابْنَ اَوَّلِ الْمُسْلِمِيْنَ وَكَيْفَ لَا تَكُوْنُ كَذٰلِكَ وَاَنْتَ سَبِيْلُ الْهُدٰى وَحَلِيْفُ التُّقٰى وَخَامِسُ اَصْحَابِ الْكِسَاءِ غَذَتْكَ يَدُ الرَّحْمَةِ وَرُبِّيْتَ فِيْ حِجْرِ الْاِسْلَامِ وَرَضَعْتَ مِنْ ثَدْيِ الْاِيْمَانِ فَطِبْتَ حَيًّا وَطِبْتَ مَيِّتًا غَيْرَ اَنَّ الْاَنْفُسَ غَيْرُ طَيِّبَةٍ بِفِرَاقِكَ وَلَا شَاكَّةٍ فِي الْحَيٰوةِ لَكَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام بسند موثق روایت ہی کہ فرمایا زیارت کرنیوالا قبر حضرت امام حسین علیہ السلام کا چالیس [۴۰] برس آگے سب لوگون سے داخل بہشت ہوگا اور لوگ موقف مین مشغول حساب ہونگے اور فرمایا کہ زیارت اُن حضرت کی برابر ہی دس حج و دس عمرہ کے راوی نے پوچھا جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہ کیا ثواب ہی اُس شخص کو کہ نزدیک قبر منور آنحضرت کے

زیارت حضرت امام حسن علیہ السلام

زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام

رہے فرمایا آپنے ہر دن ہزار مہینہ حساب ہوتا ہی اور جو وہان یا راہ مین خرچ کرے ہر درم ہزار درم حساب
ہوتے ہین راوی نے پوچھا کہ کیا ثواب ہی اُسکو کہ سفر زیارت مین مرجاوے فرمایا کہ ملائکہ مشایعت
کرتے ہین اور حنوط و کفن اُسکے لیے بہشت سے لاتے ہین اور اُسپر نماز پڑھتے ہین اور کفن بہشت
کو اُسکے کفن پر پہناتے ہین اور ریحان بہشت اُسکے نیچے بچھاتے ہین اور زمین کو سرہانے اور
پائینتی اور آگے اور پیچھے سے ایک ایک فرسخ تک کشادہ کرتے ہین اور دروازے بہشت کے
اُسکی قبر کی طرف کھولتے ہین کہ خوشبو گلہائے بہشت کی داخل ہوتی ہی تا روز قیامت اور فضیلت
زیارت اُن حضرت کی ایام متبرکہ و اوقات شریفہ مین اور شب ہاے بزرگ مین بہت ہی مثل اُسکے
کہ روز مباہلہ کہ چوبیسوین ذیحجہ ہی اور روز نزول سورۂ ہل اتی کہ پچیسوین ذیحجہ ہی اور اُسدن کہ یزید
ملعون واصل جہنم ہوا چودھوین ربیع الاول ہی اور روز تولد حضرت کا تیسری ماہ شعبان یا پانچوین ہی
اور روز عید فطر و عید قربان کو زیارت وارد ہی کہ پڑھے اور عرفہ کے دن حدیث معتبرہ مین ہی فرمایا
کہ جو کوئی زیارت کرے حق حضرت کا پہچانکے حق تعالی اُسکے واسطے ثواب ہزار حج و ہزار عمرہ
و ہزار جہاد کہ پیغمبر مرسل کے ساتھ کیے ہونگے عطا کریگا اور پہلی تاریخ ماہ رجب کی زیارت اُن حضرت
کی بجا لاوے تو خدا بخشتا ہی اُسکو اور پندرھوین و آخر ماہ رجب اور پہلی و پندرھوین شعبان کو زیارت
کرے کہ سب گناہ اُسکے بخشے جاتے ہین اور اُس سال مین اُسپر گناہ نہین لکھے جاتے ہین اور ثواب
ہزار حج کا لکھا جاتا ہی اور آخر ماہ مین اور ماہ رمضان مین شب قدر کی شبون کو پڑھے زیارت حضرت
کی بہت ہین اُنمین یہ زیارت مبسوطہ ہی کہ صحن خانہ یا کوٹھے پر جاکے اشارہ طرف قبر منور کے کرے
اور کہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ پھر زیارت مبسوطہ پڑھے اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ
نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ

بیان زیارت امام حسین علیہ السلام

زیارت مبسوطہ

عیسٰی روح اللہ السلام علیک یا وارث محمد حبیب اللہ
السلام علیک یا وارث امیر المؤمنین ولی اللہ السلام
علیک یا ابن محمد المصطفٰی السلام علیک یا ابن علی المرتضٰی
السلام علیک یا ابن فاطمۃ الزھراء السلام علیک یا ابن خدیجۃ
الکبرٰی السلام علیک یا ثار اللہ وابن ثارہ والوتر الموتور
اشھد انک قد اقمت الصلٰوۃ واتیت الزکٰوۃ وامرت بالمعروف
ونھیت عن المنکر واطعت اللہ ورسولہ حتّٰی اتاک الیقین
فلعن اللہ امۃ قتلتک ولعن اللہ امۃ ظلمتک ولعن اللہ
امۃ سمعت بذٰلک فرضیت بہ یا مولای یا ابا عبد اللہ
اشھد انک کنت نورا فی الاصلاب الشامخۃ والارحام
المطھرۃ لم تنجسک الجاھلیۃ بانجاسھا ولم تلبسک من
مدلھمات ثیابھا واشھد انک من دعائم الدین وارکان
المؤمنین واشھد انک الامام البر التقی الرضی الزکی
الھادی المھدی واشھد ان الائمۃ من ولدک کلمۃ التقوٰی
واعلام الھدٰی والعروۃ الوثقٰی والحجۃ علٰی اھل الدنیا و
اشھد اللہ وملآئکتہ وانبیاءہ ورسلہ انی بکم مؤمن و
بایابکم موقن بشرآئع دینی وخواتیم عملی وقلبی لقلبکم
سلم وامری لامرکم متبع صلوات اللہ علیکم وعلٰی ارواحکم
وعلٰی اجسادکم وعلٰی اجسامکم وعلٰی شاھدکم وعلٰی غائبکم
وعلٰی ظاھرکم وعلٰی باطنکم پس دو رکعت نماز زیارت پڑھے چاہیے نماز اول زیارت
کے پڑھے بعدہٗ زیارت حضرت علی ابن الحسین علیہ السلام پڑھے السلام علیک

یا ابن رسول اللہ السلام علیک یا ابن نبی اللہ السلام علیک یا ابن امیر المومنین السلام علیک یا ابن الحسین الشہید السلام علیک ایہا الشہید و ابن الشہید السلام علیک ایہا المظلوم و ابن المظلوم لعن اللہ امۃ قتلتک و لعن اللہ امۃ ظلمتک و لعن اللہ امۃ سمعت بذلک فرضیت بہ پس زیارت سائر شہدا رضی اللہ عنہم پڑھے

زیارت شہدا [illegible]

السلام علیکم یا اولیاء اللہ و احباءہ السلام علیکم یا اصفیاء اللہ و اوداءہ السلام علیکم یا انصار دین اللہ السلام علیکم یا انصار رسول اللہ السلام علیکم یا انصار امیر المومنین السلام علیکم یا انصار فاطمۃ الزہراء سیدۃ نساء العالمین السلام علیکم یا انصار ابی محمد الحسن بن علی الزکی الناصح السلام علیکم یا انصار ابی عبد اللہ بابی انتم و امی طبتم و طابت الارض التی فیہا دفنتم و فزتم فوزا عظیما فیا لیتنی کنت معکم فافوز معکم

زیارت جامعہ

زیارت امام زین العابدین و حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہم السلام یہ زیارت جامعہ ہے کہ ہر معصوم کے تئیں ساتھ اسکے زیارت کر سکتے ہیں ایام متبرکہ ہر ایک معصوم علیہم السلام میں مثل روز ولادت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام پانچویں شعبان مشہور ہے اور دن وفات کا بارھویں محرم ہے اور دن خلافت کا دسویں محرم ہے اور دن تولد جناب امام محمد باقر علیہ السلام کا روز جمعہ اول ماہ رجب ہے اور روز وفات ساتویں ذی الحجہ ہے اور دن خلافت کا بارھویں محرم ہے اور روز تولد جناب امام جعفر صادق علیہ السلام کا سترھویں ماہ ربیع الاول ہے اور دن وفات کا پندرھویں رجب ہے اور دن خلافت کا ساتویں

دیکھو اور زیارت جامعہ یہ ہے اَلسَّلَامُ عَلٰی اَوْلِیَاءِ اللّٰہِ وَاَصْفِیَائِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی اُمَنَاءِ اللّٰہِ وَاَحِبَّائِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَنْصَارِ اللّٰہِ وَخُلَفَائِہٖ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَحَالِّ مَعْرِفَۃِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مَسَاکِنِ ذِکْرِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلٰی مُظْہِرِیْ اَمْرِ اللّٰہِ وَنَہْیِہٖ اَلسَّلَامُ عَلَی الدُّعَاۃِ اِلَی اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْمُسْتَقِرِّیْنَ فِیْ مَرْضَاتِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْمُمَحَّصِیْنَ فِیْ طَاعَۃِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی الْاَدِلَّاءِ عَلَی اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَی الَّذِیْنَ مَنْ وَالَاہُمْ فَقَدْ وَالَی اللّٰہَ وَمَنْ عَادَاہُمْ فَقَدْ عَادَی اللّٰہَ وَمَنْ عَرَفَہُمْ فَقَدْ عَرَفَ اللّٰہَ وَمَنْ جَہِلَہُمْ فَقَدْ جَہِلَ اللّٰہَ وَمَنِ اعْتَصَمَ بِہِمْ فَقَدِ اعْتَصَمَ بِاللّٰہِ وَمَنْ تَخَلّٰی مِنْہُمْ فَقَدْ تَخَلّٰی مِنَ اللّٰہِ اُشْہِدُ اللّٰہَ اَنِّیْ سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَکُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَکُمْ مُؤْمِنٌ بِسِرِّکُمْ وَعَلَانِیَتِکُمْ مُفَوِّضٌ فِیْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ اِلَیْکُمْ لَعَنَ اللّٰہُ عَدُوَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَاَبْرَءُ اِلَی اللّٰہِ مِنْہُمْ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاہِرِیْنَ

پس دو رکعت نماز پڑھکے دعا کرے اور زیارت جامعہ کبیرہ زاد المعاد مین ہے زیارت حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام حدیث میں ہے کہ راوی نے جناب امام رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ثواب ہے اسکو کہ قبر حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی زیارت کرے فرمایا کہ مثل ثواب زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام کے ہے اور ایام متبرکہ و اوقات شریفہ میں پڑھے افضل دعا علی ہے مثل روز ولادت کہ ساتوین ماہ صفر ہے اور روز وفات کہ پچیسوین ماہ رجب ہے اور روز امامت کہ پندرھوین ماہ رجب ہے پس یہ زیارت یا زیارت جامعہ پڑھے کافی ہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حُجَّۃَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا

زیارت حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

نُوْرَ اللّٰہِ فِیْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ بَدَأَ اٰیٰتِہٖ فِیْ شَانِہٖ اَتَیْتُکَ زَائِرًا عَارِفًا بِحَقِّکَ مُعَادِیًا لِاَعْدَائِکَ مُوَالِیًا لِاَوْلِیَائِکَ فَاشْفَعْ لِیْ عِنْدَ رَبِّکَ یَا مَوْلَایَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَهْلَ بَیْتِ النُّبُوَّۃِ وَمَوْضِعَ الرِّسَالَۃِ وَمُخْتَلَفَ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَمَهْبِطَ الْوَحْیِ وَمَعْدِنَ الرَّحْمَۃِ وَخُزَّانَ الْعِلْمِ وَعِتْرَۃَ خِیَرَۃِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

پس حاجت طلب کرے خدا سے زیارت حضرت امام رضا علیہ السلام منقول ہی کہ آنحضرت نے فرمایا کہ جو کوئی اس غربت مین زیارت میری کرے لکھیگا حق تعالی واسطے اُسکے ثواب سو ہزار شہید اور سو ہزار صدیق اور سو ہزار حج اور سو ہزار عمرہ اور سو ہزار جہاد کا اور محشور ہوگا قیامت کو زمرے مین ہمارے اور درجات عالیہ بہشت میں اُسکو ملینگے اور ہمارا رفیق ہوگا اور حضرت امام محمد تقی علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو کوئی شہر طوس مین زیارت کرے میرے باپ کی حق تعالی سب گناہ گذشتہ اور آئندہ اُسکے بخشیگا جب روز قیامت ہوگا تو ایک منبر واسطے اُسکے برابر منبر حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نصب کرینگے کہ اوپر اُس منبر کے ہوویگا جبتک کہ حق تعالی اپنے بندونکے حساب سے فارغ ہووے اور زیارت اُن حضرت کی اوقات شریفہ اور ایام متبرکہ مین پڑھنا افضل و انسب ہی خصوصًا ماہ رجب مین اور ولادت کے دن کہ گیارھوین یا تیئیسوین ماہ ذیقعدہ ہی اور وفات کا دن آخر روز ماہ صفر ہی یا سترھوین یا پچیسوین ماہ رمضان ہی اور دن خلافت کا پچیسوین ماہ رجب ہی یا پانچوین یا چھٹی ہی یا اوّل یا چھٹی ماہ رمضان ہی اور تیئیسوین تاریخ ذیقعدہ کی زیارت مستحب ہی زیارات بہت ہین مگر زیارت مختصر یہ ہی اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا غَرِیْبَ الْغُرَبَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَمْسَ الشُّمُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَنِیْسَ النُّفُوْسِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا الْمَدْفُوْنُ بِاَرْضِ طُوْسٍ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُغِیْثَ

[illegible]

الشِّيعَةِ وَالسِّرِّ وَاَرِ فِي يَوْمِ الْجَزَاءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سُلْطَانَ
الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ يَا عَلِيَّ ابْنَ مُوسَى
الرِّضَا وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ زیارت حضرت امام محمد تقی علیہ السلام
ایام متبرکہ و اوقات شریفہ مین زیارت اُنحضرت کی افضل و اولی ہی مثل روز ولادت کہ دسوین
ماہ رجب ہی اور بروایت ابن عباس سترھوین یا پندرھوین ماہ رمضان ہی اور وفات کا دن کہ
آخر ذیقعدہ ہی اور جسدن امامت ہوئی وہ آخر روز ماہ صفر ہی یا سترھوین یا چھبیسوین ماہ رمضان ہی
چاہیے کہ زیارت جامعہ یا زیارت حضرت امام موسی کاظم علیہ السلام جو مذکور ہوئی پڑھے
کافی ہی زیارت حضرت امام علی نقی علیہ السلام ایام متبرکہ مین پڑھے خصوصاً
روز ولادت کہ دوسری یا تیسری ماہ رجب ہی اور دن وفات کا تیسری ماہ رجب ہی اور امامت کا
دن آخر ماہ ذیقعدہ یا بارھوین ہی پس زیارت جامعہ جو مذکور ہوئی پڑھنا کافی ہی زیارت
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اوقات مخصوصہ مین پڑھے مثل روز ولادت
کہ دسوین ماہ ربیع الثانی ہی موافق مشہور کے اور وفات کا دن آٹھوین ربیع الاول ہی اور
دن امامت کا سترھوین ماہ رجب ہی یا دوسری یا پانچوین پس زیارت جامعہ جو مذکور ہوئی
پڑھے کافی ہی زیارت حضرت امام صاحب الامر علیہ السلام جان تو کہ زیارت
اُنحضرت کی سرداب مین اور سب شہر مین مرغوب ہی خصوصاً ضریحہاے مقدسہ اجداد
طاہرین مین اور ایام متبرکہ مین مثل شب ولادت کہ پندرھوین شعبان ہی اور شب قدر کو
کہ ملائکہ و روح اوپر اُن حضرت کے نازل ہوتے ہین اور سید ابن طاوس علیہ الرحمہ نے
ذکر کیا ہی کہ مستحب ہی کہ ہر روز بعد نماز صبح کے حضرت کے تئین یہ زیارت کرے اَللّٰهُمَّ
بَلِّغْ مَوْلَايَ صَاحِبَ الزَّمَانِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عَنْ جَمِيعِ
الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ فِي مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا وَبَرِّهَا
وَبَحْرِهَا وَسَهْلِهَا وَجَبَلِهَا حَيِّهِمْ وَمَيِّتِهِمْ وَعَنْ وَالِدَيَّ

زیارت حضرت امام علی نقی علیہ السلام - زیارت حضرت امام حسن عسکری - زیارت حضرت صاحب الامر علیہ السلام

وَ وُلْدِی وَعَنِّی مِنَ الصَّلَوَاتِ وَالتَّحِیَّاتِ زِنَةَ عَرْشِ اللّٰهِ وَ
مِدَادَ کَلِمَاتِهٖ وَمُنْتَهٰی رِضَاهُ وَعَدَدَ مَا اَحْصَاهُ کِتَابُهٗ وَ
اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُجَدِّدُ لَهٗ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ
عَهْدًا اَوْ عَقْدًا اَوْ بَیْعَةً لَهٗ فِیْ رَقَبَتِیْ اَللّٰهُمَّ کَمَا شَرَّفْتَنِیْ بِهٰذَا
التَّشْرِیْفِ وَفَضَّلْتَنِیْ بِهٰذِهِ الْفَضِیْلَةِ وَخَصَّصْتَنِیْ بِهٰذِهِ
النِّعْمَةِ فَصَلِّ عَلٰی مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ صَاحِبِ الزَّمَانِ وَ
اجْعَلْنِیْ مِنْ اَنْصَارِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ وَالذَّابِّیْنَ عَنْهُ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ
الْمُسْتَشْهَدِیْنَ بَیْنَ یَدَیْهِ طَائِعًا غَیْرَ مُکْرَهٍ فِی الصَّفِّ الَّذِیْ
نَعَتَّ اَهْلَهٗ فِیْ کِتَابِكَ فَقُلْتَ صَفًّا کَاَنَّهُمْ بُنْیَانٌ مَرْصُوْصٌ
عَلٰی طَاعَتِكَ وَطَاعَةِ رَسُوْلِكَ وَاٰلِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ
هٰذِهٖ بَیْعَةٌ لَهٗ فِیْ عُنُقِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

باب ستائیسواں بیان میں نماز آیات کے

جان تو کہ چاند گہن اور سورج گہن خواہ نصف گہن لگے خواہ تمام اور آندھی سخت اور زلزلہ کہ خوب خوف کا ہو تو نماز ان سب کے ظاہر ہونے میں واجب ہے کہ پڑھے اور وہ دو رکعت ہیں پہلی رکعت میں پانچ رکوع دو قنوت دوسری میں پانچ رکوع تین قنوت بجا لاوے اس طریقے کہ اوّل نیت کرے کہ دو رکعت نماز چاند گہن یا سورج گہن یا زلزلہ یا آندھی کی پڑھتا ہوں میں ادا واجب قربۃً الی اللہ پس تکبیر کہکر الحمد اور دوسرا سورہ جیسا ہو پڑھے اور تکبیر کہکے رکوع میں جاوے اور ذکر رکوع کرکے سیدھا کھڑا ہو پھر الحمد اور ایک سورہ پڑھے اور قنوت پڑھے ہاتھ اُٹھا کر پھر رکوع میں جاوے پھر سیدھا ہو کر الحمد اور ایک سورہ پڑھکے رکوع بجا لاوے پھر سیدھا ہو کر دونوں سورہ اور قنوت پڑھکے رکوع بجا لاوے پھر سیدھا ہو کر دونوں سورہ پڑھکے رکوع بجا لاوے۔ اور سجدے میں جاوے پھر کھڑا ہو کر الحمد اور ایک سورہ پڑھکے

باب ستائیسواں

طریق نماز گہن و آندھی و زلزلہ

قنوت پڑھے اور رکوع مین جاوے پھر سیدھا ہو کر دونون سورہ پڑھکر رکوع کرے پھر سیدھا ہو کر دونون سورہ اور قنوت پڑھکے رکوع کرے پھر سیدھا ہو کر دونون سورہ پڑھے اور رکوع بجالاوے پھر سیدھا ہو کر دونون سورہ پڑھکے قنوت پڑھکے رکوع کرے اور سجدے مین جاوے پھر بیٹھکر تشہد و سلام لکر نماز کو تمام کرے اور اگر دوسرے رکوع کے بعد قنوت نہ پڑھے اور دوسری رکعت کے آخر رکوع مین ایکہی قنوت پڑھکے نماز کو تمام کرے تب بھی مضائقہ نہین مگر بہتر یہ ہی کہ بصورت مذکور پڑھے پس نماز چاند گہن اور سورج گہن کی ابتداے گہن ہو اور آخر وقت بقول مشہور ابتدا منجلی ہونے کی ہی اور نزدیک محققین کے وہ ہی کہ جبتک گہن موقوف نہو وقت باقی ہی ہرگاہ نماز سے فارغ ہوا اور ہنوز گہن نہ چھوٹا ہو تو نماز دوبارہ پڑھے اور واسطے نماز زلزلہ و آندھی کے اگر وقت نماز و فاذ کرے موافق مشہور تمام عمر مین ادا ہی اگر کسی نے وقت زلزلہ و آندھی نماز نہ پڑھی ہو مشہور میان علما ہی کہ قضا پڑھے اُس نماز کو مطلقاً اور اگر کسی کو چاند گہن و سورج گہن کی خبر نہوئی ہو اور بعد کو معلوم ہو تو اگر تمام قرص مین گہن لگا ہو تو قضاے نماز واجب ہی ورنہ مستحب

باب اٹھائیسوان بیان مین اعمال نوروز کے

منقول ہی کہ نوروز کے دن روزہ رکھنا غسل کرنا پاکیزہ کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا سنت ہی اور جب نماز ظہر و عصر سے فارغ ہو چار رکعت نماز پڑھے ہر دو رکعت مین ایک سلام پہلی رکعت مین بعد الحمد کے دس مرتبہ سورۂ قدر دوسری رکعت مین بعد الحمد کے دس مرتبہ قُل یا ایُّہا الکافرون تیسری رکعت مین بعد الحمد کے دس مرتبہ قل ہو اللہ چوتھی رکعت مین بعد الحمد کے قُل اَعُوذُ بِرَبِّ الفَلَق اور قُل اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاس پڑھے اور بعد نماز سجدۂ شکر مین جاکر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ نِ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ

اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ
وَ شَرَّفْتَهٗ وَ عَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ
عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَ وَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ
یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ
عَنِّیْ عَوْنُكَ وَ حِفْظُكَ وَ مَا فَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْ لِیْ
عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ
اگر یہ نماز امکان مین نہو تو دعا پڑھ لے اور جب نماز و دعا پڑھے تو گناہان پنجاہ سالہ بخشے جائینگے
اور بہت کہے یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ اور غیر کتب مشہورہ مین روایت کی ہو کہ وقت تحویل
یہ دعا بہت پڑھے اور بعض نے تین سو چھیاسٹھ مرتبہ کہا کر پڑھے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ
وَ الْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَ النَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَ الْاَحْوَالِ حَوِّلْ
حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ اور منقول ہو کہ جو نوروز کے دن یہ دعا پاک پانی پر پڑھے جو اسکو
پیے اور چار کنج مین گھر کے چھڑک دے اُس سال بھر تمام بلیات سے محفوظ رہیگا اَللّٰهُ
رَبِّیْ رَبِّیَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ رَبِّیَ اللّٰهُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ حَسْبُنَا
اللّٰهُ رَبِّیْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنَ الْقَحْطِ وَ الطَّاعُوْنِ وَ الْغَرَقِ
وَ الْحَرَقِ وَ الْمَوْتِ وَ سُوْءِ الْقَضَاءِ وَ شَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ وَ شَرِّ
كِتَابٍ سَبَقَ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ پھر سات مرتبہ پڑھے اِنَّا
مُؤْمِنُوْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَ مُظْهِرِ لُطْفِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ
اور مشہور ہو کہ جو یہ سات سلام نوروز کے دن مشک و زعفران سے چینی کے ظرف پر لکھ کر آب سے
دھو دے جو اُسمین سے پیے تا سال آیندہ کوئی درد و رنج اُسکو نہ پہونچیگا اگر جانور زہردار کاٹے
اثر نہ کریگا سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ
سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَ هَارُوْنَ سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِيْنَ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۵
اور بنا بر مشہور لکھا ہی کہ وقت تحویل مشک و زعفران سے یہ نقش لکھے اور کھاوے یا اپنے
پاس رکھے ۱۱۱ ۱۱۹ ۱۱۱۹ ۱۱۹ ۱۱۱ یعطے ایضا روایت ہی جناب امیر علیہ السلام سے
جو کہ روز نوروز یہ سات سورے پڑھے تا سال آیندہ سب آفات و بلیات سے محفوظ رہیگا
سورۂ بنی اسرائیل و سورۂ نور و سورۂ حدید و سورۂ حشر و سورۂ صف و سورۂ سال سائل و سورۂ اعلی

باب اُنتیسواں بیان مین دعاے توبہ اور وصیت وغیرہ کے

جاننا چاہیے کہ توبہ واجب فوری ہی اور معنی توبہ کے ندامت و پشیمانی ہی اور عزم کرنا دل سے
کہ اب آیندہ اس گناہ کا کبھی مرتکب نہونگا کیا خدا کی رحمت ہی کہ جب انسان عمل بد کا مرتکب
ہوتا ہی تو اُسکو سات ساعت کی مہلت دیجاتی ہی کہ اگر اس عرصہ مین کوئی عمل خیر اُس سے ہوا
یا استغفار بجالایا تو وہ عمل بد اُسکے نامۂ اعمال مین ثبت نہین کیا جاتا ہی پس اگر بعد واقع ہونے
گناہ کے قبل سات ساعت کے اس استغفار کو پڑھے تو وہ گناہ اُسکے نامۂ اعمال مین لکھا نجائیگا
اور وہ استغفار یہ ہی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اور بسند صحیح
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہی کہ جو شخص شب و روز مین چالیس گناہ کبیرہ
کرے اور زار روے ندامت و پشیمانی کے یہ استغفار پڑھے تو حق تعالی اُن گناہون کو اپنے
رحم سے معاف کر دیتا ہی اور وہ استغفار یہ ہی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَسْئَلُهٗ اَنْ يُّصَلِّيَ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ يَّتُوْبَ عَلَيَّ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہین کہ
کوئی عمل خیر اس سے بہتر نہین ہی کہ آدمی محمد و آل محمد علیہم السلام پر ہر وقت درود بھیجا کرے
اسطرح کہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پس آدمی کو لازم ہی کہ ہر وقت گناہون سے
توبہ کرتا رہے جبکا حق ذمہ اپنے رکھتا ہو ادا کرے اور جو مقدمات داد و ستد کے ہین وصیت

کرتا ہے اگر حج واجب ہو تو جاکر بجالاوے پس جب قرضدار نہو اور موافق عیال اور اپنی آمد
رفت کے مع سواری خرچ ہو تو حج واجب ہوتا ہے اور سنت ہے کہ ہمیشہ کفن مہیا رکھے کہ غافلون
مین لکھی جائیگا جب نظر کفن پر پڑتی ہے تو حسنہ لکھا جاتا ہے اور اپنے اصل مال بہت حلال سے کفن تیار
کرے اور زوجہ کو اپنے مال مین سے کفن دے حدیث مین وارد ہے کہ اچھا کفن کرو اپنے مُردونکا
کہ اُسی کفن مین قیامت کے دن اُٹھینگے مستحب ہے کہ خوش قماش و بیش قیمت ہو پس حال پر اپنے
متوجہ ہو اور گناہون سے اپنے توبہ کرے کردار گذشتہ سے اپنے نادم اور پشیمان ہو اور دل سے
توبہ کرے اور ارادہ رکھے کہ اگر زندہ رہونگا تو مرتکب معصیت نہونگا اول چاہیے غسل کرے
پھر دو رکعت نماز پڑھکے یہ استغفار پڑھے اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ
پھر کہے اُشْہِدُ اللّٰہَ وَجَمِیْعَ مَلٰٓئِکَتِہٖ وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَ
حَمَلَۃِ عَرْشِہٖ وَالْاَئِمَّۃِ الْمَعْصُوْمِیْنَ وَجَمِیْعَ خَلْقِہٖ اَنِّیْ نَادِمٌ عَلٰی مَا
سَلَفَ مِنِّیْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْمَعَاصِیْ وَمُعْتَرِفٌ بِھَا وَاَنِّیْ عَازِمٌ عَلٰی اَنْ لَا
اَعُوْدَ اِلَیْھَا وَقَدْ عَاھَدْتُ اللّٰہَ عَلٰی ذٰلِکَ اَلْفَ عَھْدٍ فِیْ عُنُقِیْ یُطَالِبُنِیْ
بِہٖ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ ترجمہ گواہ کرتا ہون مین خدا اور جمیع ملائکہ اور انبیا
اور رسولون اور حاملان عرش اُسکے کو اور ائمہ معصومین کو اور جمیع مخلوقات اُسکے کو حقیقۃً مین
شرمندہ ہون اس امر پر کہ ہوا مجھسے گناہون سے اور معصیتون سے اور اقرار کرتا ہون مین کہ ہون
ارادہ کرتا اوپر اُسکے یہ کہ نہ پھرونگا مین طرف گناہون کے اور تحقیق کہ قسم کھاتا ہون مین خدا کی
اوپر اس معنی کے ہزار عہد بیچ گردن میری کے ایسا عہد کہ جوابدہ ہون مین ساتھ اُس عہد کے
بروز قیامت اور درود اللہ کا اوپر محمد اور آل محمد علیہم السلام کے اگر غسل و نماز کی طاقت نہو تو فقط
دعا پڑھکے دل سے توبہ کرے اور اگر آثار موت ظاہر ہون وصیت کرے حقوق خدا اور خلق
جو کچھ اپنے ذمہ رکھتا ہو ادا کرے اور کسی پر نہ چھوڑے بعد ادا کے تیسرے حصے پر اپنے مال کے
وصیت کرے کہ خویشان پریشان اور فقرا و مساکین کو ملے اور سب امور خیر مین صرف ہو اور

بیان کفن

دعاے توبہ

بیان وصیت

برادران ایمانی سے بخشش طلب کرے اگر کسی کو اذیت پہونچائی ہو یا کسی کی غیبت کی ہو تو بخشوالے اگر وہ موجود نہو تو لوگون سے التماس کرے کہ اُسکو راضی کرکے استغفار کرائین اُسکے لیے پہر عیال و اطفال صغیر کو خدا پر توکل کرکے کسی امین وصی کے سپرد کرے پہر کفن منگا دے کہ اُس پر خاک تربت سے دعاے جوشن کبیر اور جوشن صغیر جو اوپر مذکور ہین اور ادعیہ شہادتین جو آگے بیان ہین لکہی ہون اور ہر مومن پر واجب ہی کہ صحیفۂ اعتقاد اپنا درست کرے اسطور سے کہ دعاے شہادت نامہ کپڑے پر خاک تربت سے لکہکر سادات و مؤمنین کی گواہی لکہالے اسطور سے کہ دعاے شہادت نامہ کے نیچے مرد کے لیے شَہِدَ بِاِیْمَانِہٖ اور عورت کے لیے شَہِدَ بِاِیْمَانِہَا لکہوے کہ مؤمنین ان الفاظ کے نیچے اپنا اپنا نام لکہدین پہر اس شہادت نامہ کو ہمراہ کفن سینہ پر رکہدین اور دعاے شہادت نامہ یہ ہی مرد کے لیے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ شَہِدَ الشُّہُوْدُ الْمُسَمَّوْنَ فِیْ ہٰذَا الْکِتَابِ اَنَّ اَخَاہُمْ فِی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ نام میت اور اُسکے باپ کا لکہدے اَشْہَدَہُمْ وَاسْتَوْدَعَہُمْ وَاَقَرَّ عِنْدَہُمْ اِنَّہٗ یَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاِنَّہٗ مُقِرٌّ بِجَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالرُّسُلِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَاَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہِ اِمَامُہٗ وَاَنَّ الْاَئِمَّۃَ مِنْ وُلْدِہٖ اَئِمَّتُہٗ اور عورت کے لیے اس عبارت مذکور کو اسطرح لکہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ شَہِدَ الشُّہُوْدُ الْمُسَمَّوْنَ فِیْ ہٰذَا الْکِتَابِ اَنَّ اُخْتَہُمْ فِی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ نام میت اور اُسکے باپ کا لکہے اَشْہَدَتْہُمْ وَاسْتَوْدَعَتْہُمْ وَاَقَرَّتْ عِنْدَہُمْ اِنَّہَا تَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاِنَّہَا مُقِرَّۃٌ بِجَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالرُّسُلِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَاَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہِ

دعاے شہادت نامہ

اِمَامُہَا وَاَنَّ الْاَئِمَّۃَ مِنْ وُلْدِہٖ اَئِمَّتُہَا اسکے آگے باقی دعا جو آگے مذکور ہی تمام وکمال لکھے چاہیے شہادت نامہ مرد کا ہو چاہے عورت کا اسلیے کہ اس باقی دعا میں مرد و عورت کا کچھ فرق نہیں ہی اور وہ یہ ہی وَاَنَّ اَوَّلَہُمُ الْحَسَنُ ثُمَّ الْحُسَیْنُ وَعَلِیُّ ابْنُ الْحُسَیْنِ وَمُحَمَّدُ ابْنُ عَلِیٍّ وَجَعْفَرُ ابْنُ مُحَمَّدٍ وَمُوْسَی ابْنُ جَعْفَرٍ وَعَلِیُّ ابْنُ مُوْسٰی وَمُحَمَّدُ ابْنُ عَلِیٍّ وَعَلِیُّ ابْنُ مُحَمَّدٍ وَالْحَسَنُ ابْنُ عَلِیٍّ وَالْقَائِمُ الْحُجَّۃُ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَاَنَّ الْجَنَّۃَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ لَا رَیْبَ فِیْہَا وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَرَسُوْلُہٗ جَاءَ بِالْحَقِّ وَاَنَّ عَلِیًّا وَلِیُّ اللّٰہِ وَخَلِیْفَتُہٗ مِنْ بَعْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَمُسْتَخْلَفُہٗ فِیْ اُمَّتِہٖ مُؤَدِّیًا بِاَمْرِ رَبِّہٖ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَاَنَّ فَاطِمَۃَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَابْنَیْہَا الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ ابْنَا رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسِبْطَاہُ وَاِمَامَا الْہُدٰی وَقَائِدَا الرَّحْمَۃِ وَاَنَّ عَلِیًّا وَمُحَمَّدًا وَجَعْفَرًا وَمُوْسٰی وَعَلِیًّا وَمُحَمَّدًا وَعَلِیًّا وَحَسَنًا وَالْحُجَّۃَ الْقَائِمَ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ اَئِمَّۃٌ وَقَادَۃٌ وَدُعَاۃٌ اِلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَحُجَّۃٌ عَلٰی عِبَادِہٖ پس مومنین کو جمع کرے اور اعتقاد اپنا بیان کرے اور گواہی اُنکی اس شہادت نامہ پر لکھوالے جسطرح کہ مذکور ہوا اور اس طریق پر اعتقاد بیان کرے کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَشْہَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَنَّ الْجَنَّۃَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ لَا رَیْبَ فِیْہَا وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ پس جو وقت آثار جان کندن ظاہر ہوں یہ دعا پڑھے یا کوئی پڑھاوے کہ آسانی جان کندن ہو گی اَللّٰہُمَّ اغْفِرْ لِیَ الْکَثِیْرَ مِنْ مَعْصِیَتِکَ وَاقْبَلْ مِنِّی الْیَسِیْرَ مِنْ طَاعَتِکَ اور

سنت ہی کہ یہ دعا پڑھاوین یَا مَنْ یَقْبَلُ الْیَسِیْرَ وَیَعْفُوْ عَنِ الْکَثِیْرِ اِقْبَلْ
مِنِّی الْیَسِیْرَ وَاعْفُ عَنِّی الْکَثِیْرَ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ
حدیث معتبرہ مین وارد ہی کہ جسکا آخر کلام لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو وہ شخص داخل بہشت ہوگا
اور سنت ہی کہ اُسکو اس حالت مین تنہا نہ چھوڑین اور اعتقادات مگر تلقین کرین عربی نہ پڑھ سکے
تو مضمون اُسکا بیان کرین کہ شیطان اُسپر قادر نہو کہ دین حق سے پھیرے اُسے
اور جسطرح ہو سکے یہ کلمات فرج اُسکو پڑھاوین کہ آتش جہنم سے نجات ہوگی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ
الْکَرِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوَاتِ
السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا فِیْہِنَّ وَمَا بَیْنَہُنَّ وَرَبِّ
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ پس عقائد اُسکے آگے بیان کرین
یَا عَبْدَ اللّٰہِ اذْکُرِ الْعَہْدَ الَّذِیْ فَارَقْتَنَا اور براے زن یَا اَمَۃَ اللّٰہِ
اذْکُرِی الْعَہْدَ الَّذِیْ فَارَقْتِنَا اسکے بعد کہے عَلَیْہِ فِیْ دَارِ الدُّنْیَا مِنْ شَہَادَۃِ اَنْ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ
بِالْہُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْہِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ
وَاَنَّ الْخَلِیْفَۃَ مِنْ بَعْدِہٖ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَسَیِّدُ الْوَصِیِّیْنَ عَلِیُّ ابْنُ
اَبِیْ طَالِبٍ ثُمَّ وَلَدُہُ الْحَسَنُ ثُمَّ الْحُسَیْنُ ثُمَّ عَلِیُّ ابْنُ الْحُسَیْنِ ثُمَّ
مُحَمَّدُ بْنُ الْبَاقِرُ ثُمَّ جَعْفَرُ نِ الصَّادِقُ ثُمَّ مُوْسَی الْکَاظِمُ ثُمَّ عَلِیُّ بْنِ الرِّضَا
ثُمَّ مُحَمَّدُ بْنِ التَّقِیُّ ثُمَّ عَلِیُّ بْنِ النَّقِیُّ ثُمَّ الْحَسَنُ الْعَسْکَرِیُّ ثُمَّ الْخَلَفُ
الْمُنْتَظَرُ مُحَمَّدُ بْنِ الْمَہْدِیُّ صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ عَلٰی
ہٰذَا اُحْیِیْتَ وَعَلٰی ہٰذَا اَمُتَّ وَعَلٰی ہٰذَا تُبْعَثُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ
ترجمہ اے بندۂ خدا یاد کر اُس عہد کو جسپر جدا ہوا تو ہمسے اس دنیا مین اور وہ عہد گواہی ہی اس بات
کہ نہین ہی کوئی معبود مگر خدا لاشریک ہی وہ اور تحقیق کہ جناب محمد بندہ اُسکا اور رسول اُسکا ہی کہ

بھیجا اُسکو براے ہدایت دین حق کے تا ظاہر کرین دین اپنا اوپر سب دینوں کے اگرچہ کراہت
کرین مشرکین اور تحقیق کہ جانشین اُنکے بعد اُنکے سردار مومنین کے اور سردار سب وصیون کے
علی ابن ابیطالب علیہ السلام ہین بعد اُنکے بیٹے اُنکے امام حسنؑ پھر امام حسینؑ پھر علی ابن الحسینؑ پھر
جناب امام محمد باقرؑ پھر حضرت امام جعفر صادقؑ پھر جناب امام موسی کاظمؑ پھر جناب امام رضاؑ
پھر حضرت امام محمد تقیؑ پھر حضرت امام علی نقیؑ پھر جناب امام حسن عسکریؑ پھر فرزند اُنکے کہ جنکی
تمام خلائق منتظر ہے وہ جناب امام محمد مہدیؑ ہین درود خدا کا اور سلام اسکا اوپر اُن سب کے
ہو جیو اسی طریق پر زندہ رہا تو اور اسی طریق پر مرا تو اور اسی طریق پر اُٹھایا جائیگا تو جب
چاہیگا اللہ اور پاس اُسکے سورۂ یٰس اور سورۂ والصافات اور دعاے عدیلہ پڑھین اور وہ
دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ وَاَنَا الْعَبْدُ الضَّعِيْفُ الْمُذْنِبُ
الْعَاصِي الْمُحْتَاجُ الْفَقِيْرُ الْحَقِيْرُ اَشْهَدُ لِمُنْعِمِيْ وَخَالِقِيْ وَرَازِقِيْ
وَمُكْرِمِيْ وَمُكَوِّنِيْ كَمَا شَهِدَ لِذَاتِهٖ وَشَهِدَتْ لَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ
وَاُولُوا الْعِلْمِ مِنْ عِبَادِهٖ بِاَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُو النِّعَمِ وَالْاِحْسَانِ
وَالْكَرَمِ وَالْاِمْتِنَانِ قَادِرٌ اَزَلِيٌّ عَالِمٌ اَبَدِيٌّ حَيٌّ اَحَدِيٌّ مَوْجُوْدٌ
سَرْمَدِيٌّ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ مُرِيْدٌ كَارِهٌ مُدْرِكٌ صَمَدِيٌّ يَسْتَحِقُّ
هٰذِهِ الصِّفَاتِ وَهُوَ عَلٰى مَا هُوَ عَلَيْهِ فِيْ عِزِّ صِفَاتِهٖ كَانَ قَوِيًّا
قَبْلَ وُجُوْدِ الْقُدْرَةِ وَالْقُوَّةِ وَكَانَ عَلِيْمًا قَبْلَ اِيْجَادِ الْعِلْمِ وَ
الْعِلَّةِ لَمْ يَزَلْ سُلْطَانًا اِذْ لَا مَمْلَكَةَ وَلَا مَالَ وَلَمْ يَزَلْ سُبْحَانًا عَلٰى
جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وُجُوْدُهٗ قَبْلَ الْقَبْلِ فِيْ اَزَلِ الْاٰزَالِ وَبَقَاؤُهٗ بَعْدَ
الْبَعْدِ مِنْ غَيْرِ انْتِقَالٍ وَلَا زَوَالٍ غَنِيٌّ فِي الْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ مُسْتَغْنٍ

فی الباطن والظاهر لا جور فی قضیته ولا میل فی مشیته ولا
ظلم فی تقدیره ولا مهرب من حکومته ولا ملجاً من سطواته
ولا منجی من نقماته سبقت رحمته غضبه ولا یفوته احد
اذا طلبه ازاح العلل فی التکلیف وسوی التوفیق بین الضعیف
والشریف مکن اداء المامور وسهل سبیل اجتناب المحظور
لم یکلف الطاعة الا بقدر الوسع والطاقة سبحانه ما ابین
کرمه واعلی شانه سبحانه ما اجل نیله واعظم احسانه
بعث الانبیاء لیبین عدله ونصب الاوصیاء لیظهر طوله و
فضله وجعلنا من امة سید الانبیاء وخیر الاولیاء وافضل
الاصفیاء واعلی الازکیاء محمد ن المصطفی صلی الله علیه و
اله وسلم امنا به وبما دعانا الیه وبالقران الذی انزل الیه و
بوصیه الذی نصبه یوم الغدیر واشار بقوله هذا علی الیه
واشهد ان الائمة الهدی الابرار والخلفاء الاخیار بعد الرسول
المختار علی قامع الکفار ومن بعده سید اولاده الحسن ابن
علی ثم اخوه السبط التابع لمرضات الله الحسین ثم العابد
علی ثم الباقر محمد ثم الصادق جعفر ثم الکاظم موسی ثم
الرضا علی ثم التقی محمد ثم النقی علی ثم الزکی الحسن
العسکری ثم الحجة الخلف القائم المنتظر المهدی محمد بن
الحسن صاحب الزمان صلوات الله علیه وعلیهم اجمعین
المرجی الذی ببقائه بقیت الدنیا وبیمنه رزق الوری وبوجوده
ثبتت الارض والسماء وبه یملا الله الارض قسطا وعدلا بعد

مَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا وَاَشْهَدُ اَنَّ اَقْوَالَهُمْ حُجَّةٌ وَامْتِثَالَهُمْ فَرِيْضَةٌ
وَطَاعَتَهُمْ مَفْرُوْضَةٌ وَمَوَدَّتَهُمْ لَازِمَةٌ مَقْضِيَّةٌ وَالْاِقْتِدَاءَ
بِهِمْ مُنْجِيَةٌ وَمُخَالَفَتَهُمْ مُرْدِيَةٌ وَهُمْ سَادَاتُ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَجْمَعِيْنَ
وَشُفَعَاءُ يَوْمِ الدِّيْنِ وَاَئِمَّةُ اَهْلِ الْاَرْضِ عَلَى الْيَقِيْنِ وَاَفْضَلُ
الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَاَشْهَدُ اَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَالْقَبْرَ حَقٌّ وَ
سُؤَالَ مُنْكَرٍ وَنَكِيْرٍ فِي الْقَبْرِ حَقٌّ وَالْبَعْثَ حَقٌّ وَالنُّشُوْرَ حَقٌّ وَالصِّرَاطَ حَقٌّ
وَالْمِيْزَانَ حَقٌّ وَالْحِسَابَ حَقٌّ وَالْكِتَابَ حَقٌّ وَالْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ
حَقٌّ وَاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ
اَللّٰهُمَّ فَضْلُكَ رَجَائِيْ وَكَرَمُكَ وَرَحْمَتُكَ وَعَفْوُكَ اَمَلِيْ لَا عَمَلَ لِيْ اَسْتَحِقُّ
بِهِ الْجَنَّةَ وَلَا طَاعَةَ لِيْ اَسْتَوْجِبُ بِهِ الرِّضْوَانَ اِلَّا اَنِّيْ اعْتَقَدْتُ
عَدْلَكَ وَتَوْحِيْدَكَ وَارْتَجَيْتُ اِحْسَانَكَ وَفَضْلَكَ وَتَشَفَّعْتُ
اِلَيْكَ بِالنَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَوْصِيَائِهِ الْمَعْصُوْمِيْنَ مِنْ اَحِبَّتِكَ
صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَاَنْتَ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ
وَاَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَوْدَعْتُكَ يَقِيْنِيْ هٰذَا وَثَبَاتَ دِيْنِيْ
وَاَنْتَ خَيْرُ مُسْتَوْدَعٍ وَقَدْ اَمَرْتَنَا بِحِفْظِ الْوَدَائِعِ وَرَدِّهَا
فَاحْفَظْهُ وَرُدَّهٗ عَلَيَّ وَقْتَ حُضُوْرِ مَوْتِيْ وَفِي الْقَبْرِ عِنْدَ مَسْئَلَةِ مُنْكَرٍ
وَنَكِيْرٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ
الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا اور پاؤن اُسکے
قبلہ کی طرف کردین اور حائض اور جنب نزدیک اُسکے نہ جاوین کہ ملائکہ نفرت کرتے ہین اگر سوا
اُنکے کوئی خدمت کو نہو تو یہی لوگ خدمت کرین جب معلوم ہو کہ روح اُسکی مفارقت کیا
چاہتی ہی تو اُسے تنہا کر دین سب ہٹجائین اگر جان کندن دشوار ہو تو جا نماز یا اُس مقام پر کہ جہان

ہمیشہ نماز پڑھتا تھا لٹا دین اور کلمات فرج مذکور دوبارہ پڑھا دین جب روح مفارقت کرے
تو سنت ہی کہ منہ اور آنکھین بند کردین ہاتھون کو اُسکے پہلو کی طرف برابر کردین چادر اُڑھا دین
شب ہو تو چراغ روشن رکھین مؤمنین کو خبر کرین کہ جنازے کے ہمراہ ہون اور جلدی کرین اُٹھانے مین
اگر شب ہو تو دن کا اور اگر دن ہو تو شب کا انتظار نکرین مگر انتظار مؤمنین کا واسطے ہمراہی جنازہ کے
جائز ہی یا میت حاملہ ہو اور بچہ اُسکے شکم مین زندہ ہو تو اتنی تاخیر واجب ہی کہ بایان پہلو میت کا چاک
کرکے بچہ نکال لیا جائے اور وہ مقام سی دیا جائے یا اور اسی طرح کے مواقع ضروری مین تاخیر جائز
پس اگر بضرورت میت کو شب باش کرین تو نزدیک اُسکے قرآن کی تلاوت کرین اور آگے جنازے کے
نہ چلین اور مکروہ ہی سوار ہو کر ساتھ جانا اور جنازہ تیز قدم لیجانا اور ہنسنا اور حرف باطل کہنا جائز نہین
اور گریبان و کپڑے چاک کرنا غیر کے واسطے جائز نہین مگر باپ اور بھائی کے لیے جائز ہی اور منہ
چھیلنا اور بال نوچنا کسی کے واسطے جائز نہین اور سنت ہی کہ اور لوگ خصوصًا ہمسایہ کے واسطے
صاحب مصیبت کے تین دن کھانا بھیجین اور تین دن سے زیادہ ماتم نہ کرین مگر عورت شوہر کے
مرنے مین چار مہینے دس روز ماتم رکھے رنگین کپڑے نہ پہنے اور زینت نکرے اور گھر سے
باہر نہ نکلے الا بضرورت قوی

باب تیسوان واجبات غسل وکفن وغیرہ کے بیان مین

فصل پہلی مسائل غسل دینے کے بیان مین جاننا چاہیے کہ غسل وکفن ونماز ودفن کردینا سب پر
واجب ہی اگر ایک شخص سب بجا لاوے تو سب سے ساقط ہو گا اگر وارث میت کا ہو تو بے
اجازت اُسکی اور متوجہ نہین ہو سکتا ہی اور واجب ہی مرد مرد کو غسل دے عورت عورت کو
مگر چند جا اول زن وشوہر کہ بقول اشہر واقوی ایک دوسرے کو غسل دے سکتے ہین اور احتیاط
یہ ہی کہ پائجامہ پہنا کے غسل دیوین کہ آگے پیچھے پر نگاہ نہ پڑے بہتر ہی کہ بدون ضرورت غسل دیوین
خصوصًا مرد عورت کو دوسرے جائز ہی کہ آقا کنیز کو غسل دے ہرگاہ وہ کنیز زوجہ کسی کی نہو یا عدہ
مین کسیکے نہو اور کنیز آقا کو غسل دے اِسمین اختلاف ہی بہتر ہی کہ نہ دے تیسرے جائز ہی کہ غسل دیوے

مرد اجنبی تین برس کی دختر کو ننگا اور عورت اجنبی تین برس کے پسر کو ننگا پانچ برس بھی تجویز کیا ہی جو بچے
ہرگاہ مرد مر جائے اور ممکن نہو کہ مرد اُسے غسل دے تو عورت محرم اُسکو غسل دے سکتی ہی یا جامہ
پہنا کے اسی طور پر ہرگاہ عورت مرگئی ہو ظاہرا محرم حالت مجبوری مین ایک دوسرے کو غسل
دے سکتے مین احتیاط یہ ہی کہ تا حد امکان مرد کو مرد اور عورت کو عورت غسل دیوے فصل دوسری
طریق غسل مین جان تو کہ میت کو مقام غسل پر لاوین لاش کو تختہ پر رکھین پاؤن قبلہ کی جانب ہون
کپڑون کو پاؤن کی طرف سے نکالین اگر تنگ ہون باؤن ولی پھاڑین اور ننگی عورتین پڑا لین
اگر بدون نہر اور دریا و تالاب غسل دین تو ایک گڑھا پائینتی کھودین کہ پانی غسل کا اُسمین جمع ہو
سرھانے کی طرف بلند رکھین اور خیمہ وغیرہ سے سایہ کرین اور یہ سب امور سنت ہین اور واجب ہے
کہ پہلے نجاست و میل و کثافت بدن میت سے دور کرین اور غسل دینے والے دو شخص ہون
ایک پانی ڈالے دوسرا میت کو پھیرے اور نہلاوے اُنگلیان باہستگی نرم کرین اگر خوف ہو
ٹوٹنے کا تو رہنے دین پھر آگا پیچھا میت کا کپڑا ہاتھ مین لپیٹ کر دھووین کہ مقام ستر پر ہاتھ نہ پڑے
اور کف برگ سدر یا اشنان سے کہ نام ایک گھانس کا ہی اوّل دھوئین اور پانی بہت ڈالین کہ خوب
پاک وصاف ہو اور ہاتھ پیٹ پر میت کے رکھکے بہ نرمی برابر نیچے کھینچین کہ اگر فضلہ ہو تو باہر ہووے
اگر کچھ نکلے تو پھر پاک کرین اور اگر عورت حاملہ ہو خوف گرنے فرزند کا ہو تو ہاتھ پیٹ پر نہ کھینچین
سنت ہی کہ سر و ریش کو پیش از غسل کف برگ سدر سے دھووین پس سنت ہی کہ غسل دینے والا ہاتھ اپنے
کہنیون تک دھووے اور داہنی طرف میت کے قبلہ رو کھڑا ہو میت کو دونون زانودن کے
درمیان نہ لیوے کہ مکروہ ہی اگر میت جنب یا حائض ہو تو غسل جنابت و حیض بقصد ... ب
دوے یعنی واجب نہین ہی یہی غسل میت سب غسلون کے لیے کافی ہی پس غسل شروع کرے ایک
دو گھڑے پانی مین اندک پتی بیر کی ملکے جب کف لاوے غسل دینے والا اور جو پانی ڈالے دونون
نیت کرین کہ اس میت کو غسل دیتے ہین ہم آب سدر اور آب کافور اور آب خالص سے واجب
قربۃً الی اللہ پس سر میت کا تین مرتبہ دھوئین بہتر یہ ہی کہ اوّل جانب راست سر آب سدر سے

تین مرتبہ دھوئین پھر بائین جانب سر تین مرتبہ پھر میت کو بائین کروٹ لٹا کے داہنی طرف تین مرتبہ
پانی ڈالین اور قطع نہ کرین تا پاؤن تک پہونچے اور ہر بار پانی ڈالنے مین پیٹ اور پیٹھ پر میت کے
ہاتھ پھیرین باآہستگی ملین کہ پانی ہر جگہ پر خوب پہونچے ہاتھ میت کے پہلو سے جدا کرین کہ پانی
نیچے بغل وغیرہ کے پہونچے لنگی کے نیچے آگے پیچھے اور ران اور سب اعضا پر پانی خوب
جاری ہو بعدہ میت کو داہنی کروٹ لٹا کے بائین طرف پانی ڈالین جسطور مذکور ہوا اور پانی
ڈالنے والا اسی کو ے کہ ہر جا پر پانی پہونچے پھر میت کو پیٹھ کے بھل لٹا دین اور سب برتن دھوئین کہ
اثر سدر کا اُنمین نہ رہے یا برتن دوسرے ہون پھر غسل دینے والا اپنے ہاتھون کو کہنی تک
دھوئے تھوڑا سا کافور کہ ملکے اُتنی ہی مقدار پانی مین ملا دے کافور زیادہ نہو کہ پانی مضاف
ہو جاوے بلکہ اتنا ہو کہ فقط خوشبو کافور کی پانی مین آنے لگے اور کپڑا ہاتھ مین لپیٹ کے آگا
پیچھا تین مرتبہ دھو دے آب کافور سے اور سر میت کا بلند کر کے ہاتھ پیٹ پر نرمی سے کھینچے کہ
اگر فضلہ نکلے تو مُنھ سے نہ نکلے احتیاط یہ ہے کہ پھر دونون شخص نیت کرین کہ اس میت کو غسل دیتے
ہین ہم آب کافور سے اسواسطے کہ واجب ہے قربۃً الی اللہ پس جسطور غسل سدر مین مذکور ہوا اُسی
طور سے آب کافور سے غسل دین جب اس سے فارغ ہون تو آب خالص سے غسل دین برتنون کو
دھوڈالین کہ اثر کافور کا نہ رہے یا برتن دوسرے ہون پھر غسل دینے والا کہنی تک اپنے ہاتھ دھوئے
اور آگا پیچھا میت کا تین تین مرتبہ دھو دے آب خالص سے پس دونون شخص نیت کرین کہ غسل
دیتے ہین ہم اس میت کو آب خالص سے واسطے اسکے کہ واجب ہے قربۃً الی اللہ پھر سر کو جانب
راست و جانب چپ تین تین مرتبہ دھو دین بعدہٗ داہنی کروٹ تین مرتبہ پھر بائین کروٹ تین
مرتبہ دھو دین بہتر ہے کہ وقت پانی ڈالنے کے بہ نرمی ہاتھ کھینچین میت پر کہ پانی سب جگہ پہونچے
اگر خوف نکلنے خون یا نجاست کا ہو تو روئی فرج اور مبرز مین رکھدین اور ناک اور مُنھ مین بھی رکھدین
پھر کپڑے سے بدن میت کا خشک کرین اگر ناخن یا بال اثنا غسل مین میت کے جدا ہون تو کفن
مین ساتھ رکھدین اگر کوئی عیب میت کا دیکھین کسی سے اظہار نہ کرین اگر سدر و کافور کسی مقام پہ

میسر نہو آب خالص سے تینون غسل دیوین اور اگر میت محرم یعنے حالت احرام مین ہو تو اُسکو غسل کافور نہ دین اور نہ اُسکو حنوط کرین اور سنت ہی کہ ہر مرتبہ غسل دینے مین جب میت کو ایک جانب سے دوسری جانب پھیرین تو یکہین اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا بَدَنُ عَبْدِكَ الْمُؤْمِنِ وَقَدْ اَخْرَجْتَ رُوْحَهٗ مِنْهُ وَفَرَّقْتَ بَيْنَهُمَا فَعَفْوَكَ عَفْوَكَ اور عورت کے واسطے اسطور سے کہے اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا بَدَنُ اَمَتِكَ الْمُؤْمِنَةِ وَقَدْ اَخْرَجْتَ رُوْحَهَا مِنْهُ وَفَرَّقْتَ بَيْنَهُمَا فَعَفْوَكَ عَفْوَكَ بہتر ہی سب حالتمین غسل کی بار بار کہے عَفْوَكَ عَفْوَكَ احکام جنین جو بچہ کہ شکم مادر سے ساقط ہو گیا ہو پس اگر وہ بچہ چار مہینے کا یا زیادہ اس سے ساقط ہوا ہی تو اُسکو غسل وکفن وحنوط معمولی طور سے سب چاہیے الا نماز اُسکے لیے نہین ہی اور اگر چار مہینے سے کم کا ساقط ہوا ہی اور خلقت اُسکی پوری نہین ہی تو ایک کپڑے مین لپیٹ کر دفن کردین اور اگر خلقت اُسکی پوری ہو اگرچہ چار مہینے سے کم بھی ہو تو بھی غسل وکفن وحنوط سب چاہیے فصل تیسری بیانمین تیمم دینے میت کے پس اگر پانی میسر نہو یا میت کو غسل نہ دیسکین بخوف پہنچانے بدن کے اُسوقت تیمم دین نیت کرین کہ تیمم دیتا ہون مین اس میت کو بدل غسل آب سدر کے کہ واجب ہی قربۃً الی اللہ بعدہ تیمم دے پھر نیت غسل آب کافور کی کرکے تیمم دے پھر بدل غسل آب خالص کی نیت کرکے تیمم دے اور بعد ہر نیت کے ہاتھون کو خاک پر مارے اور پیشانی پر میت کی کھینچے بعد اُسکے پشت دست پر داہنے و بائین ہاتھ کی اور احتیاط یہ ہی کہ ہر مرتبہ تیمم دو ضربی دے ایک ضرب واسطے پیشانی میت کے اور دوسری ضرب واسطے پشت ہر دو دست کے اور اگر میت کو احتیاج غسل جنابت کی ہو تو اول تیمم دو ضربی بدل غسل جنابت کے دے لے پھر یہ تینون تیمم دے فصل چوتھی کفن مین کفن واجب ہی مثل غسل کے اور کفن پہنانے کے لیے بھی اجازت ولی کی چاہیے اور ضرور ہی کہ کفن غصبی نہو اگر سوا ے غصبی کے اور کفن ممکن نہو تو میت کو برہنہ دفن کردینا لازم ہی اور مستحب ہی کہ کفن سفید ہو رنگین نہو اور کفن کے سینے کے لیے ڈورا کفن ہی کا نکالے

حاشیہ: فصل تیسری بیانمین تیمم دینے میت کے — فصل چوتھی کفن مین — (دیگر حاشیہ نویسی: [illegible])

نکالنا مستحب ہی اور کفن کو قینچی سے کاٹنا مکروہ ہی اور واجب ہی کہ کفن مال حرام سے خرید ا نجائے اور مستحب ہی کہ کفن اچھا دیا جائے حتی الوسع مثل قیمت ہو کہ حدیث مین ہی کہ بروز حشر مردے کفن خوب سے باہم فخر کرینگے کیونکہ یہی کفن پہنے ہوے محشور ہونگے آپ واضح ہو کہ کفن کے پارچے تین عدد واجب ہین عورت ہو خواہ مرد ایک لنگ یعنی لنگی اور یہ اتنی بڑی ہو کہ ناف سے پانوُن تک ڈھانک لے دوسرے پیراہن یعنی کفنی پس چاہیے کہ کفنی عرض مین بارہ گرہ ہو اور طول مین سوا دو گز ہو بارہ گرہ نیچے پشت کے رہے اور باقی گردن سے پنڈلیون تک پہونچ جائے تیسرے چادر جو عرض مین ڈیڑھ گز کی ہو اور طول مین اڑھائی گز تاکہ تمام بدن کو لپیٹ لے آپ سُنتی پارچون مین مرد کے لیے ایک ران پیچ ہی جو عرض مین دو بالشت تک اور طول مین چار پانچ ہاتھ تک ہو دوسرا عمامہ ہی جو عرض مین چار گرہ اور طول مین تین گز تخمیناً ہو اور عمامہ کے ساتھ تحت الحنک کا ہونا ضرور ہی اور عورت کے لیے ایک ران پیچ دوسرے مقنعہ تیسرے سینہ بند جو عرض مین آٹھ گرہ اور طول مین ڈیڑھ گز ہو کہ پشت پر گرہ بندھ سکے چوتھے اوڑھنی اور دو سری چادر کا دینا بھی سنت ہی پس اگر ایک لکھی ہوئی ہو تو دوسری سادی ضرور ہو جو سب کے اوپر لپیٹی جائے فصل پانچوین طریق پہنانے کفن اور حنوط کرنے مین پہلے سادی چادر کسی پاک چیز پر بچھادین اور اُسپر دوسری چادر اگر لکھی ہو اُسے پھیلا دین پھر کفنی گریبان پھاڑ کر آدھی چادر پر بچھادین اور لکھی ہوئی آدھی کفنی سرھانے رہنے دین پھر لنگی مقام ناف سے پنڈلیون تک بچھادین پھر ایک سرا ران پیچ کا پھاڑ کر برابر کمر کے رکھین پھر میت کو کفن پر لٹادین اور دو پھٹا سرا ران پیچ کا کمر میت مین باندھ دین گرہ ناف پر ہو اور روئی بہت سی آگے پیچھے رکھ دین تھوڑا کافور چھڑکین اور دوسرا سرا اُس گرہ مین نکال کے کھینچ دین مثل لنگوٹ کے کہ روئی نہ ہٹے اور دونون پانوُن میت کے ملا دین اور وہ کپڑا لپیٹ دین سرا کھونس دین کہ کھل نہ جاوے پھر کافور ملین نیت کرکے کہ حنوط کرتا ہون مین اس میت کو واجب قربۃً الی اللہ اور واجب ہی کہ سات اعضا جو سجدے کے ہین یعنی پیشانی اور ہر دو کفِ دست اور دونون انگوٹھے پانوُن کے

اور دونون گھٹنون کی چپنیان انمین کافور مع سر ہنیچ ملین اور باقی جو بچے چھاتی پر ڈالدین اور لکھا ہی کہ سب جوڑون مین ملدین اور وزن کافور کا بہتر ہی کہ تیرہ درہم ہو موافق حنوط جناب پیغمبر خدا صلعم کے کہ انگریزی روپیہ کے حساب سے جو ساڑھے گیارہ ماشہ کا ہوتا ہی پونے تین روپیہ بھر ہوتا ہی اور یہ وزن کافور کا علاوہ کافور غسل کے ہونا چاہیے اور میت خواہ صغیر خواہ کبیر وزن کافور مین حکم دونون کا برابر ہی بعدہٗ لنگی باندھ دین اگر عورت ہو تو پارچہ سینہ پر رکھکر پشت پر گرہ دین کفنی پہنادین اور مرد کے سر مین عمامہ باندھ دین اسطور کہ سر اسکے تلے ٹھوڑی کے لاکر گرہ دین جسے تحت الحنک کہتے ہین اور سرا داہنا جانب چپ سینہ پر ڈالین اور بایان سرا جانب راست میت کے سینہ پر ڈالین اور شہادت نامہ جو مذکور ہوا وہ سینہ پر رکھدین اور ایک جریدہ داہنی طرف بدن سے میت کے ملاکے رکھین کہ سرا جریدہ کا ہنسلی گردن سے ملا ہوا اور دوسرا جریدہ بائین جانب رکھدین اور یہ جریدے ہمراہ رکھنا سنت ہین اور وہ دو لکڑیان تازہ درخت خرما یا بید یا بیر یا انار کی ہون لمبی ہاتھ بھر کے قریب بعض نے لکھا ہی کہ کہنی ہاتھ کے گز تک لمبی ہون اور چاہیے کہ ان دونون لکڑیون پر خاک تربت سے شہادتین لکھکر روئی لپیٹ دین وارد حدیث ہی کہ جب تک یہ لکڑیان تر رہینگی مُردے پر عذاب نہوگا پس میت کرین کہ کفن دیتے ہین ہم اس میت کو واجب قربۃً الی اللہ پس پہلے بائین جانب چادر کا میت پر ڈالین پھر داہنی جانب چادر کا بعد اُسکے ایک دھجی سے سر میت پر چادر کو سمیٹ کر باندھ دین اور ایک دھجی سے کمر میت پر اور ایک سے پاؤن پر تاکہ کفن کھل نہ جائے فائدہ کفن کے واسطے چاہیے کہ میت کے اصل مال حلال سے ہو اور یہ میت کے قرضہ اور وصیت اور میراث سب پر مقدم ہی اور اگر میت محتاج ہو اور کچھ نہ رکھتا ہو تو اسکے کپڑون کو جو کہ پہنے تھا طاہر کرکے پھر اُسکو پہنادین یہی اُسکا کفن ہی اور اگر کپڑے بھی نہون تو غسل و نماز کرکے برہنہ دفن کردین مگر سنت مؤکدہ ہی کہ مومنین اپنے پاس سے اسکا کفن مہیا کردین کہ ثواب عظیم ہی اور عورت کا کفن اُسکے شوہر پر واجب ہی اگرچہ عورت مالدار ہو اور غلام کا کفن آقا پر واجب ہی اگرچہ غلام مالدار ہو

یعنی پانچ سال مین سے کفن دین فصل چھٹی بیان مین نماز میت کے پس نماز واجب ہی ہر مسلمان کو
کہ جسے خبر ہو پہنچے اگر ایک شخص متوجہ ہو جاوے سب پر سے ساقط ہی اور نماز واجب ہی ہر میت
شیعہ اثنا عشری بالغ پر اور جو لڑکا چھ برس کا تمام ہوا ہو اور نماز مین وارث اولی تر ہی اگر وارث
لیاقت پیشنمازی کی نہ رکھتا ہو جسے بہتر سمجھے اُسے اجازت دے اور اس نماز مین طہارت شرط
نہین ہی جنب و حائض و بے وضو سب پڑھ سکتے ہین لیکن اگر احتیاطاً سب شرائط مثل نماز یومیہ
رعایت رکھے تو اولی ہی سنت ہی کہ نماز پڑھنے والا وضو کرے اور واجب ہی کہ رو بقبلہ کھڑا ہو
وسط جنازہ پر اگر میت مرد ہو اور اگر عورت ہو تو برابر سینۂ میت کے اور لوگ پیچھے اُسکے
کھڑے ہون کفش پانون سے نکالین واجب ہی کہ نیت کرین کہ اس میت حاضر پر نماز پڑھتا ہون
مین واجب قربۃً الی اللہ ہاتھ کانون تک اُٹھا کے کہے اَللہُ اَکْبَرُ پھر کہے اَشْهَدُ اَنْ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللہُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ
بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ پھر تکبیر دوسری کہے اَللہُ اَکْبَرُ پھر کہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا
وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاۤءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ پھر تیسری
تکبیر کہے اَللہُ اَکْبَرُ پھر کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاۤءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَيْنَنَا
وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ پھر چوتھی تکبیر کہے اَللہُ اَکْبَرُ پھر کہے اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا عَبْدُكَ وَ
ابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَزَلَ بِكَ وَاَنْتَ خَيْرُ مَنْزُوْلٍ بِهٖ اَللّٰهُمَّ
اِنَّا لَا نَعْلَمُ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا وَّاَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنَّا اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ
مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهٖ وَاِنْ كَانَ مُسِيْٓئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ وَ

اغْفِرْ لَهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ عِنْدَكَ فِي اَعْلٰى عِلِّيِّيْنَ وَاخْلُفْ عَلٰى اَهْلِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَارْحَمْهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

عقیق کے بہتر ہی ہزار رکعت سے کہ بے عقیق کے ہو خدا دوست رکھتا ہی اُسکو کہ ہاتھ مین عقیق ہو اور بلند کرے ہاتھ واسطے دعا کے اُسکا ہاتھ روپیہ سے خالی نہ رہیگا موجب آسانی ہی ہر دشواری سے فرمایا[۲۱] انگوٹھی زمرد کی ہاتھ مین رکھے تو ہاتھ اُسکا فقیر نہین ہوتا یعنے فقر ساتھ تونگری کے بدل ہوتا ہی فرمایا[۲۲] جو شخص انگوٹھی فیروزہ کی ہاتھ مین رکھے تو ہاتھ اُسکا فقیر نہوگا دل وچشم کو قوت دیتا ہی حاجت برآتی ہی خدائے تعالیٰ فرماتا ہی کہ مین اُس سے شرم کرتا ہون جسکے ہاتھ مین فیروزہ ہو طرف میرے بلند کرے واسطے دعا کے ہاتھ پس ناامید نہین کرتا ہون مین چاہیے کہ اوپر نگینہ کے الملك لله الواحد القهار کھدا ہو اور نیچے لله الملك فرمایا[۲۳] نماز ساتھ انگوٹھی جزع یمانی کے برابر ستر نماز کے ہی اور ثواب اُسکا واسطے اُسکے لکھا جاتا ہی منقول ہی[۲۴] کہ رکھنا انگوٹھی حدید کا شیاطین کو دفع کرتا ہی جسوقت حاکم ظالم پاس جاوے تو پہن لے اگر ڈرتا ہو اُسکے شر سے محفوظ رہیگا حاجت برآویگی اگر عورتون کو وضع حمل کا درد دشوار ہو تو انگوٹھی حدید کی باندھ دے باسانی وضع حمل ہوگا اور چشم زخم دفع ہوگا لازم ہی نجاست ومیل سے بچاوے ہر وقت نہ پہنے فرمایا[۲۵] انگوٹھی درِ نجف کی ہاتھ مین رکھو کہ نگاہ کرنا اُسپر حق تعالیٰ ثواب زیارت وحج وعمرہ نامۂ عمل مین اُسکے لکھتا ہی اور ثواب زیارت پیغمبرون اور نیکوکارون کا ہوگا اور[۲۶] منقول ہی کہ عقیق زرد کے اوپر ماشاء الله لا قوة الا بالله استغفر الله اور نیچے اُسکے محمدؐ وعلیؑ کھدا ہوا ہو اگر یہ انگوٹھی پاس رکھے چور اور راہزن سے بخطر رہیگا اور واسطے دین کے حافظ ہی اور[۲۷] روایت ہی کہ جب صبح ہووے داہنے ہاتھ مین انگوٹھی عقیق کی ہو اور کسی چیز کو نہ دیکھے ہتیلی کی طرف نگینہ پھیر کے دیکھے اُسکو اور انا انزلناہ اور یہ دعا پڑھے تو حق تعالیٰ اپنی حفظ وحمایت مین رکھیگا ہر بلا سے کہ زمین وآسمان سے نازل ہووے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاٰمَنْتُ بِسِرِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَلَانِيَتِهِمْ وَظَاهِرِهِمْ وَبَاطِنِهِمْ وَاَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ منقول ہی[۲۸] کہ سرمہ لگانا رات کو

آنکھون کو نفع کرتا ہی منھ کو خوشبو و شیرین کرتا ہی اور پلکین مضبوط ہوتی ہین اور اُگتی ہین اور
بینائی زیادہ اور تیز ہوتی ہی اور پانی بہنا موقوف ہوتا ہی آنکھ سے اور جلاے چشم اور قوت
جماع زیادہ کرتا ہی اور منھ کو نورانی کرتا ہی ضعف بصر دور کرتا ہی پیش از سونے کے چار سلائی
داہنی آنکھ مین اور تین سلائی بائین آنکھ مین لگا دے منقول ہی کہ تین چیزین ہین کہ اگر وہ کرے گا
تو جذام و سفید داغ پیدا ہوتا ہی نورہ لگانا بدھ و جمعہ کے دن اور غسل و وضو کرنا اُس پانی سے
جو آفتاب سے گرم ہوا ہو اور حالت جنابت مین بے غسل کیے کچھ کھانا فرمایا تین چیز کو خدا دشمن
رکھتا ہی سو رہنا شب کو بدون جاگنے کے اور ہنسنا بے محل اور پیٹ بھرے پر کھانا جو شخص
دنیا مین سیر ہو قیامت مین بھوکا ہوگا یہ بھی کفران نعمت ہی کہ آدمی بے تحاشا کھاوے
اور کہے مجھے فلان کھانے نے اذیت دی منقول ہی فرمایا رات کو کھانا ترک نہ کرو اگرچہ
ٹکڑا نان خشک کا ہو کہ باعث قوت دل و قوت جماع ہوتا ہی اور جو شخص کھانا پیہم ہفتے اور
اتوار کی شب ترک کرے طاقت اُسکی برطرف ہوتی ہی چالیس دن تک پھر نہین آتی ہی
شب کا کھانا نفع دیتا ہی دن کے کھانے سے فرمایا آدمی کے بدن مین ایک رگ ہی کہ عشا اُسکا
نام ہی جو کہ رات کو کچھ نہ کھاوے وہ رگ کوستی ہی تا صبح کہ خدا تجھے بھوکا پیاسا رکھے جیسا کہ
تو نے مجھے بھوکا رکھا پس ترک نہ کرے کھانا اگرچہ بقدر ایک لقمہ یا ایک چلو پانی ہو فرمایا
سزاوار نہین مؤمن کو کہ صبح بے ناشتہ کیے گھر سے جاوے فرمایا جب بعد کھانے کے ہاتھ دھووے
تو آنکھون اور ابرو پر ہاتھ پھیرے اور تین مرتبہ کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْمُحْسِنِ الْمُجْمِلِ الْمُنْعِمِ
الْمُفْضِلِ مفضل نے کہا جب مین نے اسطور کیا تو ہرگز درد چشم نہ دیکھا فرمایا نجومی و
رمال پاس نہ جاؤ تصدیق اُنکی نہ کرو فرمایا ہر گاہ مال خیانت خرید کرے دانستہ ایسا ہی
کہ آپ ہی خیانت کی ہوگی فرمایا ہر گاہ حق کسی برادر مؤمن کا حبس کرے حق تعالی برکت روزی
اُسپر حرام کرتا ہی مگر یہ کہ توبہ کرے حق اُسکا واپس کر دے فرمایا بدون چکائے مزدوری کے
مزدور سے کام نہ لو فرمایا جو کہ گناہ کسی کا سُنے اور اُسکو فاش کرے ایسا ہی کہ وہ گناہ آپ

کیا ہوگا فرمایا اسپند مین شفاے بہتر درد ہی پس عادت کرو اسپند کی فرمایا جس گھر مین اسپند
ہوگا اُس سے شیطان ستر گھر تک دوری کریگا فرمایا جو کہ ایک بکری پالے خداے تعالے
روزی اُسکی دیگا اور روزی گھر والے کی زیادہ کریگا فقر اُس سے ایک منزل دور رہوگا اور
جو کہ دو پالے دو منزل اُس سے پریشانی دور رہو گی جو کہ تین پالے حق تعالے روزی اُنکی
دیگا اور گھر والے کی اصل پریشانی دور کریگا

باب بارھوان ثواب مباشرت و متعہ مین

منقول ہی کہ فرمایا ہر گاہ شوہر متوجہ ہو زوجہ سے اپنی ایسا ہی کہ راہ خدا مین اُسنے تلوار کھینچی
ہو واسطے جہاد کے جب مجامعت کرے تو گناہ اُسکے گرتے ہین مثل گرنے پتے درخت کے
جب غسل کرے گناہ سے پاک ہوتا ہی فرمایا جو شخص متعہ کرے عمر مین ایک مرتبہ وہ اہل
بہشت سے ہی دوسری حدیث مین فرمایا کہ عذاب نہ کیا جاویگا وہ مرد اور وہ عورت
کہ متعہ کرے مگر عورت عفیفہ ہو مومنہ ہو اُس سے متعہ کرے اور مدت اور مہر معین
کرین پس صیغہ کی کئی صورتین ہین اگر وکیل کرین تو پہلے وکیل عورت کا کہے مَتَّعْتُ
نَفْسَ مُوَكِّلَتِي مِنْ مُوَكِّلِكَ فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ وکیل مرد کا
بلا فاصلہ کہے قَبِلْتُ الْمُتْعَةَ لِمُوَكِّلِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ
صورت دوسری اگر وکیل عورت کا ہو اور مرد سے صیغہ جاری کرے وکیل عورت کا کہے
مَتَّعْتُكَ نَفْسَ مُوَكِّلَتِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ مرد کہے
قَبِلْتُ الْمُتْعَةَ لِنَفْسِي فِي الْمُدَّةِ الْمَعْلُومَةِ عَلَى الْمَهْرِ الْمَعْلُومِ صورت
تیسری یہ ہی کہ مرد و عورت خود صیغہ جاری کرین عورت کہے مَتَّعْتُكَ نَفْسِي فِي الْمُدَّةِ
الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ مرد کہے قَبِلْتُ الْمُتْعَةَ لِنَفْسِي فِي الْمُدَّةِ
الْمَعْلُومَةِ بِالْمَبْلَغِ الْمَعْلُومِ فائدہ جاننا چاہیے کہ متعہ کرنا زن مسلمہ یا اہل کتاب یعنی
یہودیہ اور نصرانیہ سے درست ہی اور زن بت پرست اور ناصبیہ اور خارجیہ سے

درست نہین مگر اہل کتاب کو بھی منع کرے اکل نجاسات اور شرب خمر وغیرہ سے اور نجانے
دے انکو معابد مین انکے اور کسی کی کنیز سے بغیر اجازت اُسکے آقا کے متعہ درست نہین اور
اگر زوجۂ منکوحہ حرّہ کی بھانجی یا بھتیجی سے نکاح یا متعہ کرے تو اجازت زوجۂ مذکورہ کی
درکار ہی اور زن زانیہ اور فاحشہ سے متعہ جائز نہین خصوصًا بازاری کسبیون سے جبکہ یہ پیشہ ہو
جب تک کہ وہ توبہ نہ کرین اور صیغہاے متعہ ہون یا صیغہاے نکاح دائمی سب مین شرط ہی
کہ پڑھنے والا اُن صیغون کے معنی جانتا ہو اور الفاظ کو مخارج سے نکالے اقل درجہ اسکا یہ ہی کہ
سننے والے کو تمیز ہو جائے کہ اسنے اس مقام پر ہاے ہوز کہی اور اس مقام پر حاے حطی
اسی طرح الف و عین وغیرہ مین فرق معلوم ہو اور یہ بھی شرط ہی کہ پڑھنے والا جانتا ہو کہ
یہ صیغے الفاظ ماضی سے پڑھے جاتے ہین مگر قصد انشا کا رہتا ہی یعنی یہ خیال کرے کہ اسی
صیغہ سے نکاح یا متعہ ہو جائیگا نہ یہ کہ نکاح یا متعہ ہو چکا ہی اُسکا حال بیان کرتا ہون اور
مدت مین لازم ہی کہ ایک دن یا دس برس مثلاً مقرر کیا جائے نہ یہ کہ تعداد جماع کی معین ہو کہ یہ
صحیح نہین ہی اور مہر مین لازم ہی کہ جو چیز مالیت رکھتی ہو اور غیر مشروع نہو وہ مقرر کیجائے
مگر کمی و زیادتی کی حد نہین جسپر تراضی طرفین ہو جائے اور ایک صورت متعہ کی یہ بھی ہی
کہ بعد تعیین مہر اور مدت کے مرد سے عورت کہے کہ مین نے تجھکو اپنی طرف سے وکیل
کیا کہ تو میرا متعہ اپنے ساتھ پڑھ لے پس مرد کہے مَتَّعْتُ نَفْسَ مُوَکِّلَتِیْ لِنَفْسِیْ
فِی الْمُدَّۃِ الْمَعْلُوْمَۃِ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر خود ہی کہے قَبِلْتُ الْمُتْعَۃَ لِنَفْسِیْ
فِی الْمُدَّۃِ الْمَعْلُوْمَۃِ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ اور اگر ان صیغون کے پڑھنے پر قادر نہون
اور دوسرا پڑھنے والا ممکن نہو تو اپنی زبان مین بھی متعہ کر سکتے ہین اسطرح کہ عورت کہے
مرد سے کہ متعہ مین دیا مین نے تجھے ذات اپنی کو اسقدر مہر اور اتنی مدت پر فورًا مرد کہے
قبول کیا مین نے متعہ کو واسطے اپنی ذات کے اسقدر مہر اور اتنی مدت پر مگر ضرور ہی کہ
عورت ان کلمات کو متصل کہے یعنی پہلے سے یہ کلمات اُسکو یاد ہون اور موافق لب و لہجہ

اہل ہند کے اداے قراءت ضروری لازم ہی مثل اسکے کہ ہا ر سوز کو حاے حطی سے تمیز کرے

باب تیرھوان بیان نکاح مین

منقول ہی کہ نماز کدخدا کی بہتر ہی ستر نماز سے کہ مرد بے زن کرے اور فرمایا کہ جو شخص نکاح کرے براے حسن و جمال و طمع مال وہ دونون سے محروم رہیگا اور نزدیک محققین کے حرام ہی عقد زن مؤمنہ شیعہ کا مرد سُنی سے اور سنت ہی کہ نکاح شب کو واقع ہو اور قمر در عقرب یا تحت الشعاع نہو اور مابین عیدین کے نکاح کا ترک کرنا حدیث سے ثابت نہین اور مہمانی کا کھانا کرنا پانچ مقام پر سنت ہی عروسی و تولد و ختنہ مین اور نئے مکان مین جب آوے اور جسوقت سفر مکہ سے گھر آوے پس جب نکاح پڑھا جاوے تو وکیل اور تعین مہر ہوا اور بعد حاصل کرنے اجازت مرد و عورت کے نکاح پڑھین اور وکیل عورت کا عورت سے اسطرح اجازت لے کہ مین تیرا وکیل ہو کر تیرا نکاح فلان شخص سے جو فلان شخص کا بیٹا ہی اسقدر زر مہر پر پڑھون تو نے اپنی جانب سے مجکو وکیل کیا پس بعد حصول اجازت اول یہ خطبہ پڑھین بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اِقْرَارًا بِنِعْمَتِہٖ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِخْلَاصًا بِوَحْدَانِیَّتِہٖ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ بَرِیَّتِہٖ وَعَلَی الْاَصْفِیَاءِ مِنْ عِتْرَتِہٖ اَمَّا بَعْدُ فَقَدْ کَانَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ عَلَی الْاَنَامِ اَنْ اَغْنَاھُمْ بِالْحَلَالِ عَنِ الْحَرَامِ فَقَالَ سُبْحَانَہٗ وَاَنْکِحُوا الْاَیَامٰی مِنْکُمْ وَالصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِکُمْ وَاِمَائِکُمْ اِنْ یَّکُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِھِمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ

اگر مرد و عورت دونون بالغ ہون پہلے وکیل عورت کا مرد کے وکیل کے ساتھ صیغہ جاری کرے اور کہے صورت اول اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِیْ مُوَکِّلَکَ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر وکیل مرد کا بلا فاصلہ کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت دوسری وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَکَ مُوَکِّلَتِیْ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ

وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت تیسری
وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِی مِنْ مُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے
قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِی ھٰذَا عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت چوتھی وکیل عورت کا کہے
اَنْکَحْتُ نَفْسَ مُوَکِّلَتِی وَکَالَۃً عَنْھَا وَعَنْ اَبِیْھَا مُوَکِّلَکَ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ
وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت پانچوین
وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِی مُوَکِّلَکَ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا
کہے قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت چھٹی وکیل عورت کا کہے
زَوَّجْتُ مُوَکِّلَکَ مُوَکِّلَتِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ
لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت ساتوین وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِی مِنْ
مُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِی عَلَی
الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ صورت آٹھوین وکیل عورت کا کہے زَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِی مُوَکِّلَکَ عَلَی
الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ التَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ
صورت نوین وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ وَزَوَّجْتُ مُوَکِّلَتِی مُوَکِّلَکَ عَلَی الْمَھْرِ
الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ وَالتَّزْوِیْجَ لِمُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ
الْمَعْلُوْمِ اگر خود مرد وعورت صیغہ جاری کرین پہلے عورت کہے اَنْکَحْتُ نَفْسِی مِنْ
نَفْسِکَ عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ مرد کہے قَبِلْتُ لِنَفْسِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر وکیل
عورت کا مرد کے ساتھ صیغہ پڑھے وکیل عورت کا کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِی مِنْکَ
عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر مرد کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِنَفْسِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ
اگر عورت اور مرد دونون نابالغ ہوں اور باذن ولی یعنی باپ یا دادا کے عقد واقع ہو
تو وکیل عورت کے ولی کا کہے اَنْکَحْتُ بِنْتَ مُوَکِّلِی مِنِ ابْنِ مُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَھْرِ
الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کے ولی کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِابْنِ مُوَکِّلِی عَلَی الْمَھْرِ الْمَعْلُوْمِ

اگر عورت نابالغہ ہو اور مرد بالغ ہو تو وکیل عورت کے ولی کا کہے اَنْکَحْتُ بِنْتَ مُوَکِّلِیْ
مُوَکِّلَکَ عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ وکیل مرد کا کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِیْ
عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ اگر عورت بالغہ ہو اور مرد نابالغ ہو تو پہلے وکیل عورت کا یون
کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِیْ مِنِ ابْنِ مُوَکِّلِکَ عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر وکیل مرد کے ولی کا
کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِابْنِ مُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ اور اگر مرد و عورت
دونون نابالغ ہون اور دونون کے ولی صیغہ پڑھین تو اول عورت کا ولی کہے اَنْکَحْتُ
اِبْنَتِیْ وِلَایَۃً عَنْہَا اِبْنَکَ عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر مرد کا ولی کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِابْنِیْ
ھٰذَا عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ صیغہ فضولی یہ ہی کہ عورت و مرد کا کوئی ولی موجود نہو اسلیے کہ سوا
باپ اور دادا کے اور کوئی ولی شرعی نہین ہی اور عورت و مرد دونون نابالغ ہون تو یہ
صیغہ پڑھا جائے اول عورت کی طرف سے ایک شخص کہے اَنْکَحْتُ زَیْنَبَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ
عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ دوسرا شخص مرد کی طرف سے کہے قَبِلْتُ النِّکَاحَ لِمُحَمَّدٍ
عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ اور اسی نکاح کو مرد و عورت بعد بلوغ قبل مباشرت چاہین بحال
رکھین چاہین فسخ کردین حاجت طلاق کی نہین ہی واضح ہو کہ زینب اور محمد کی جگہ نام اُن
مرد و عورت کا لیا جائے جنکا نکاح ہوتا ہی اگر کسی مقام پر صیغہ پڑھنے والے دو شخص ممکن
نہون تو ایک ہی شخص دونون کا وکیل ہو کر پہلے بوکالت عورت کے کہے اَنْکَحْتُ مُوَکِّلَتِیْ
مِنْ مُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ پھر وہی شخص بوکالت مرد کے بلا فاصلہ کہے قَبِلْتُ
النِّکَاحَ لِمُوَکِّلِیْ عَلَی الْمَہْرِ الْمَعْلُوْمِ واضح ہو کہ تکرار صیغون کی تو صورتین جو اول لکھی ہین لفظ
اَنْکَحْتُ اور زَوَّجْتُ کے ساتھ وہ ہر موقع پر ہو سکتی ہین واسطے اختصار کے
ہر مقام پر طول نہین دیا ہر شخص بجائے خود سمجھ سکتا ہی اور بہتر یہ ہی کہ مہر سنت مقرر کرین
کہ ایک سو سات یا پانچ روپیہ ہین اور حدیث مین وارد ہی کہ وہ بدترین عورت ہی جسکا مہر
بہت ہو اور واضح ہو کہ اگر عورت اپنے شوہر کو مہر اپنا معاف کردے تو بڑا ثواب عظیم اسکو

عطا ہوتا ہی روایات صحیحہ مین وارد ہی کہ جو عورت مہر اپنا شوہر کو عفو کردے عقد دائمی ہو یا منقطع یعنی متعہ ہو حق تعالی بعوض ہر درہم کے ایک نور اُسکو قبر مین عنایت فرماتا ہی اور بعوض ہر درہم کے ہزار فرشتون کو حکم فرماتا ہی کہ واسطے اُس عورت کے نیکیان لکھین قیامت تک

حقوق شوہر بر زوجہ

حقوق شوہر عورت پر بہت ہین از انجملہ منقول ہی کہ عورت بے رضاے شوہر کوئی کام نہ کرے حتی کہ روزہ سنتی بھی نہ رکھے اور اپنے مال سے بھی بلا اجازت شوہر تصدق نہ کرے شوہر کو منع نہ کرے جماع سے اگرچہ پشت شتر پر ہو گھر سے نجاوے بے رخصت شوہر اور فرمایا بدترین وہ عورت ہی جو لڑکا نہ جنے اور کینہ ور ہو اعمال بد سے پروا نہ کرے اپنی آواز شوہر کی آواز پر بلند کرے پیغمبر خدا صلعم فرماتے ہین کہ اگر سواے خدا کے دوسرے کو سجدہ کرنا جائز ہوتا تو مین حکم کرتا کہ عورتین اپنے شوہرون کو سجدہ کرین

حقوق زوجہ بر شوہر

حقوق زن شوہر پر یہ ہین کہ شوہر بدخلقی نہ کرے اسلیے کہ وہ اُسکی بمنزلہ اسیر کے ہی نفقہ دے نادانستگی سے قصور ہو تو بخشدے کم سے کم مہینے مین دو مرتبہ گوشت اور پندرہ دن روغن کھلاوے اور چار مہینے مین ایک مرتبہ مباشرت واجب ہی اگر عذر شرعی نہو مثل مرض و سفر کے اور عید وغیرہ کو بہتر دے اور دنون سے اور میوہ فصل کا دے عورت سے کوئی راز اپنا نہ کہے مشورہ نہ کرے اپنے کامون کو عورت کی تدبیر پر نہ رکھے بلکہ اُسکے کہے کے برخلاف کرے

باب چودھوان بیان مین نکاح نامہ کے

چاہیے کہ شوہر زوجہ کو سند نکاح و مہر کی لکھدے اِسطرح بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ النِّکَاحَ ذَرِیْعَةً لِلْوِصَالِ کَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِهِ الْمَعْصُوْمِیْنَ الطَّیِّبِیْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ

امابعد بموجب امر حق سبحانہ وتعالیٰ وبرطبق حدیث نبوی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اَلنِّکَاحُ سُنَّتِیْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ بحالت صحت نفس وثبات عقل ونفاذ جوارح اقرار صحیح شرعی نمودم فلان بن شرافت پناہ نجابت دستگاہ فلان کہ بعقد نکاح دائمی خود درآوردم بانوے حجلۂ عصمت شمع شبستان عفت فلانہ بنت سلالۂ خاندان سروری نقاوۂ دودمان برتری فلان را بہ مبلغ فلان کہ نصف آن مبلغ فلان میشود وصیغۂ عقد نکاح در جلسۂ واحد واقع شد مابین وکیلان جانبین احدہما بزیور صدق وصفا آراستہ فلان از جانب منکوحۂ موصوفہ وثانیہما بحلیۂ ورع واتقا پیراستہ فلان از جانب ناکح مذکور یعنی منقرونان ونفقۂ مسماۃ موصوفہ راالاکلام برذمۂ خود گرفتم واین وثیقہ را برضا ورغبت خود بلاجبر واکراہ نوشتم روبروے جماعت مؤمنین وزمرۂ مسلمین کہ گواہی اکثر آنہا برحاشیۂ قرطاس صدق اساس ہذا ثبت ست نِکَاحًا صَحِیْحًا شَرْعِیًّا جَائِزًا نَافِذًا عَلٰی طَرِیْقِ الشُّهْرَةِ وَالْاِعْلَانِ لَا عَلٰی سَبِیْلِ الْخُفْیَةِ وَالْکِتْمَانِ بنابرآن این چند کلمہ بطریق مہرنامہ نوشتہ شد کہ سند باشد وعند الحاجت بکار آید مرقوم بتاریخ فلان ماہ فلان سنہ فلان

باب پندرھوان بیان مین صحبت وغیرہ کے

باب پندرھوان

جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب زوجہ کو اپنے گھر مین لاوے تو شوہر وزوجہ روبقبلہ کھڑے ہون اور شوہر اپنا ہاتھ پیشانی زوجہ پر رکھکر یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ بِاَمَانَتِكَ اَخَذْتُهَا وَبِكَلِمَاتِكَ اسْتَحْلَلْتُهَا فَاِنْ قَضَیْتَ لِیْ مِنْهَا وَلَدًا فَاجْعَلْهُ مُبَارَكًا تَقِیًّا مِنْ شِیْعَةِ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ فِیْهِ شِرْكًا وَلَا نَصِیْبًا اور دونون پانؤن زوجہ کے ایک ظرف مین دھوئے اور اس پانی کو منتہاے خانہ تک چھڑک دے کہ موجب خیر وبرکت کا ہوگا اور جاننا چاہیے کہ زوجہ سے مباشرت کسو وقت کرے کہ ضرر نہو اور اولاد جو پیدا ہو تو بے عیب ونقص ہو پس حرام ہے قربت کرنا عورت سے حیض ونفاس مین اور بنابر احتیاط استحاضہ مین بھی اور بعد خشک ہوجانے حیض سے اور قبل

غسل جماع کرنا بعضے اُسکو بھی حرام جانتے ہین اور اجتناب احوط ہی اگر ضرور ہو تو بعد دھونے فرج کے مقاربت کرسکتا ہی اگر اوّل شب پیٹ بھرا ہو تو قصد نہ کرے کہ خوف ہی درد قولنج و فالج ولقوہ ونقرس وسنگ مثانہ وسلس البول وضعف چشم وبڑہ جانے بیضون کا اور آخر شب مجامعت کرنا مصلح بدن ہی جب قصد کرے تو تعجیل نہ کرے زوجہ سے صحبت کرنے مین پہلے دست بازی وخوش طبعی کرے اور چھپا کے کرے کہ کوئی واقف نہو فرمایا جماع نہ کرے مرد بُدھ کی شب اگر جماع کرے تحت الشعاع مین اور حمل رہے وہ ساقط ہوگا فرمایا اگر جماع کرے اوّل ماہ ودرمیان ماہ وآخر ماہ حمل ساقط ہوگا اور نزدیک ہی کہ اگر فرزند ہو تو دیوانگی وخبط دماغ ومرگی وجذام مین مبتلا ہوگا دوسری روایت ہی کہ جو جماع کرے ایام حیض مین پس اگر فرزند پیدا ہو تو جذام وسفید داغ مین مبتلا ہوگا فرمایا دشمن ہم اہل بیت کا نہین ہی مگر وہ کہ ولدالزنا ہو یا مان اُسکی حیض مین حاملہ ہوئی ہوگی فرمایا وقت جماع بات نہ کرو اگر لڑکا پیدا ہوگا تو گونگا ہوگا اور اُسوقت فرج کی طرف نہ دیکھے اگر فرزند ہوگا تو اندھا ہوگا فرمایا جماع نہ کرو اُس جگہ جہان کوئی جاگتا ہو کہ وہ نفس انکا سنے یا دیکھے کہ اگر فرزند پیدا ہوگا تو زناکار ہوگا فرمایا مرد کبھی مقاربت نہ کرے روبقبلہ وپشت بقبلہ اور کشتی مین جماع نہ کرے اور سفر مین جس جا پانی نہ ملے اور منع فرمایا کہ کوئی شخص محتلم ہو اور پیش از غسل جماع کرے کہ یہ مکروہ ہی اور اگر فرزند پیدا ہوگا تو دیوانہ ہوگا فرمایا جماع نہ کرو بعد از نشین اگر فرزند پیدا ہو تو احول ہوگا اور بشہوت وخواہش کسی اور عورت کے اپنی بی بی سے جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو مخنث ودیوانہ ہوگا فرمایا وقت طلوع آفتاب جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہوگا چوری کریگا اور زن ومال علحدہ اپنا اپنا رکھین واسطے پاک کرنے کے اسواسطے کہ اول دشمنی اور آخر جدائی ہوتی ہی ایک رومال رکھنے سے اور استادہ جماع نہ کرو اگر فرزند ہو تو اُس سے فعل بد ہونگے اور شب عید الفطر مقاربت نہ کرو اگر فرزند ہو تو شر اُس سے ظاہر ہونگے اور شب عید قربان جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو چھ یا چار انگلی ہاتھ مین ہونگی اور

درخت میوہ دار کے نیچے مقاربت نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو جلاد و کشندۂ مردم یا رئیس و سرگروہ ظالمون کا ہوگا اور برابر آفتاب کے بے پردہ ڈالے مقاربت نہ کرو کہ فرزند ہمیشہ بدحالی و پریشانی مین رہیگا اور درمیان اذان و اقامت کے جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو راغب ہوگا خون کرنے مین اور جو عورت حاملہ ہو اور بے وضو جماع کرے تو وہ لڑکا کور دل اور بخیل ہوگا اور یہ جو بعضے لوگ کہتے ہین کہ عورت حاملہ سے ساتوین یا آٹھوین مہینہ کے بعد سے جماع حرام ہے یہ بے اصل ہے ہان اگر خوف اسقاط حمل یا ضرر پہونچنے حاملہ کا ہو تو وہ اور بات ہے جب سے یہ خوف ہو احتراز لازم ہے اور شب نیمۂ شعبان جماع نہ کرو اگر لڑکا ہو تو شوم ہوگا اور داغ سیاہ منھ پر ہوگا اور روز آخر شعبان جماع نہ کرو اگر فرزند پیدا ہو تو ظالمون مین سے ہوگا اُسکے ہاتھ سے ہلاک ہونگے بہت لوگ اور جوانی مین لاغر ہوگا اور پشت بام پر جماع نہ کرو اگر فرزند ہو تو منافق ہوگا اور ریاکنندہ و صاحب بدعت ہوگا اور جس روز سفر کو جاوے اُس شب جماع نہ کرے اگر فرزند پیدا ہوگا تو مال ناحق صرف کریگا اگر ساعت اول شب جماع کرے فرزند پیدا ہو تو ساحر ہوگا دنیا کو آخرت پر اختیار کریگا۔ فرمایا برہنہ مرد و عورت جماع نہ کرین مثل گدھونکے اسواسطے کہ ملائکۂ مقربین دور رہتے ہین فرمایا جماع نہ کرو اُس دن یا اُس شب کہ گہن یا آندھی ہو اور طلوع صبح سے تا نکلنے آفتاب کے اور غروب آفتاب سے تا دفع ہونے سرخی مغرب کے یا شب و روز زلزلہ واللہ اگر جماع کرے ان وقتون مین اور فرزند پیدا ہووے نہ دیکھیگا اُس فرزند مین وہ چیز کہ دوست رکھے اسواسطے کہ آیات غضب الٰہی کو سہل جانا اور لکھا ہے کہ جب مُردے کو غسل دے چکے اور غسل مس میت نہ کیا ہو اور جماع کرے پہلے وضو کرے فرمایا ہرگاہ کسی کے دردبدن مین ہو یا حرارت غالب ہو تو جماع کرے زوجہ سے تا دفع ہو فرمایا زن آزاد کے برابر زن آزاد دوسری کے جماع نہ کرو لیکن کنیز سے سامنے دوسری کنیز کے مضائقہ نہین ہرگاہ جماع کرے اور غسل نہ کیا ہو اور چاہے کہ پھر کرے تو وضو کرے فرمایا اگر زوجہ اپنی سے جماع کرے اور وہ آزاد ہو تو منی اپنی باہر فرج کے نہ ڈالے بعضے علمانے حرام جانا ہے بے رخصت

زوجہ کے منی گرانا باہر فرج کے مگر کنیز سے جماع کرنے مین منی باہر گرانا جائز ہی اور پیر کی شب جماع کروا اگر فرزند پیدا ہو تو حافظ قرآن و راضی بہ قسمت خدا ہو گا اگر سہشنبہ کی شب جماع کرے لڑکا پیدا ہو تو شہادت اُسکو نصیب ہو گی مُنہ خوشبو دل رحیم ہاتھ جوان مرد ہو گا اور زبان غیبت و بہتان سے پاک ہو گی اگر جماع کرے شب پنجشنبہ کو اور فرزند پیدا ہو عالم احکام شریعت کا ہو گا اگر جمعرات کے دن وقت دوپہر جماع کرے زوجہ سے اگر فرزند پیدا ہو تو شیطان نزدیک اُسکے نہو گا جب تک کہ بوڑھا ہو اور سلامتی ہو گی دین و دنیا مین اگر جماع کرے شب جمعہ مین فرزند پیدا ہو تو خطیب و سخنگو ہو گا اگر روز جمعہ بعد عصر جماع کرے فرزند پیدا ہو تو دانا مشہور ہو گا حدیث مین وارد ہی اگر چاہے کہ شیطان نزدیک نہو تو کہے بِسْمِ اللّٰہِ اور پناہ خدا سے مانگے شر شیطان مردود سے فرمایا جبکہ ارادہ کرے جماع کا تو یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ وَلَدًا وَاجْعَلْہُ تَقِیًّا زَکِیًّا لَیْسَ فِیْ خَلْقِہٖ زِیَادَۃٌ وَّلَا نُقْصَانٌ وَاجْعَلْ عَاقِبَتَہٗ اِلٰی خَیْرٍ راوی نے پوچھا فرزند مین کیونکر شرکت ہوتی ہی حضرت نے فرمایا اگر وقت جماع نام خدا لیوے شیطان دور ہوتا ہی اگر نہ لیوے تو ذکر اپنا اُس شخص کے ذکر کے ساتھ داخل کرتا ہی پس جماع دونون سے ہوا اور نطفہ ایک راوی نے پوچھا کیونکر پہچانا جاوے کہ شیطان کسی مین شریک ہوا ہی فرمایا جو کہ ہمکو دوست رکھتا ہی شیطان اُسمین شریک نہین ہوا ہی

باب سولھوان بیان نفقہ و رضاعت وغیرہ مین

اور اسمین دو فصلین مین فصل اول نفقہ مین جان تو کہ اول نفقہ اپنے نفس کا واجب ہی پھر اُس جو بچے اُسکو نفقہ ازواج مین صرف کرنا واجب ہی خواہ ایک زوجہ ہو خواہ چار اگر سب کو برابر نفقہ دے یہ نہین کہ بوجہ محبت کسی زوجہ کو زیادہ دے اور کسی کو کم اسلیے کہ عدالت کرنا واجب ہی ۔ اگر عدالت نہ کر سکے تو ایک ہی زوجہ پر اکتفا کرے اور وجوب نفقہ مین شرط ہی کہ زوجہ دائمی ہو خواہ آزاد سے نکاح کیا ہو خواہ کنیز مسلمان سے بشرطیکہ زوجہ منع نہ کرے

شوہر کو اپنی صحبت داری سے نہ کسی وقت مین نہ کسی مکان مین جہان وہ طالب ہو پس ایسی زوجہ کا نفقہ شوہر پر واجب ہی اگرچہ وہ خود صاحب مال و مقدور ہو اور زن متوعہ وصغیرہ اور نافرمان اور مرتدہ اور مطلقہ بائن کا نفقہ ساقط ہی اور جس عورت کو طلاق رجعی دیا ہو اُسکا نفقہ زمان عدہ تک واجب ہی اور زن حاملہ کا زمان وضع حمل تک جب اُسکو طلاق دے اور نفقہ حاملہ کا بعد وفات شوہر کے بنا بر روایات مشہورہ کے کچھ نہین اور بنا بر ایک روایت کے حصہ ولد مین ہوگا پس زن متوعہ کا سواے زر مہر کے اور کوئی حق ذمہ شوہر کے نہین ہی اور اگر چار منکوحہ ہون تو راتون کی تقسیم مین بھی مساوات رکھے یعنی ایک ایک شب سب کے پاس شب باش ہو اور اگر ایک ہو تو ایک شب اُسکی اور تین شبون مین اختیار ہی جہان چاہے بسر کرے اگر دو ہین تو دو شبین اُنکی اور دو شبون مین اختیار ہی اگر تین ہین تو تین شبین اُنکی اور ایک شب مین اختیار ہی جہان چاہے رہے اور اگر ایک زوجہ حرہ اور ایک کنیز مسلمان منکوحہ ہو تو دو شبین زوجہ حرہ کی اور ایک کنیز منکوحہ کی اور اگر زن دوشیزہ یعنی باکرہ سے نکاح کرے تو سات شبین ابتداے عقد سے مخصوص اُسکی ہین اور اگر غیر باکرہ سے نکاح کیا ہی تو ابتداے عقد سے تین شبین اُسکی مخصوص ہین اور بعد گذرنے ان مخصوصہ راتون کے پھر سب کا حساب برابر ہی اور ان راتون کی تقسیم مین فقط سونا برابر اُسکے یا مکان مین اُسکے واجب ہی مقاربت واجب نہین ہی البتہ چار مہینے مین ایک دفعہ مقاربت واجب ہی اور مستحب ہی کہ جس عورت کی رات کی باری ہو صبح بھی وہین کرے اور دن مین کسیکا حصہ نہین اسلیے کہ دن فکر معاش کے لیے ہی اور جن زنان مذکورۃ الصدر کا نفقہ ذمہ شوہر سے ساقط ہی اُنکا حصہ شب خوابی بھی شوہر پر واجب نہین ہی

بیان تقسیم شبہا

فصل دوسری احکام رضاعت مین واضح ہو کہ اگر لڑکا اپنی مان کا دودھ نہ پیے بوجہ اسکے کہ مان بیمار ہو یا اُسکے دودھ نہو یا مان بہ نسبت انا کے اجرت زیادہ طلب کرے یا اور کسی وجہ سے لڑکا دائی یعنی انا کا دودھ پیے تو وہ انا اس لڑکے کی بمنزلہ مان کے ہوگئی اور انا کا شوہر بمنزلہ باپ کے

اور اناکی اولاد بمنزلہ بھائی بہن کے اسی طرح اگر وہی انا اسی شوہر کے دودھ سے جسکے دودھ
اس لڑکے کو پلایا ہی دوسرے لوگون کے لڑکون کو دودھ پلائے خواہ اُسی حمل سے
خواہ دوسرے حمل سے تو وہ لڑکے بھی اس لڑکے کے آپسمین بہن بھائی ہوگئے مثل بھائی
بہن حقیقی کے ہان اگر وہ انا ایک شوہر کے دودھ سے کسی لڑکے کو پلاوے اور پھر اُس شوہر سے
مفارقت شرعی کرکے دوسرا شوہر کرے اور اُسکے دودھ سے کسی کی دختر کو پلاوے تو نکاح
اُن دونون شیرخوارونکا آپسمین حرام نہوگا اور اگر کسی شخص کی چند بیبیان ہون اور علٰحدہ علٰحدہ
لڑکون کو دودھ پلائین تو سب شیرخوار آپسمین بھائی بہن ہوجائینگے اب واضح ہو کہ دودھ
پلانے مین چند شرطین ہین کہ جبتک وہ سب شرطین متحقق نہونگی رضاعت ثابت نہوگی اور
نشر حرمت نہوگا اوّل دودھ بسبب وضع حمل کے حاصل ہوا ہو خود بخود نہ اترا ہو اور اسطرح
اگر قبل وضع حمل کے دودھ اترا ہو اُسکا بھی اعتبار نہین دوم اُس عورت کو دودھ نکاح سے
حاصل ہوا ہو زنا کے حمل سے نہو والا اُسکا اعتبار نہوگا سوم لڑکے نے دودھ پستانمین
اپنا مُنھ لگاکر پیا ہو الگ دوہ کر نہ دیا ہو چہارم کم سے کم پندرہ مرتبہ پے درپے ایک ہی
عورت کا لڑکے نے دودھ پیا ہو اور ہر مرتبہ سیر ہوکر خود پستان کو چھوڑ دیا ہو یا آٹھ پہر کامل
متصل دودھ پیا ہو اگرچہ پندرہ مرتبہ سے کم پیا ہو پنجم اس پندرہ مرتبہ یا آٹھ پہر کے
درمیان مین کسی اور عورت کا دودھ نہ پیا ہو اور اگر مثلاً اس آٹھ پہر مین ایک عورت کا
دودھ دو تین مرتبہ پیا اور اتفاق سے بعد ازان وہ لڑکا تمام روز و شب مین گرسنہ رہا یا خواب
و بیہوشی مین رہا تو نشر حرمت نہوگی ششم لڑکا دو برس کے اندر رہو اور یہ بھی واضح ہو کہ شیرخوار
کا باپ نکاح نہین کرسکتا مرضعہ یعنی انا کی دختر سے اسی طرح اگر بعد نکاح رضاعت متحقق ہوجاے
تو سبب بطلان نکاح سابق کا ہوگا مثلاً اگر نانی نواسا یا نواسی کو بشرائط مذکورہ بالا دودھ پلاوے
تو بیٹی اُسکی اُسکے داماد پر حرام مؤبد ہوجائیگی اسلیے کہ اولاد مرضعہ کی رضیع کے باپ پر حرام ہی
بخلاف دادی کے کہ اگر پوتا یا پوتی کو دودھ پلائے تو بہو اُسکی اُسکے پسر پر حرام نہ ہوگی

باب سترھوان بیان طلاق وغیرہ مین

کیفیت طلاق

اور اسمین کئی فصلین مین فصل اول کیفیت طلاق مین چاہیے کہ صیغہ طلاق کا حضور مین دو
عادلون کے مجلس واحد مین خواہ وکیل اسکا واقع کرے اور دونون عادل مجلس واحد مین متوجہ
ہوکر سنین اور دونون مرد ہون پس اگر غصہ مین یا بیہوشی مین یا بغیر قصد کے یا حضور مین
ایک عادل کے یا ایک مجلس مین ایک مرد عادل کے سامنے اور دوسری مجلس مین دوسرے مرد
عادل کے سامنے یا حضور مین فقط عورتون کے واقع کرے تو طلاق صحیح نہوگی اور جس
عورت کو طلاق دے چاہیے کہ اسکو معین کردے اور وہ اسکی زوجۂ دائمی ہو اور پاک ہو
حیض و نفاس سے اور اس طہر مین اسنے مباشرت نہ کی ہو اسلیے کہ اگر مباشرت کرچکا ہی
تو پھر جبتک حیض نہ آئے اور وہ پاک نہو طلاق دینا صحیح نہین ہی اسی طرح اگر طلاق دے
زن مدخولہ کو ایام حیض و نفاس مین باوجود علم اور اپنی موجودگی کے تو یہ بھی طلاق
صحیح نہین ہی اور تمام ہوجانا مدت متعہ کا یا بخشدینا بقیۂ مدت متعہ کا زن متوعہ کو بھی بجاے
طلاق کے ہی پس صیغہ طلاق کا اگر خود کہے تو یون کہے زَوْجَتِیْ زَیْنَبُ طَالِقٌ زینب کی
جگہ نام اس عورت کا لے واضح ہو کہ طالق اسم فاعل کا صیغہ ہی بمعنے رہا شوندہ اور اگر وہ عورت
موجود ہو تو اسکی طرف اشارہ کرکے یون کہے زَوْجَتِیْ هٰذِهٖ طَالِقٌ یا اس عورت کو مخاطب
کرکے یون کہے اَنْتِ طَالِقٌ اور اگر وکیل ہو تو یہ کہے زَوْجَةُ مُوَكِّلِیْ زَیْنَبُ طَالِقٌ
یا بموجودگی زوجہ یون کہے زَوْجَةُ مُوَكِّلِیْ هٰذِهٖ طَالِقٌ اور مثل صیغون نکاح کے
اسمین بھی شرط ہی کہ بقصد انشا واقع کرے اور قرارت ضروری کا خیال رکھے کہ تا و طا وغیرہ
مین فرق معلوم ہو فصل دوم اقسام طلاق مین اور اسکی دو قسمین مین بائن و رجعی بائن تو
وہ طلاق ہی کہ جسمین ابتداءً رجوع نہ کرسکے اور وہ پانچ عورتین مین ایک زن مدخولہ دوسری
وہ عورت کہ سن یاس کو پہونچی ہو یعنی حیض کے دیکھنے سے مایوس ہو اور وہ پچاس برس مین غیر
قرشی مین اور ساٹھ برس مین قرشی مین تیسری وہ لڑکی کہ سن حیض کو نہ پہونچی ہو چوتھی زن مختلعہ

اقسام طلاق

یعنی جتنے کچھ دے کر شوہر سے طلاق لی ہو پس جبتک کہ وہ اس رقم کو پھیر نہ لے شوہر سے
شوہر رجوع نہین کرسکتا پانچوین وہ عورت کہ جسکو اُسکے شوہر نے طلاق دے کر ایام
عدہ مین رجوع کی ہو اور پھر دوبارہ طلاق دے کر رجوع کی ہو پھر تیسری مرتبہ جو طلاق دیگا تو
وہ عورت حرام ہو جائیگی جبتک کہ وہ ایک شوہر اور نہ کرے کہ اُسکو مُحلّل کہتے ہین آزاد ہو
یا بندہ اور مُحلّل مین شرط ہی نکاح دائمی کی اور مباشرت کی پس جب یہ شخص اُس عورت کو بلا
جبر و اکراہ بشرائط معتبرہ طلاق دے اور عدہ طلاق گذر جائے تب شوہر اول اُس سے
نکاح کرسکتا ہی اور طلاق رجعی وہ ہی کہ جسمین شرعًا رجوع کرسکتا ہی خواہ رجوع کرے یا نہ کرے
پس اگر زن مختلعہ نے جو کچھ دیا تھا پھیر لیا تو وہ طلاق رجعی کہلائیگی اسلیے کہ اب شوہر رجوع
کرسکتا ہی اور بائن بھی ہی اسلیے کہ ابتداءً رجوع نہین کرسکتا تھا اور طلاق رجعی مین درمیان
عدہ کے رجوع کرسکتا ہی اور بعد عدہ کے عقد جدید کرسکتا ہی **فصل سوم** احکام طلاق
رجعی مین ہر گاہ عورت کو بشرائط مذکورہ بالا طلاق دے اور وہ عورت غیر ہو اُن عورتونکی
جو طلاق بائن مین مذکور ہوئین تو اثناے عدہ مین رجوع کرسکتا ہی اور جبتک وہ عورت
عدہ تمام نہ کرے حکم زوجیت مین ہی یعنی مستحق نان و نفقہ کی ہی اور باہم اُنکے توارث ہوگا
اگر اثناے عدہ مین کوئی زوجہ و شوہر مین سے مرجاوے یعنی ایک دوسرے کی میراث
پائیگا اور رجوع اُسے کہتے ہین کہ شوہر اثناے عدہ مین اُس سے کہے رَاجَعْتُكِ
یا کہے کہ مین نے تجکو طلاق نہین دی یا اُس سے مقاربت کرے یا بوسہ لے یا شہوت سے
مس کرے اور رجوع حالت حیض و احرام مین درست ہی اگرچہ مقاربت بوجہ حیض و احرام کے
نہین کرسکتا اور جسطرح آگاہ کرنا زوجہ کا طلاق مین ضرور نہین ہی اسی طرح رجوع مین بھی اطلاع
ضرور نہین پس اگر زوجہ غائب کو طلاق دے اور عدہ مین رجوع کرے تو یہ دونون فعل درست
ہین اور گواہ کرنا رجوع مین ضرور نہین بلکہ مستحب ہی اور نان و نفقہ بائن کا ایام عدہ مین نہین ہی مگر
جبکہ وہ حاملہ ہو پس نفقہ اُسکا وضع حمل تک واجب ہی **فصل چہارم** عدہ مین پس ایک عدہ

طلاق ہی اور دوسرا عدۂ وفات پس جو عورت آزاد ہو اور مدخولہ شوہر کی ہو اور صاحب عادت معینہ ہو یعنی ہر ماہ مین اسکو حیض آتا ہو تو عدۂ طلاق اُسکا علی الاشہر تین طُہر ہین اسطرح کہ ایک طُہر تو وہی ہی جسمین طلاق دیگئی ہی اُسکے بعد حیض آکے دوسرا طُہر شروع ہوگا پھر حیض آکے تیسرا طُہر شروع ہوگا پس جب یہ طُہر بھی کامل ہوجائیگا اور حیض دیکھیگی تو عدہ اُسکا تمام ہوا خواہ شوہر اُسکا آزاد ہو خواہ غلام اور جو عورت حائض نہوتی ہو باوجودیکہ سن حائض کا رکھتی ہی تو عدہ اُسکا تین مہینے ہین روز طلاق سے اور جو عورت یائسہ یا صغیرہ ہی بنابر مشہور عدہ اُنکا کچھ نہین اور بنابر قول سید مرتضےٰ وغیرہ کے عدۂ طلاق اُنکا بھی تین مہینے ہین اور زوجۂ غیر مدخولہ کا عدہ کچھ نہین علی الاتفاق اور عدہ طلاق زن حاملہ کا وضع حمل ہی خواہ لڑکا سالم پیدا ہو خواہ ناقص اور زن متمتع بہا یعنے ممتوعہ کی جب مدت متعہ تمام ہوگئی یا شوہر نے بقیۂ مدت اُسکو بخشدی تو اُسی روز سے عدہ اُسکا دو حیض ہی اور اگر حیض نہ آتا ہو باوجودیکہ سن حیض کا رکھتی ہو یا عادت حیض کی معین نہو تو پینتالیس روز ہین پس اس عدہ کے تمام ہونیکے بعد دوسرا شخص اس عورت سے نکاح یا متعہ کرسکتا ہی مگر یہ شخص جسنے پہلے متعہ کیا تھا اگر یہی دوسرا متعہ اس سے کرے اُسکو حاجت انتظار گذرنے ایام عدہ کی نہین ہی یعنی تمامی مدت متعہ کے بعد یا مدت متعہ بخش دینے کے ساتھ ہی دوسرا متعہ اس سے کرسکتا ہی خواہ اُس عورتکو حمل بھی اس شخص کا رہگیا ہو اور عدہ زنا کا کچھ نہین ہی یعنے اگر کسی عورت نے کسی شخص سے زنا کیا ہے اُس زنا سے حاملہ ہوگئی ہو یا نہین پس وہی شخص زانی یا دوسرا شخص اُس عورت سے نکاح یا متعہ کرسکتا ہی اور یہ بھی واضح ہو کہ جب کوئی عورت نکاح یا متعہ سے حاملہ ہو تو بعد دینے طلاق یا مدت متعہ تمام ہونے یا مدت متعہ بخش دینے اُسکے شوہر کے بھی دوسرا شخص اُس عورت سے نکاح یا متعہ نہین کرسکتا جب تک کہ وضع حمل نہو جائے اور عدہ طلاق کا روز علم سے ہی یعنی جبکہ زوجہ کو معلوم ہو کہ شوہر نے طلاق دی اور عدہ وفات کا روز وفات شوہر سے ہی اور مدت اسکی چار مہینے دس روز ہی اگر عورت حرۂ منکوحہ ہو دائمی ہو یا متمتع بہا مدخولہ ہو یا غیر مدخولہ

صغیرہ ہو یا کبیرہ یائسہ ہو یا غیر یائسہ عادت حیض مین ہو یا غیر معین شوہر اُسکا غلام ہو یا آزاد
پاس ہو یا برسون سے سفر مین ہو اور وہان سے وفات کی خبر آوے او. اگر زوجہ شخص متوفی کی
حاملہ ہو منکوحہ دائمی ہو یا ممتوعہ کنیز ہو یا آزاد عدہ وفات انکا اَبْعَدُ الْاَجَلَیْن ہی یعنے اگر وضع
حمل پہلے ہو جاوے تو انتظار عدۂ وفات یعنی چار مہینے دس روز کا کرے اور اگر چار مہینے
دس روز پہلے گذر جاوین تو انتظار وضع حمل کا کرے **فصل پنجم خلع مین** اگر نزاع و بیزاری جانب
زوجہ سے ہو اور زوجہ کچھ بطور فدیہ دے کر شوہر سے طلاق لے اگرچہ زرمہر ہی سے وہ بعوض
طلاق کے دست بردار ہو تو اسکو خلع کہتے ہین پس اسمین بھی شرط ہی کہ شوہر بالغ و عاقل ہو اور
بقصد و اختیار خلع واقع کرے اور عورت حیض مین نہو اور اُس طہر مین شوہر نے مباشرت
نہ کی ہو جیسا کہ طلاق مین گذرا اور ضرور ہی کہ دو شاہد عادل نے صیغۂ خلع کو وقت واقع کرنے
کے سنا ہو تب پہلے فدیہ مشخص کیا جاوے کہ کیا مقدار اُسکی ہی یا کیا شی مالیت کی ہی اور حد فدیہ
کی کچھ نہین جسپر تراضی طرفین ہو جائے پس اگر وکیل ہو تو یون کہے زَوْجَةُ مُوَكِّلِي زَيْنَبُ
مُخْتَلِعَةٌ عَلٰی عِوَضِ الْمَبْلَغِ الْمَعْلُوْمِ زینب کی جگہ نام اُس عورت کا لے اور اگر بعوض
زرمہر ہو تو کہے عَلٰی عِوَضِ الْمَهْرِ الْمَعْلُوْمِ اور لفظ مُخْتَلِعَةٌ بکسر لام و بفتح لام دونوکا
احتمال ہی پس احوط ہی کہ ایک مرتبہ مُخْتَلَعَةٌ کے ساتھ کہے اور دوسری مرتبہ مُخْتَلِعَةٌ کے
ساتھ اور اگر خود شوہر صیغہ کہے تو یون کہے زَوْجَتِيْ زَيْنَبُ مُخْتَلِعَةٌ عَلٰی عِوَضِ
الْمَبْلَغِ الْمَعْلُوْمِ یا زوجہ کو مخاطب کر کے کہے خَلَعْتُكِ عَلٰی عِوَضِ الْمَبْلَغِ الْمَعْلُوْمِ یا یون کہے
اَنْتِ مُخْتَلِعَةٌ عَلٰی عِوَضِ الْمَبْلَغِ الْمَعْلُوْمِ اور قرارت ضروری کا لحاظ اور معنونکا
جاننا جیسا کہ اوپر مذکور ہو چکا ہی اسمین بھی شرط ہی اور بعد صیغہ خلع کے صیغۂ طلاق بھی واقع
کرے اور اگر درمیان عدہ کے زوجہ و شوہر مین سے کوئی مر جائے تو میراث انمین ساقط ہی
بخلاف طلاق کے کہ اسمین زمان عدہ تک توارث فیما بین ہوگا **فصل ششم ظہار مین**
واضح ہو کہ ظہار کرنا یعنی اپنی زوجہ کو اپنی مان یا بہن کی پشت سے تشبیہ دینا حرام ہی ہرگاہ

ایسا کریگا تو وہ عورت حرام ہو جائیگی جبتک کہ کفارہ نہ دے پس اسمین شرط ہی کہ زوجہ مدخولہ ہو اور
شوہر بالغ اور عاقل ہو اور اُسنے بقصد و اختیار ظہار کیا ہو اور دو شخص گواہ عادل نے مجلس واحد
مین سنا ہو اور ظہار ایام حیض مین واقع نہو اور اُس طہر مین شوہر نے مباشرت نہ کی ہو اور صیغہ
عربی کے ساتھ ظہار کیا ہو پس اگر شوہر نے حالت غصہ مین یا عدم حضوری دو عادل مین یا بغیر
صیغہ عربی کے ظہار کیا ہوگا تو وہ صحیح نہین اور صیغہ اُسکا یہ ہی کہ شوہر زوجہ سے کہے اَنْتِ عَلَیَّ
کَظَھْرِ اُمِّیْ یا کہے اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُخْتِیْ پس بعد ظہار کے اگر بغیر کفارہ دیے جماع کریگا
تو دو کفارہ شوہر پر واجب ہو جائینگے اور کفارہ ظہار کا وہی ہی جو باب ہفتم فصل اول
کفارہ صوم مین بتفصیل گذرا اور واضح ہو کہ کیسا ہی وہ شخص نادار ہو مگر بغیر کفارہ دیے جماع زوجہ
حلال نہین ہوتی ہان یہ ترکیب البتہ ہی کہ بعد ظہار کے اگر طلاق دیدے اور بعد گذرنے عدہ
طلاق کے پھر از سر نو عقد جدید کرے تو بنا بر مشہور کے کفارہ ساقط ہی فصل ہفتم اُن عورتون کے
بیان مین جو بسبب نسب کے خواہ کسی وجہ دیگر سے حرام ہوئی ہین مخفی نہ رہے کہ حرام ہین ماں و بہن
اور دادی اور نانی اور رہائین انکی جہانتک سلسلہ انکا بڑھتا جائے اور بیٹی اور پوتی اور نواسی اور بھتیجی اور
بھانجی اور اولاد انکی خواہ بہن اور بھائی حقیقی کی اولاد ہون خواہ مادری خواہ پدری کی اور خالہ اور
پھوپھی حقیقی ہون خواہ سوتیلی اور ماں زوجہ کی یعنی خوشدامن حقیقی اور اُسکی دادی اور نانی خواہ زوجہ سے
ہمبستر ہوا ہو یا نہین البتہ خسر کی اور بیبیون مین بنا بر مشہور کے عدم حرمت ہی اور اگر زن مدخولہ کی
ماں حقیقی سے زنا کرے تو زوجہ اُسپر حرام ہو جائیگی اور بیٹی زن مدخولہ کی اور اولاد اُسکی دختر کی خواہ
پہلے شوہر سے ہو خواہ بعد مفارقت اِسکے اور شوہر سے پیدا ہوئی ہو حرام ہی بخلاف دختر زن
غیر مدخولہ کے کہ قبل مباشرت اُسکو طلاق دے کر اُسکی دختر سے نکاح کر سکتا ہی اور جس عورت سے جماع کیا
ہو خواہ بنکاح خواہ بزنا اُس عورت کی پوتی اور نواسی بھی اس شخص پر حرام ہی اور اگر معاذ اللہ کوئی شخص اپنی
پھوپھی یا خالہ سے زنا کرے تو انکی بیٹیاں اس شخص پر حرام موبد ہو جائینگی یعنی مثل ماں کے کبھی کسی طرح
حلال نہونگی ہان اگر جماع دھوکے مین واقع ہوا ہو یا نکاح پھوپھی اور خالہ کی بیٹی کا پیشتر زنا سے

تو اوس پر ہمیشہ کے واسطے حرام نہ ہوگی
پیشتر زنا سے
ہوا ہو تو وہ بیٹی اوس پر ہمیشہ کے واسطے حرام نہ ہوگی
بیان ان عورتوں کا جو حرام ہیں نسبی و سببی

ہو چکا ہو تو حرام نہونگی اور مدخولہ باپ کی بیٹے پر اور بیٹے کی باپ پر حرام مؤبد ہی اور یہ حکم کنیز کا ہی
اسلیے کہ زوجہ ہر ایک کی انمین سے بمجرد عقد کے دوسرے پر حرام موبد ہو جاتی ہی چاہے
دخول ہوا ہو یا نہین اور بہن زوجۂ مدخولہ کی حقیقی ہو یا سوتیلی آزاد ہو یا کنیز جمعًا حرام ہی ہان
زوجہ کو طلاق دیکر بعد گذرنے ایام عدہ کے اُس سے نکاح کرسکتا ہی اور اگر کوئی زوجہ کی
بہن سے زنا کریگا تو زوجہ اُسپر حرام نہین ہوگی اور زوجہ کی بھانجی یا بھتیجی سے بغیر اجازت
زوجہ کے عقد نہین کرسکتا اگر کریگا تو بعض فقہا نے فرمایا ہی کہ زوجہ کو اختیار ہی چاہے ایسے
عقد کو برقرار رکھے اور چاہے فسخ کردے اور چاہے اپنے عقد کو فسخ کردے بغیر طلاق کے
ہان اگر زوجہ کی پھوپھی یا خالہ سے عقد کرے تو اجازت زوجہ کی درکار نہین اور اگر کوئی شخص
زنا کرے ایسی عورت سے کہ وہ صاحب شوہر ہو یا شوہر کے ایام عدہ مین ہو تو وہ عورت
اس زانی پر حرام موبد ہو جائیگی اور اگر ایام عدہ مین دانستہ عقد کریگا تو بمجرد عقد حرام موبد ہو جائیگی
گو دخول نہ کیا ہو ہان اگر نادانستہ عقد کیا ہوگا تو بعد دخول حرام موبد ہو جائیگی قبل دخول نہین
اور اگر کسی طفل یا مرد سے کوئی لواطہ کرے اگرچہ بقدر سر ذکر اسکی دُبر مین گیا ہو تو مائین اور
بہنین اور بیٹیان اُسکی اِس وطی کرنے والے پر حرام موبد ہو جاتی ہین ہان اگر نکاح انکا قبل
اِس لواطہ کے اس شخص سے ہو چکا ہی تو حرام نہونگی اور جو عورت کہ نو برس سے سن کم رکھتی ہو
اور اُسکا شوہر مقاربت کرے اور اس وجہ سے مخرج بول وحیض یا مخرج حیض و براز اُسکا
پھٹکر ایک ہو جاوے تو وہ بھی اپنے شوہر پر حرام موبد ہو جاتی ہی مگر بعض مجتہدین فرماتے ہین
کہ اگر علاج پذیر ہو کر صحت پاجائے تو حلال ہو جائیگی اور سوا انکے اور صورتین بھی حرام موبد
ہو جانے کی ہین جو کتب مطولہ مین مذکور ہین اس مختصر مین ضروری احکام پر اکتفا کی جنکا اکثر اتفاق پڑتا ہی

باب اٹھارھوان خلاصۂ تجوید یعنی قراءت مین

واضح ہو کہ تجوید کے معنی لغت مین خوب کرنا ہین اور اصطلاح مین یہ معنی ہین۔ ادا کرنا ہر حرف کا
اُسکے اصلی مخرج سے۔ اور اسکا جاننا ہر مرد و عورت پر واجب ہی اسلیے کہ بغیر اسکے جاننے

اور حروف کو مخارج سے نکالنے کے نماز صحیح نہین ہی۔ اور نماز وہ چیز ہی کہ ارکان ایمان مین
اس سے عمدہ کوئی شی نہین ہی اور اسی سے مؤمن و کافر مین تمیز ہوجاتی ہی کہ کافر نماز نہین
پڑھتا حدیث مین وارد ہی کہ بروز حشر اول پرسش نماز کی ہوگی پس جس شخص کی نماز مقبول
ہوئی اُسکے دیگر اعمال بھی قبول ہونگے اور جس شخص کی نماز قبول نہوگی اُسکے اور اعمال بھی
مقبول نہونگے پس صحت نماز کی شرطون مین سے ایک شرط یہ بھی ہی کہ مشتبہۃ الصوت
حروف جنکے بے مخرج سے پڑھنے مین آواز یکسان رہتی ہی اور باہمی فرق معلوم نہین ہوتا
جیسے ۔ہمزہ ۔ع اور ح ۔ہ اور ت ۔ط اور ذ ۔ز ۔ض ۔ظ اور ث ۔س ۔ص اگر
مخرج سے نہ نکالے جائینگے تو آواز مین مشابہ رہینگے اِنکو اُنکے مخرج سے ادا کرے اگر
ایسا نہ کریگا تو گنہگار ہوگا اور نماز اُسکی باطل ہوگی اسلیے کہ تغیر حروف مین معانی لفظون کے
بالکل بدل جاتے ہین مثلاً درود شریف یعنی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ
اسکے معنی یہ ہین کہ ۔خداوندا رحمت نازل کر تو اوپر محمد اور آل محمد کے ۔اور اسکی نماز مین پڑھنے
کی بڑی تاکید ہی کہ اگر کوئی تشہد کے آخر مین درود نہ پڑھیگا تو اُسکی نماز قبول نہوگی ۔پس اگر
کوئی شخص اس لفظ صَلِّ کو کہ صاد سے ہی سین سے سَلِّ پڑھیگا تو اُسکے معنی بدل جائینگے
کیونکہ سین سے سَلِّ کے معنی یہ ہین ۔تلوار کھینچ ۔پس معاذ اللہ یہ دعاے بد ہوجائیگی اور
اسی طرح بہت سے الفاظ ہین جنکے معانی اختلاف حروف مین بدل جاتے ہین ۔لیکن یہ بھی
واضح ہو کہ جسطرح سے قاری لوگ حرفون کو مخرج سے عمدہ لہجہ سے نکالتے ہین یہ کچھ ضرور
نہین ہی بس واجب اسی قدر ہی کہ اِن حرفون کے مخارج جانتا ہو اور اپنی دانست مین اپنے
ارادہ سے جہانتک ممکن ہو اُن حرفون کو اُنکے مخارج سے نکالے تاکہ سُننے والے کو تمیز ہوجاوے
کہ اِس شخص نے صاد پڑھا یا سین ۔باقی اور تمام حروف مثل ۔لام ۔میم ۔نون وغیرہ کے اگرچہ
انکے بھی مخارج ہین مگر انکا مخرج سے نکالنا مستحب ہی واجب نہین ہی ۔اب یہان پر انھین حروف
کی کیفیت بیان کی جاتی ہی جنکا جاننا واجب ہی اور جنکو مخرج سے ادا نہ کرنے مین نماز باطل

ہوجاتی ہی اور وہ کل تیرہ حرف ہین۔ اور ظاہر انکا صاف کرلینا چندان مشکل نہین ہی جو مرد و عورت
دل سے قصد کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ یا دو ہفتہ مین یہ حروف صاف ہوجاینگے
اور نماز اسکی صحیح اور درست ہوجائیگی یہ بھی جاننا چاہیے کہ الف اور ہمزہ کی تحقیق مین چند
قول ہین مگر صحیح یہ ہی کہ یا تو وہ اپنی شکل پر ہو جیسے (ء) اس صورت مین چاہے وہ متحرک ہو
جیسے ھُوَ کا یہ مین اور چاہے وہ ساکن ہو جیسے بِئْسَ مین ہر حال مین وہ ہمزہ ہی اور مخرج
ہمزہ سے نکالا جائیگا۔ اور اگر بصورت الف لکھا ہو تو اسکی دو قسمین ہین اگر الف پر حرکت ہی
یعنی زبر۔ زیر۔ پیش۔ تو وہ بھی حکم ہمزہ مین ہی جیسے اَلْحَمْدُ اور اِیَّاکَ اور اُولٰئِکَ مین
سرے والے تینون الف حکم ہمزہ مین ہین اور مخرج ہمزہ سے نکالے جائینگے اور جو الف
ہوگا وہ ہمیشہ ساکن ہوگا اور اپنے پہلے والے حرف سے ملا کر پڑھا جائیگا جیسے عَالَمِیْن
مین عین کے بعد الف ہی بس اسی جہت سے الف کو شمار نہین کیا اب واضح ہو کہ ان تیرہ
حروف مشتبہۃ الصوت کی چھ قسمین ہین پہلی (ھمزہ۔ ہ) انکا ایک مخرج ہی۔ ابتدائے
حلق جانب سینہ سے نکالو۔ مگر ہمزہ مین آواز پر زور دیکے کھٹکہ کے ساتھ اور ہ مین آواز کو
نرم کرکے آسانی کے ساتھ دوسری (ح۔ ع) انکا ایک مخرج ہی حلق کے بیچ مین سے
نکالو بھری ہوئی آواز کے ساتھ تیسری (ت۔ ط) انکا ایک مخرج ہی۔ زبان کی نوک کو
سامنے والے اوپر کے دونون دانتون کی جڑ مین لگا کے نکالو مگر ط مین زبان کے پیٹ کو
بھی تالو سے چپکا لو اور ت مین نہین چوتھی (ث۔ ذ۔ ظ) انکا ایک مخرج ہی۔ زبان
کی نوک کو سامنے والے اوپر کے دونون دانتون کی نوک سے لگا کے نکالو مگر ظ مین
زبان کے پیٹ کو بھی تالو سے چپکا لو اور ث۔ ذ مین نہین پانچوین (ز۔ س۔ ص)
انکا ایک مخرج ہی۔ زبان کی نوک کو سامنے والے نیچے کے دونون دانتون کی نوک سے
لگا کے نکالو مگر ص مین زبان کے بیٹ کو بھی تالو سے چپکا لو اور ز۔ س مین نہین چھٹی
(ض) زبان کے پہلو کے کنارہ کو نیچے کی داڑھون کی جڑ سے لگا کے نکالو چاہو دہنی جانب

ضم

چاہو بائین جانب جو جسکو سہل معلوم ہو۔ یہ بھی معلوم رہے کہ ان تیرہ حرفون کو مخارج سے
نکالنے مین بھی مشکلات تھین مثل دانتون کے نام اور ص۔ س کی صفیر وغیرہ کے لیکن
انکو ترک کردیا کہ پھر مشکل پڑجاتی اور عوام کو خصوصًا عورتون کو یاد نہو سکتا اور یہ باتین
زائد وغیر ضروری بھی تھین۔ بس نماز کے صحیح ہونے کے واسطے اسی قدر ضروری تھا جو لکھا گیا فقط

التماس بخدمت برادران ایمانی از طرف خاکسار عقیدت شعار اذل الکونین سید تصدق حسین رضوی متخلص بہ عاشق ملازم قدیم مطبع

بعد حمد کردگار و نعت رسول مختار و منقبت حیدر کرار و محامد ائمۂ اطہار علیہم التحیۃ والثنا
کے یہ ردا لخلائق عرض رسا ہے کہ یہ کتاب مستطاب جب سے کہ تالیف ہوئی آج تک
اکثر مطابع مین طبع ہوئی لیکن اسی اختصار کے ساتھ جیسی کہ تالیف ہوئی تھی۔ اور
اس مطبع مین بھی ۱۸۷۹ء تک اسی قدر بکرات و مرات طبع ہوتی رہی۔ لیکن چونکہ
اسمین مسائل اور احکام دین اور اعمال باوجود ضروری ہونے کے بہت کم تھے
اور اکثر حضرات اور احباب بروقت کرنے اعمال یا ملاحظہ کرنے کسی مسئلۂ ضروری
کے پریشان خاطر ہوتے تھے لہذا کمترین نے ۱۸۸۴ء مین جب یہ کتاب شریف
طبع ہونے لگی تو حسب استبداد حضرات شائقین آقائے نامدار مالک مطبع اودھ اخبار
دام اقبالہ سے خواہش احباب کو ظاہر کرکے اسکا اہتمام اضافہ وصحت وغیرہ
اپنے متعلق کیا اور بڑی بڑی کتابون مستند مثل زاد المعاد و سفینۃ النجات و
جامع عباسی و اعمال الصالحین و حدیقۃ المتقین و بیاض مطبوعہ طہران و
صحیفۂ کاملہ وغیرہ وغیرہ سے عمدہ عمدہ اعمال ضروری دوازدہ ماہ اور مسائل
بکار آمد انتخاب کرکے اور فتواے حال علماے خاندان اجتہاد سے مطابق کرکے
کتاب کو زیادہ کیا اور صحت کاپی و پروف مین وہ مشقت کی جس سے حضرات

ناظرین بہت خوش ہوے اور کمترین کی محنت کی داد مل گئی اور آج تک وہ
مطبوعہ ہر دل عزیز ہی۔ اُسکے بعد کمترین کربلاے معلیٰ گیا اور تین برس کامل
وہان رہا اور خدمت بابرکت نائب امام حجۃ الاسلام مستجمع شرائف ملکیہ فقیہہ
عدیم النظیر فی البریہ جناب شیخ زین العابدین المازندرانی الحائری اعلے اللہ مقامہ
فی اعلیٰ علیین مین اکثر حاضر رہا اور شرف استفادہ سے مشرف ہوا کیا۔ اس عرصہ
مین بار دوم یہ کتاب کمترین کی غیبت مین بھی طبع ہوئی مگر اُسی قدر جسقدر اضافہ
ہو چکی تھی۔ اب کہ یہ دعاگو حسب اقتضاے آب و خواب یہان پھر واپس آیا اور
آقاے نامدار ممدوح نے مجکو میرے عہدہ پر سرفراز فرمایا تو پھر احباب نے اصرار کیا
کہ اب جو مطبع مین تحفۃ العوام طبع ہو تو کچھ ضروری اضافہ جو رہگیا ہی وہ بھی کردینا
خصوصًا دعاے جوشن کبیر اور جوشن صغیر ضرور درج ہو اور نیز دیگر اعمال ضروری
مین بھی خیال رہے کہ جن جن دعاؤن کا حوالہ صحیفۂ کاملہ وغیرہ سے دیا ہی وہ سب
اسی مین داخل ہون تاکہ بروقت اعمال دوسری کتابون کی طرف رجوع کرنے کی
حاجت باقی نہ رہے اور نیز مسائل مین بھی فلان فلان مقام پر اضافہ ہو کہ پھر
ضروری اور روزمرہ کے کارآمد مسائل مین یہ کتاب جامع ہو جائے۔ اور کتابت
مین بھی کسی قدر وضاحت کر دی جائے کہ شب کے پڑھنے مین چندان دقّت نہ رہے
کمترین نے عذر کیا کہ پھر اس صورت مین کتاب کا حجم زیادہ ہو جائیگا اور قیمت
بڑھجائیگی۔ مگر ان حضرات نے نہ مانا اور بڑے اصرار سے اپنے شوق کو ظاہر فرمایا۔
تا اینکہ اس مرتبہ کے طبع مین پھر کمترین نے بحضور آقاے نامدار کوشش کی اور بعد
حصول اجازت بڑی محنت و مشقت سے ازسرنو اصل کی نظر ثانی کی اور ہر ہر مقام مناسب
پر بہت کچھ اضافہ کیا اور ایسی ایسی چیزین عمدہ اور ضروری زیادہ کین کہ یقین ہی
حضرات ناظرین نہایت خوش ہونگے اور مالک مطبع کے حق مین دعاے خیر فرمائینگے

تفصیل کُل چیزون کی فہرست مطالب نفس کتاب ملحقۂ عنوان سے واضح ہوگی کہ کن کن
عمدہ فوائد کا اسمین انتخاب مندرج ہی عرض ضروری اکثر ناواقف حضرات سے
سُنا گیا کہ منشی صاحب کے مطبع مین بوجہ اہتمام اہل سنت وجماعت کے مذہب شیعہ
کی کتابون مین تصرف ہوجاتا ہی اور مخصوص باتین نکال ڈالی جاتی ہین- پس واللہ
باللہ وکفیٰ باللہ شہیدا کہ یہ سب غلط محض ہی- مالک مطبع کا مذہب فریقین سے الگ ہی
وہ ہر فریق کو برابر خیال فرماتے ہین- مذہب شیعہ کی کتاب کی صحت بلکہ کتابت بھی
حضرات شیعہ سے متعلق کیجاتی ہی- ہان الفاظ ناملائم کا نکال ڈالنا جنکے رکھنے مین
مواخذۂ سرکاری ہوتا ہو محل طعن نہین ہوسکتا اور نہ اس سے نفس مطلب کتاب
کا فوت ہوتا ہی- اور وہ کون ایسا مطبع ہی جو ان امور متذکرہ کا پابند نہین ہی
اب واضح ہو کہ من اولہ الی آخرہ اس کمترین نے بلاشرکت غیرے مثل طریقۂ
صحت قرآنی اس کتاب مستطاب کی کاپی وپروف کی صحت کی ہی- اگر بنظر انصاف
ملاحظہ ہو تو دریا کوزہ مین بند ہوا ہی یعنے اسقدر زیادتی احکام واعمال پر کچھ بھی
حجم نہین ہی اور انشاء اللہ تعالےٰ سب حضرات بعد ملاحظۂ کتاب نہایت مسرور ہونگے
کہ اس مختصر مین کن کن مطول کتابون کا خلاصہ کس عمدگی صحت کے ساتھ درج ہی
اب یہ رذل الخلائق حضرات ناظرین سے دست بستہ ملتجی ہی کہ اوقات مخصوصہ مین اس
گنہگار کو بھی دعاے خیر عاقبت سے محروم نفرمائین اور اگر کہین لغزش ملاحظہ ہو
تو سہو بشری پر محمول فرماکے خطاپوشی کو کام مین لائین لان العذر عند کرام الناس
مقبول والعفو من اخیارہم مامول- یہ بھی واضح ہو کہ اس کمترین نے حق تالیف اس کتاب
کا مطبع نولکشور کو بخوشی خاطر اپنی ہبہ کر دیا- پس الحمد للہ کہ یہ کتاب نایاب جامع مسائل فقہ
امامیہ ہادی الانام اسم بامسمی تحفۃ العوام مطبع فیض مجمع مشہور نزدیک ودور منشی نولکشور
واقع لکھنؤ مین بعالی ہمتی جناب منشی پراگ نرائن صاحب دام اقبالہ مالک مطبع موصوف

بماہ اکتوبر ۱۸۹۷ء مطابق ماہ جمادی الاولیٰ ۱۳۱۵ھ ہجری بار چہارم بخط واضح طبع
ہو کر حمائل گلوے مشتاقان ہوئی حق سبحانہ تعالےٰ اسے مقبول عالم فرماوے بمنہ وکرمہ

قطعۂ تاریخ طبع از ہیچمدان سید تصدق حسین رضوی مصحح

جسدم یہ چھپا نسخۂ نایاب زمانہ — سب کرنے لگے شکر خدائے ازلی کا
عاشق نے سر جوش سے لکھی تاریخ — مجموعۂ احکام شریعت ہے نبی کا
۱۳۱۵ھ

ولہ

برائے نذر خاص و عام شیعہ — شدہ مطبوع این باب شریعت
چو کردہ فکر سال طبع عاشق — ندا زد ہاتف غیبی بہ عجلت
بگو سال مسیحی بے کم و کاست — زبان فیض و دستاویز جنت
۱۸۹۷ء

اعلان